★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | ہفتہ 11 صفر المظفر 1445ھ 17 اگست 2024ء 2 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 307

فرمان الٰہی **اللہ ایک ہے** تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

غیر ملکی حکومتیں اندرونی معاملات میں مداخلت سے باز رہیں، پاکستان

ایران کو اپنا دفاع کرنے کا بھرپور حق حاصل ہے، اسرائیل کا اس طرح کی کارروائیوں پر احتساب کرنا چاہیے، پاکستان غزہ میں جاری اسرائیلی مظالم کی مذمت کرتا ہے، اسرائیل کو غزہ میں نسل کشی پر جوابدہ بنایا جانا چاہیے

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا سلسلہ جاری ہے، پاکستان مقبوضہ وادی میں 4 کشمیریوں کی شہادت کے واقعہ کی مذمت کرتا ہے، اقوام متحدہ کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہیے، ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ غیر ملکی حکومتیں پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت سے باز رہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے ہفتہ وار بریفنگ میں کہا کہ آصف مرچنٹ کے حوالے سے امریکی حکومت کی جانب سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی، آصف مرچنٹ کے معاملے پر پاکستان امریکہ کی جانب سے معلومات فراہم کرنے کا منتظر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

راولپنڈی، آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے اعزاز میں منعقدہ تقریب کے دوران ارشد ندیم اور ان کے اہلخانہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب حکومت کا کائٹ فلائنگ آرڈیننس 2001 میں ترمیم کا فیصلہ

کائٹ فلائنگ، کائٹ مینوفیکچرز کا جرم نا قابل ضمانت جرم، قید اور جرمانے کی سزائیں بڑھائی جائیں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پتنگ بازی کی حوصلہ شکنی کے لئے کائٹ فلائنگ آرڈیننس 2001 میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا۔ کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی نے ترمیم کی منظوری دیدی، کائٹ فلائنگ، کائٹ مینوفیکچرز کا جرم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

خواتین کو ہراساں کرنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں، وزیر اطلاعات

تحریک انصاف خواتین کیلئے تحریک نا انصاف بن چکی ہے، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خواتین کو ہراساں کرنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں، تحریک انصاف خواتین کیلئے تحریک نا انصاف بن چکی ہے، قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں خاتون کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

فوج میں خود احتسابی کا عمل خوش آئند ہے، عظمیٰ بخاری

فوجی تنصیبات پر حملے کرنے و کروانے والے ایک ہی گینگ کے پارٹنر، آہستہ آہستہ ایکسپوز ہو رہے ہیں

باقی بھی جن جگہوں پر 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ کے سہولت کار ہیں ان اداروں کو خود احتسابی کا عمل شروع کرنا پڑے گا، وزیر اطلاعات

لاہور (خبرنگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 9 مئی کرنے والوں اور کرانے والوں کا گینگ آہستہ آہستہ ایکسپوز ہو رہا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ فوجی تنصیبات پر حملے کرنے والے اور کروانے والے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

نواز شریف کا 500 یونٹ تک بجلی صارفین کیلئے 14 روپے فی یونٹ ریلیف کا اعلان

غریب عوام کے 1600 کے بل کو 18 ہزار تک پہنچانے والے نا قابل معافی ہیں، مجھے اس لئے نکالا غریبوں کا بل 1600 روپے کیوں آتا تھا

اس لئے نکالا 104 والے ڈالر کر 250 روپے پر پہنچا دیا جائے، کیا ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں جنہوں نے ملک کو اس حالت تک پہنچایا

انہوں نے بہت بڑا جرم کیا، ملک کے ساتھ زیادتی کی ہے، مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں یہ عمران خان کے زمانے سے سارا کام شروع ہوا

عمران خان کس طرح اقتدار میں آئے، جو پاکستان کی تباہی و بربادی کا سامان کر کے چلے گئے عوام سے درخواست کرتا ہوں ان کے دھوکے میں نہ آئیں

ہم نے تو آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہہ دیا تھا، آئی ایم ایف کو لانے والے وہ ہیں جو آج بڑھ چڑھ کر جیل میں بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں، صدرن لیگ کی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہمراہ پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے پنجاب حکومت کی جانب سے 1 سے 500 یونٹس استعمال کرنے والے صارفین کے لئے اگست اور ستمبر کے بجلی کے بلوں میں فی یونٹ 14 روپے کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ غریب عوام کے 1600 کے بل کو 18 ہزار تک پہنچانے والے نا قابل معافی ہیں، میرا سوال ہے مجھے اس لئے نکالا کہ غریبوں کا بل 1600 روپے کیوں آتا تھا، اس لئے نکالا کہ 104 والے ڈالر کر 250 روپے پر پہنچا دیا جائے، کیا ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں جنہوں نے ملک کو اس حالت تک پہنچایا، انہوں نے بہت بڑا جرم کیا ہے، ملک کے ساتھ زیادتی کی ہے، مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں یہ عمران خان کے زمانے سے سارا کام شروع ہوا، مجھے کوئی جواب دے گا کہ مجھے کیوں نکالا گیا، کیوں ہمارے خلاف سازش بنی گئی، کون تھے وہ چہرے، عمران خان کس طرح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

لاہور، صدرن لیگ میاں نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ہمراہ بجلی بلوں میں ریلیف دینے کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کو جماعت کے اندر دھڑے بندی کا سامنا

حماد اظہر نے پارٹی میں 3 دھڑوں، 2 گروپوں کی نشاندہی کردی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کو جماعت کے اندر دھڑے بندی کا سامنا ہے، پنجاب کی صدارت سے مستعفی ہونے والے سینئر رہنما حماد اظہر نے پارٹی میں 3 دھڑوں اور 2 گروپوں کی نشاندہی کردی۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ 8 فروری کے بعد ایک گروپ خیبر پختونخواہ حکومت میں آ گیا، دوسرا گروپ ایوان میں پہنچ گیا، تیسرا گروپ ابھی تک معتوب ہے، 3 دھڑوں کے علاوہ بھی پارٹی میں 2 گروپ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پاکستان میں ایم پاکس سے نمٹنے کیلئے اقدامات تسلی بخش ہیں، ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ

مردان میں ایم پاکس کے مشتبہ کیس کا رزلٹ پازیٹو ہے، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے بارڈر ہیلتھ سروسز کو تمام انٹری پوائنٹس پر سخت نگرانی کی ہدایت بھی کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں ایم پاکس سے نمٹنے کیلئے اقدامات تسلی بخش ہیں، خیبر پختونخوا کے ضلع مردان میں ایم پاکس کا مشتبہ کیس کا رزلٹ پازیٹو آیا ہے، متاثرہ شخص کی کانٹیکٹ ٹریسنگ شروع کر دی گئی ہے اور مزید لوگوں کے نمونے حاصل کیے جارہے ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

سردار ایاز صادق سے گورنر پنجاب کی ملاقات

پارلیمانی امور سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے سپیکر ہاؤس میں ملاقات کی۔ جمعہ کو قومی اسمبلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

اولمپیئن ارشد ندیم کی تاریخی کامیابی کے اعزاز میں جی ایچ کیو میں تقریب

چیف آف آرمی اسٹاف نے ارشد ندیم کی پاکستان کے پہلے سنگلز ایونٹ میں گولڈ میڈل جیتنے اور نیا اولمپک ریکارڈ بنانے کی شاندار کامیابی کو سراہا، ارشد ندیم کی کامیابی کو قومی فخر کے طور پر تسلیم کیا

شاندار تقریب میں اسپورٹس ٹیموں اور مشہور اولمپیئنز نے شرکت کی، جن میں 1984 کی اولمپک اور قومی ہاکی ٹیمیں، قومی کرکٹ ٹیم، اسٹریٹ فٹ بال ٹیم، آرمی پولو ٹیم کی شرکت

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے اولمپئن ارشد ندیم کی تاریخی کامیابی کے اعزاز میں آرمی آڈیٹوریم جی ایچ کیو میں ایک تقریب کی میزبانی کی۔ اس شاندار تقریب میں اسپورٹس ٹیموں اور مشہور اولمپیئنز نے شرکت کی، جن میں 1984 کی اولمپک اور قومی ہاکی ٹیمیں، قومی کرکٹ ٹیم،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4



راولپنڈی، پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے اعزاز میں منعقدہ تقریب کے دوران آرمی چیف اور ارشد ندیم قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

سابق آئی جی جیل خانہ جات پنجاب شاہد سلیم بیگ گرفتار

شاہد سلیم بیگ کو ان کی سرکاری رہائش آئی جی ہاؤس سے گرفتار کیا گیا، اڈیالہ جیل کے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ظفر سے بھی تحقیقات شروع کردی گئیں

ڈی آئی جی جیل راولپنڈی کے دفتر سے ایک اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ناظم علی شاہ سے بھی پوچھ گچھ کا آغاز، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد اکرم کے اردلی کو بھی حراست میں لے لیا گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) حساس اداروں نے پنجاب کے سابق آئی جی جیل خانہ جات شاہد سلیم بیگ کو گرفتار کرلیا۔ باوثوق ذرائع کے مطابق سابق آئی جی جیل شاہد سلیم بیگ کو حساس اداروں سے قریبی رابطوں کی بنا پر حراست میں لیا گیا ہے، شاہد سلیم بیگ پانچ سال آئی جی جیل خانہ جات پنجاب رہے، سابق آئی جی جیل شاہد سلیم بیگ بانی پی ٹی آئی کے جیل جانے سے پہلے ریٹائر ہوچکے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

میو ہسپتال میں لاکھوں روپے کی بجلی وائر چوری کرنے والے ملازمین گرفتار

انتظامیہ نے مقدمہ درج کروانے کی بجائے یونین کے دباو پر پولیس سے ساز باز ہو کر ملزمان کو رہائی دلوائی، تار کی مالیت مبینہ طور پر ایک کروڑ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے ذرائع

انتہائی مہنگی الیکٹرک وائر زشعبہ امراض چشم، شعبہ حادثات، بچہ میڈیکل و بچہ سرجیکل اور ٹی بی وارڈ سے چرائی گئی ذرائع

میو ہسپتال کے سی او او پروفیسر مسعود نے واقعہ کا علم ہونے پرفوری طور پر انکوائری کمیٹی قائم کر دی

انچارج سکیورٹی ڈاکٹر ہشام اور لاء آفیسر بلال اس معاملے کو ہسپتال کی طرف سے دیکھ رہے ہیں۔ پروفیسر فیصل مسعو

یونین لیڈرز کے پریشر کے باوجود ہاسپٹل انتظامیہ پوری ایمانداری و ذمہ داری سے معاملے کی تہ تک پہنچے گی ۔ پروفیسر فیصل مسعود

لاہور (خبرنگار) میو ہسپتال میں لاکھوں روپے کی بجلی وائر چوری کرنے والے دو ملازمین رنگے ہاتھوں دھر لئے گئے جبکہ ہسپتال انتظامیہ نے چوری میں ملوث ملازمین پر مقدمہ درج کروانے کی بجائے مبینہ طور پر پولیس سے ساز باز کر کے ملزمان کو بچالیا جبکہ مبینہ طور پر ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے ملزمان سے چند لاکھ روپے ڈونیشن کے نام پر بھی وصول کئے جبکہ چوری شدہ تار کی مالیت 1 کروڑ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے دوسری جانب سی ای او میو ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فیصل مسعود نے صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے واقع کی فوری طور پر انکوائری کمیٹی قائم کردی ہے ذرائع کے مطابق 13 اگست کو میو ہسپتال میں لاکھوں روپے مالیت کی الیکٹرک وائر چوری کا واقع پیش آیا جو کہ یہ انتہائی مہنگی الیکٹرک وائر شعبہ امراض چشم، شعبہ حادثات، بچہ میڈیکل و بچہ سرجیکل اور ٹی بی وارڈ سے چوری کی گئی تھی جس پر دوا الیکٹریشن ملازمین عثمان اور شہروز کو اے ایم ایس ورکس ڈاکٹر نعمان کی جانب سے مبینہ طور پر لاکھوں روپے کی تار چوری کے کیس میں میو ہسپتال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5



بلوچستان، کانگو وائرس ایک اور جان لے گیا، مرنے والوں کی تعداد 5 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کانگو وائرس میں مبتلا ایک مریض دم توڑ گیا جبکہ رواں سال اب تک صوبے میں 5 افراد کانگو وائرس کے باعث جاں بحق ہوچکے ہیں۔ میڈیا کے مطابق رواں سال بلوچستان بھر میں کانگو وائرس کے رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد 21 ہے، ہسپتال ذرائع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم سے آغا خان فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر سلطان علی الانہ کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے آغا خان فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر سلطان علی الانہ نے یہاں ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے پاکستان میں عوامی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے آغا خان فاؤنڈیشن کے کردار کو سراہا۔ جمعہ کو وزیر اعظم میڈیا آفس سے جاری بیان کے مطابق سلطان علی الانہ نے ملک میں معاشی استحکام لانے پر وزیر اعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔ سلطان علی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

مونس الٰہی کیخلاف منی لانڈرنگ کے مقدمہ میں اہم پیشرفت

ایف آئی اے نے تفتیش مکمل کرنے کیلئے ایل ڈی اے سے ریکارڈ طلب کرلیا

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے صاحبزادے چودھری مونس الٰہی کے خلاف کروڑوں روپے کی منی لانڈرنگ کے مقدمہ میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، ایف آئی اے نے تفتیش مکمل کرنے کیلئے ایل ڈی اے سے ریکارڈ طلب کرلیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق مونس الٰہی کی اب تک 4 جائیدادیں منظر عام پر آچکی ہیں، مونس الٰہی کے گلبرگ ٹو میں 4 اور 2 کنال سے زائد اراضی کے 2 پلاٹ منظر عام پر آچکے ہیں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

ایم پاکس کے مزید 2 کیسز خیبر پختونخوا سے رپورٹ، مریضوں کی تعداد 3 ہوگئی

متحدہ عرب امارات سے آنے والے مریضوں میں وائرل انفیکشن کی تشخیص ہوئی ہے، صوبائی محکمہ

پشاور (این این آئی) صوبائی محکمہ صحت نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایم پاکس کے مزید 2 کیسز سامنے آ گئے ہیں، جس کے بعد ملک بھر میں اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 3 ہوگئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک دن پہلے پاکستان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

آئندہ 24 گھنٹوں میں پنجاب کے دریاؤں میں سیلابی صورتحال کا خدشہ ہے، ترجمان پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) ترجمان پی ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں پنجاب کے دریاؤں میں سیلابی صورتحال کا خدشہ ہے، دریائے چناب میں مرالہ خانکی اور قادر آباد میں اونچے درجے کا سیلاب متوقع ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے چناب میں سیلابی پانی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے منصوبہ پر کام تیزی سے جاری

تین سو ورکرز ہسپتال کی تعمیر کا کام دن رات کی شفٹوں میں کررہے ہیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ڈی ایچ کیو ہسپتال سے ملحقہ 97 کینال اراضی پر 19 ارب روپے کی لاگت سے گورنمنٹ نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے منصوبہ پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق گورنمنٹ نواز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

عامر عنایت قائمہ کمیٹی لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کے چیئرمین منتخب

اسمبلی سیکرٹریٹ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائمہ کمیٹی برائے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کے چیئرمین کا انتخاب عمل میں آ گیا، ممبر صوبائی اسمبلی محمد عامر عنایت شاہانی کو قائمہ کمیٹی برائے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کا چیئرمین منتخب کرلیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

وزیر اعظم پیکج کے تحت یوٹیلیٹی اسٹورز پر بنیادی اشیا کی قیمتوں میں کمی کی راہ ہموار ہوگئی

وزیر اعظم پیکج کے تحت آٹے پر 85 روپے فی کلو سبسڈی فراہم کی جائے گی، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم پیکج کے تحت یوٹیلیٹی اسٹورز پر بنیادی اشیا کی قیمتوں میں کمی کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ میڈیا نے اقتصادی رابطہ کمیٹی میں پیش کی گئی وزیر اعظم پیکج کی تفصیلات حاصل کرلیں جس کے تحت ماہانہ فی گھرانہ سبسڈی 916

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

سپریم کورٹ میں بشریٰ بی بی، نجم الثاقب مبینہ آڈیو لیک کیس سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بشریٰ بی بی اور نجم الثاقب مبینہ آڈیو لیک کیس سماعت کے لیے مقرر کردیا۔ عدالتِ عظمیٰ کے جسٹس امین الدین خان اور جسٹس نعیم افغان 19 اگست کو سماعت کریں گے۔ وفاقی حکومت نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور سابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ڈائریکٹر آغا خان فاؤنڈیشن سلطان علی ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری فاسٹ ٹریک بنیادوں پر کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار کی سربراہی میں 9 رکنی اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی جسے ہفتہ وار بنیادوں پر پیش رفت رپورٹ دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

بینک آف پنجاب سے ساڑھے 8 ارب فراڈ کیس میں نیب کے گواہان طلب

نیب نے ملزمان کے خلاف 2008ء میں بینک فراڈ ریفرنس دائر کیا تھا

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے بینک آف پنجاب سے خلاف ضابطہ ساڑھے آٹھ ارب قرض حاصل کرنے کے کیس میں سابق صدر بینک آف پنجاب ہمیش خان اور شیخ افضل سمیت دیگر کے خلاف ریفرنس کی سماعت 26 اگست تک ملتوی کرتے ہوئے نیب کے گواہان کو شہادت کیلئے طلب کرلیا۔ احتساب عدالت کے جج زبیر شہزاد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا جاری پروجیکٹس پر اپنے تحفظات کا اظہار

بریفنگ میں تو بہت اچھے پروجیکٹ بتائے گئے ہیں، یونیورسٹی کے پاس پروفیسرز کو دینے کے پیسے نہیں، اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم نے اجلاس میں جاری پروجیکٹس پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بریفنگ میں تو بہت اچھے پروجیکٹ بتائے گئے ہیں، لیکن یونیورسٹی کے پاس پروفیسرز کو دینے کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

شیری رحمان کا پاکستان میں ایم پاکس کیسز کی تشخیص پر تشویش کا اظہار

شہریوں سے بنیادی احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے پاکستان میں ایم پاکس کیسز کی تشخیص پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شہریوں سے بنیادی احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ خیبر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

ترجمان پی ٹی آئی رؤف حسن کے غیر ملکیوں سے روابط کے ثبوت سامنے آگئے

رؤف حسن اور بین الاقوامی جریدے انٹرسیپٹ کے صحافی رائن گرم واٹس ایپ کے ذریعہ رابطوں میں تھے

رائن گرم نے 8 جون کو رؤف حسن سے بانی پی ٹی آئی کے 15 مئی کو لکھے مواد کی تصدیق چاہی، پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف آرٹیکلز اسی مدت میں لکھے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی میڈیا ڈویژن پر چھاپے کے دوران ترجمان تحریک انصاف رؤف حسن کے غیر ملکی شخصیات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

اسحاق ڈار نے فیض حمید کی گرفتاری ”معجزہ“ قرار دے دی

پہلی مرتبہ اس طرح چیزیں ہوئی ہیں، یہ 2011 کا پراجیکٹ تھا جس کا اختتام ہوا، 2014 کا دھرنا بھی ناکام ہوا اور معیشت بھی خراب ہوئی

فیض حمید نے مجھ سے بھی معافی مانگی تھی، میں بھی جنرل فیض کے متاثرین میں شامل ہوں، دھرنوں، گندی سیاست کے نتیجے میں دنیا کی 24 ویں معیشت 47 نمبر پر آ گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے فیض حمید کی گرفتاری ”معجزہ“ قرار دے دی۔ اسلام آباد میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

اسلام آباد، کوارڈینیٹر وزیر اعظم مختار احمد بھرتھ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف کوارڈی نیٹر تاجر دوست اسکیم کی ممبر پالیسی پی آر اے سے ملاقات

جاوید اقبال نے نعیم میر کو اتھارٹی کے سروسز پریکٹسز کے حوالے سے بریف کیا

لاہور (این این آئی) چیف کوارڈی نیٹر تاجر دوست اسکیم نعیم میر نے پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ہیڈ آفس کا دورہ کرکے ممبر پالیسی جاوید اقبال سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

سوشل ویلفیئر، ہیلتھ سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 3 ارب سے زائد فنڈز کی منظوری

وزیر اعلیٰ ہمت کارڈ پروگرام برائے معذور افراد کیلئے 2 ارب 65 کروڑ روپے منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024-25 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اٹھارہویں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

صوبہ بھر کے سرکاری سکولز میں (آج) چھٹی ہوگی

آئندہ ہفتے اساتذہ 3 گھنٹوں کیلئے سکول آئینگے، لیسن پلان، تعلیمی سرگرمیوں کی پلاننگ کرینگے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر کے سرکاری سکولز میں آج (ہفتہ) چھٹی ہوگی، اساتذہ و طلبا دونوں ہفتہ کے روز چھٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

لاہور، وزیر سوشل ویلفیئر پنجاب سہیل شوکت بٹ سے لندن کے ڈپٹی میئر چانسلر محمد شکیل اکرم ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

نواز شریف نے عوام کو ایک بار پھر گمراہ کرنے کی کوشش کی، حماد اظہر

جس طرح ڈالر کو 105 پر رکھا اسکی وجہ سے 2017ء میں معاشی بحران آیا، رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ نواز شریف نے عوام کو ایک بار پھر گمراہ کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے نواز شریف کی پریس کانفرنس پر رد عمل دیتے ہوئے کہا کہ معیشت اور سیاست کے بارے میں نواز شریف نے جو نکات اٹھائے اس کا جواب دینا چاہتا ہوں۔ نواز شریف نے کہا کہ ڈالر ان کے دور میں 105 کا تھا لیکن انہوں نے جس طرح ڈالر کو ایک سو پانچ پر رکھا اس کی وجہ سے 2017ء میں معاشی بحران آیا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے پیدا کردہ معاشی بحران کو بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنی حکومت میں سنبھالا۔ حماد اظہر نے کہا کہ بجلی کی قیمت بڑھنے کی وجہ وہ مہنگے معاہدے ہیں جو نواز شریف کے دور میں کیے گئے۔ حماد اظہر نے کہا کہ نواز شریف نے ڈیل کر کے اپنے بھائی اور بیٹی کیلئے حکومت لی ہے۔ آپ نے اپنے اقتدار کے لئے عوام کو اس صورتحال سے دوچار کیا۔

اے این ایف کی منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

مختلف کارروائیوں میں 38 کلو منشیات برآمد کر کے 8 ملزمان گرفتار کر لیے گئے، ترجمان

لاہور (کرائم رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، 8 کارروائیوں میں 38 کلو منشیات برآمد کر کے 8 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق پشاور ایئرپورٹ پر دوحہ جانے والے دو مسافروں سے 5.2 کلو آئس برآمد، لاہور ایئرپورٹ پر کارگو آفس سے برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل سے 990 گرام ہیروئن برآمد، لاہور ایئرپورٹ پر ملائیشیا جانے والے مسافر سے 65 عدد ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد، اسلام آباد ایئرپورٹ پر سعودیہ جانے والے مسافر سے 680 گرام ہیروئن برآمد، آر سی ڈی روڈ حب کے قریب ملزم سے 30 کلو آئس برآمد، شیر شاہ ٹول پلازہ ملتان کے قریب ملزم سے 4.2 کلو چرس برآمد، کاک پل اسلام آباد کے قریب ملزم سے 400 گرام چرس برآمد، ایم ون اسلام آباد کے قریب ملزم سے 390 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

ایک شخص کوڑے میں سے کار آمد اشیاء تلاش کر رہا ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر ہر جمعہ کے روز کھلی کچہری کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی کے زیر صدارت ڈی سی دفتر میں کھلی کچہری منعقد ہوئی

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر ہر جمعہ کے روز کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی کے زیر صدارت ڈی سی دفتر میں کھلی کچہری منعقد ہوئی، شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ کھلی کچہری کا انعقاد حکومتی پالیسی کا حصہ ہے اور سائلین کی بروقت دادرسی تمام سرکاری محکموں کے افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تفصیلات کے مطابق کھلی کچہری میں مجموعی طور پر 17 درخواستیں موصول ہوئی جن میں 01 ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، 01 ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) 01، 02 اسسٹنٹ کمشنر صدر، 04 اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد، 04 سی او ایم سی، 01 ضلع کونسل، 01 سول ڈیفنس آفیسر، 01 ایلیسین ہائی وے، 01 ایم ڈی واسا کے متعلق درخواستیں موصول ہوئی جن کو ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی نے فوری طور پر شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) مظاہر اشن وٹو، اسسٹنٹ کمشنر ز (سٹی عبدالباسط صدیقی، صدر عثمان سکندر)، سیکرٹری آر ٹی اے غلام مصطفیٰ انصاری، محکمہ ہیلتھ، محکمہ ایجوکیشن، واسا، ریونیو، میٹروپولیٹن کارپوریشن، گیپکو، سوئی گیس، پی ٹی سی ایل، انوائرمنٹ، جنگلات، پی ایچ اے، سول ڈیفنس، کالجز، سکول ایجوکیشن، ہائی ویز اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندے شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی نے کھلی کچہری میں آنے والے سائلین کی شکایات سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندوں کو احکامات جاری کیے۔

Prof. Dr. Khalid Mahmood

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود کالج آف ارتھ اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا رہے ہیں

پنجاب یونیورسٹی کالج آف ارتھ اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز میں شجرکاری مہم کا آغاز

اساتذہ اپنے اردگرد درخت لگائیں اور بہتر مستقبل کے لیے ان کی دیکھ بھال کریں، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود وی سی

سموگ اور آلودگی پر قابو پانے کے لیے قدرتی ماحول کا تحفظ ہمارا فرض ہے، پروفیسر ڈاکٹر ساجد رشید

لاہور (خبر نگار) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کالج آف ارتھ اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا۔ اس سلسلے میں روٹری کلب کے تعاون سے کالج آف ارتھ اینڈ انوائرنمنٹل سائنسز کے لان میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں کالج پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ساجد رشید احمد، فیکلٹی ممبران اور ملازمین نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنے اردگرد درخت لگائیں اور بہتر مستقبل کے لیے ان کی دیکھ بھال کریں۔ پروفیسر ڈاکٹر ساجد رشید نے کہا کہ سموگ اور آلودگی پر قابو پانے کے لیے قدرتی ماحول کا تحفظ ہمارا فرض ہے۔

پنجاب یونیورسٹی: ایل ایل بی کی رول نمبر سلپس جاری کر دی

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی شعبہ امتحانات نے 22 اگست 2024ء سے شروع ہونے والے ایل ایل بی (تین سالہ پروگرام) پارٹ ٹو اور تھری اور ایل ایل بی (پانچ سالہ پروگرام) پارٹ ون، ٹو، تھری، فور اور ففتھ سالانہ 2024 کے امتحانات کی رول نمبر سلپس جاری کر دی ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی کے آن کیمپس امیدوار آفیشل ویب سائٹ www.pu.edu.pk سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ باقی امیدوار اپنے متعلقہ کالجز سے رول نمبر سلپ حاصل کر سکتے ہیں۔

کم عمر ڈرائیورز اور بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر ایک بار پھر کریک ڈاؤن کا حکم

لاہور (کرائم رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر لاہور عمارہ اطہر نے کم عمر ڈرائیورز اور بغیر لائسنس گاڑی موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف ایک بار پھر سخت کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ بغیر لائسنس گاڑی، موٹر سائیکل چلانے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، کم عمر بچوں کو گاڑی، موٹر سائیکل دینے والے بھی کسی معافی مستحق نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال 45 ہزار سے زائد کم عمر ڈرائیورز کیخلاف کارروائی کی گئی، رواں سال بغیر لائسنس 02 لاکھ 98 ہزار سے زائد ڈرائیورز کو بھاری جرمانے کئے گئے، والدین اپنے کم عمر بچوں کے مستقبل کے خود ذمہ دار ہیں، کریمنل ریکارڈ بننے سے سرکاری نوکری اور ویزہ حصول میں مشکلات آسکتی ہیں، والدین اپنی ذمہ داری نبھائیں اور اپنے کم عمر بچوں کو ڈرائیونگ کی اجازت ہرگز مت دیں۔ سی ٹی او لاہور نے ون ویلرز، ہلڑبازوں اور بغیر سائلنسر موٹر سائیکلسٹ کو بھی آڑے ہاتھوں لینے اور کم عمر ڈرائیورز کی موٹر سائیکل، گاڑی کو تھانے میں بند کرنے کا حکم دیا ہے۔

محکمہ پولیس میں تفتیشی معیار کو بہتر بنانے کیلئے کنٹریکٹ پر بھرتیوں کا فیصلہ

آئی جی پنجاب کا تمام افسران کو 22 اگست تک شارٹ لسٹ افسران کی فہرستیں بھجوانے کا حکم

لاہور (کرائم رپورٹر) محکمہ پولیس میں تفتیشی معیار کو بہتر بنانے کے لئے 1953 اے ایس آئی سے انسپکٹر رینک کے افسران کی کنٹریکٹ پر بھرتیاں کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق 5 سال میں ریٹائرڈ قابل تفتیشی افسران کو کنٹریکٹ پر بھرتی کرنے کے معاملے میں اہم پیشرفت ہوئی، 1953 اے ایس آئی سے انسپکٹر رینک کے افسران کی کنٹریکٹ پر بھرتیاں ہوں گی، لاہور سے 575 اے ایس آئی سے انسپکٹر رینک کے افسران کی بھرتیاں کی جائیں گی۔ جاری مراسلہ میں کہا گیا کہ ریٹائرڈ افسران زیر تربیت افسران کو تفتیش کا معیار بہتر بنانے کے لئے کردار ادا کریں گے، کنٹریکٹ پر بھرتی افسران کو ٹریننگ سنٹرز و پولیس لائنز میں تعینات کیا جائے، ریجنل سربراہان ریٹائرڈ افسران کے انٹرویو کر کے نام شارٹ لسٹ کریں۔ شارٹ لسٹ ہونے والے افسران کا کوائف و ریکارڈ کے لئے پروفارمہ بھی بھجوا دیا گیا، ریٹائرڈ افسران کی رینک وائز و کیٹگریز وائز فہرستیں بھی ریجنز کو بھجوا دی گئیں، 5 سال میں 339 اے ایس آئیز، 1016 سب انسپکٹر اور 598 انسپکٹرز ریٹائرڈ ہوئے۔ مراسلہ میں مزید کہا گیا کہ ریٹائرڈ افسران میں 315 اے پلس 709 اے اور 929 بی کیٹگری میں فعال کرتے ہیں، آئی جی پنجاب نے تمام افسران کو 22 اگست تک شارٹ لسٹ کئے افسران کی فہرستیں بھجوانے کا حکم دے دیا۔

ڈپٹی کمشنر لاہور صبح سویرے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی، ستھرائی کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا صبح سویرے فیلڈ کا دورہ

بابا گراؤنڈ، داتا دربار، بادامی باغ لاری اڈا، اور راوی ٹاؤن میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے شادمان مارکیٹ، سیکرٹریٹ، بابا گراؤنڈ، داتا دربار، بادامی باغ لاری اڈا، اور راوی ٹاؤن میں صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور نے بتی چوک، راوی پل، شاہدرہ، سرکلر روڈ، ریلوے اسٹیشن، اور گڑھی شاہو سمیت مغلپورہ، دھرم پورہ، اور تاجپورہ کی گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مینوئل سویپنگ اور اوپن پلاٹس کی کلیئرنس کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور نے ایل ڈبلیو ایم سی کو گلی محلوں میں خصوصی صفائی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت دی اور ورکرز کو ہدایت کی کہ کمرشل مارکیٹس کو صبح 8 بجے سے قبل صاف کیا جائے۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی نے بریفنگ میں بتایا کہ شہر بھر میں موجود 560 سے زائد اوپن پلاٹس کی کلیئرنس کا عمل جاری ہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

رواں مالی سال پہلے ماہ پاکستان کی غذائی اشیا کی برآمدات میں 45 فیصد اضافہ

جولائی 2024 میں 47 کروڑ 57 لاکھ ڈالر سے زائد مالیت کی خوراک ایکسپورٹ کی گئی

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال پہلے ماہ پاکستان کی غذائی اشیاء کی برآمدات میں 45 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جولائی میں 47 کروڑ ڈالر سے زائد مالیت کی غذائی اشیاء ایکسپورٹ کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق جولائی 2024 میں 47 کروڑ 57 لاکھ ڈالر سے زائد مالیت کی خوراک ایکسپورٹ کی گئی، مقامی کرنسی میں 132 ارب 44 کروڑ روپے کی خوراک ایکسپورٹ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق باسمتی سمیت چاول کی ایکسپورٹ میں 135 فیصد سے زائد اضافہ ہوا، جولائی میں 20 کروڑ 57 لاکھ ڈالر مالیت کے چاول ایکسپورٹ کیے گئے، چینی کی برآمد میں 590 فیصد اضافہ ہوا، حجم 2 کروڑ 39 لاکھ ڈالر رہا، سبزیوں کی برآمدات میں 100 فیصد اضافہ، 2 کروڑ 88 لاکھ ڈالر کی برآمد کی گئیں۔ پھلوں کی ایکسپورٹ میں 13 فیصد اضافہ، حجم 4 کروڑ ڈالر سے زیادہ رہا، آئل سیڈز اور میوہ جات کی برآمدات میں بھی 94 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا۔ گوشت کی ایکسپورٹ میں تقریباً 6 فیصد اضافہ ہوا، حجم 3 کروڑ 68 لاکھ ڈالر رہا، تمباکو، مچھلی اور مصالحوں کی برآمدات میں کمی ریکارڈ کی گئی۔

لیسکو نے نادہندگان سے مزید 4.68 ملین روپے کی ریکوری کر لی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے نادہندگان سے مزید 4.68 ملین روپے کی ریکوری کر لی گئی۔ ترجمان لیسکو کے مطابق نادرن سرکل میں 12 نادہندگان سے 75.0 ملین، ایسٹرن سرکل 13 نادہندگان سے 36.0 ملین، سینٹرل سرکل میں 11 نادہندگان سے 04.1 ملین اور ساؤتھ سرکل میں 14 نادہندگان سے 69.0 ملین کی ریکوری کی گئی۔ ننکانہ سرکل میں 19 نادہندگان سے 44.0 ملین، شیخوپورہ سرکل میں 18 نادہندگان سے 53.0 ملین، اوکاڑہ سرکل میں 16 نادہندگان سے 35.0 ملین جبکہ قصور سرکل میں 13 نادہندگان سے 52.0 ملین کی ریکوری کی گئی۔

ایڈمنسٹریٹر لاہور کی چارج سنبھالنے کے بعد سید موسیٰ رضا کا پہلا ہنگامی اجلاس طلب

ڈپٹی کمشنر لاہور و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ لاہور کا چارج سنبھالنے کے بعد پہلا اجلاس

ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت ٹاؤن ہال میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور و ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ لاہور کا چارج سنبھالنے کے بعد پہلا اجلاس ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت ٹاؤن ہال میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں چیف آفیسر ایم سی ایل سید علی عباس بخاری نے ایڈمنسٹریٹر لاہور کو میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بلدیہ عظمیٰ لاہور کے تمام افسران نے شرکت کی۔ ایڈمنسٹریٹر لاہور سید موسیٰ رضا نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری لگن اور دیانت داری سے ادا کریں اور سرکاری کاموں میں کوتاہی یا تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے عوامی مسائل کے حل کو کم سے کم وقت میں یقینی بنانے پر زور دیا اور کرپشن اور اقربا پروری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کی بات کی۔ ایڈمنسٹریٹر لاہور نے بلدیہ عظمیٰ کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے پر بھی زور دیا اور شہر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے ایک مربوط پالیسی بنانے کی ہدایت کی۔

پنجاب بھر میں 1236 ٹریفک حادثات میں 13 افراد جاں بحق، 1356 زخمی

745 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1236 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 611 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 745 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (77 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 704 ڈرائیوز، 33 کم عمر ڈرائیور، 481 مسافر اور 132 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 284 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 319 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 84 حادثات میں 74 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 72 حادثات میں 70 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1369 متاثرین میں 1101 مرد اور 268 خواتین شامل ہیں۔

ویٹرنری یونیورسٹی میں جشن آزادی پاکستان کے حوالے سے ہفت روزہ جاری مقابلے اختتام پذیر

قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی جدوجہد انتھک کاوشوں اور گراں قدر خدمات قابل قدر ہیں، ڈاکٹر محمد یونس

UVAS
Celebrating
ependence Week
12 - st 2024

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے سینئر ٹیوٹر آفس کے زیر اہتمام جشن آزادی پاکستان کے حوالے سے ہفتہ روزہ جاری مقابلوں کی اختتامی تقریب کا انعقاد سٹی کیمپس لاہور میں ہوا۔ اختتامی تقریب کی صدارت وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے کرتے ہوئے تمام مقابلوں کے فاتحین کے درمیان سرٹیفیکیٹس تقسیم کیئے جبکہ آرگنائزر کے درمیان شیلڈیں تقسیم کیں جبکہ دیگر اہم شخصیات میں ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، ڈین فیکلٹی آف بائیو سائنسز پروفیسر ڈاکٹر حبیب الرحمن، یو اس سینئر ٹیوٹر پروفیسر ڈاکٹر یسین ٹیپو کے علاوہ مختلف شعبہ جات سے فیکلٹی ممبران اور سو سائٹیوں (یو اس ڈیبیٹنگ سوسائٹی، قرطاس، یو اس لٹریری سو سائٹی، کریکٹر بلڈنگ سوسائٹی، یو اس کوئز کلب اور میوزک) سے طلبا و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اُس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقد ہونے والے مختلف مقابلوں میں بھرپور انداز میں حصہ لینے اور کامیاب بنانے پر طلبہ کی تعریف کی۔ اُنہوں نے برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کے لیئے ایک آزاد ملک کے حصول سے متعلقہ قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی جدوجہد اور ادا کی گئی انتھک کاوشوں اور گراں قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمارے بزرگوں نے ایک آزاد ملک کے حصول کی جدوجہد میں اپنی بیش قدر قیمتی جانوں کے نذرانے پیش کیئے نیز کہا کہ پاکستانی ہونے کے ناطے ہم پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم اپنے علم و عمل سے ملک کی ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ ہفت روزہ جشن آزادی پاکستان کے دوران تقریر، کیلیگرافی، پوسٹر، مضمون، بیت بازی، سوالیہ اور ملی نغموں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جن میں ویٹرنری یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات اور سوسائٹیوں سے طلبا و طالبات کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت ٹیپا ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا اجلاس، چیف انجینئر ٹیپا نے بریفنگ دی

اہم شاہراہوں پر روڈ سیفٹی پلان کے مجوزہ منصوبوں بارے بریفنگ و منظوری، پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر مال روڈ پر پلیکم سگنلز لگائے جائینگے

پیدل چلنے والے شہریوں کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں، زیبرا کراسنگ پر پیلیکم سگنلز لگائے جائیں، ڈی جی طاہر فاروق کی ہدایت

لاہور (این این آئی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی زیر صدارت ٹیپا ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف انجینئر ٹیپا اقرار حسین نے بریفنگ دی۔ اجلاس میں شہر کی مختلف اہم شاہراہوں پر روڈ سیفٹی پلان کے مجوزہ منصوبوں بارے بریفنگ و منظوری دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر مال روڈ فیصل چوک پر پلیکم سگنلز لگائے جائیں گے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں پیدل چلنے والے شہریوں کے لیے ٹیپا خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ پیدل چلنے والوں کی سہولت کے لیے زیبرا کراسنگ پر پیلیکم (Pelicom) سگنلز لگائے جائیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ہدایت کی کہ ٹیپا یوٹرنز، کرب سٹونز، پاٹ ہولز پر خصوصی توجہ دے۔ یوٹرنز کے اطراف کیٹ آئیز کی تنصیب یقینی بنائی جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ شہر میں لگے غیر قانونی سائن بورڈ ہٹانے کی مہم میں مزید تیزی لائی جائے۔ اجلاس میں پراجیکٹ ڈائریکٹرز، ڈائریکٹر انجینئرنگ، ڈائریکٹر انفورسمنٹ، ڈائریکٹر ایڈمن اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

پنجاب یونین آف جرنلسٹس (آفیشل)

پی یو جے آفیشل کے زیر اہتمام یوم آزادی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

کارڈیالوجی وارڈ اور ایمرجنسی میں معمول کے مطابق تمام ادویات فری دستیاب ہیں، ایم ایس جناح

لاہور (این این آئی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جناح ہسپتال ڈاکٹر کاشف جہانگیر نے کہا کہ جناح ہسپتال کی کارڈیالوجی وارڈ میں سہولیات کی کمی کے فقدان کی خبریں حقائق کے منافی ہیں۔ جناح ہسپتال کے کارڈیالوجی وارڈ اور ایمرجنسی میں معمول کے مطابق تمام ادویات فری دستیاب ہیں۔ محکمہ صحت کی ہدایت کے مطابق جناح ہسپتال میں 24 گھنٹے پرائمری انجیوگرافی اور انجیو پلاسٹی کی سہولت بھی موجود ہے۔

پی یو جے آفیشل کے زیر اہتمام یوم آزادی کی تقریب

کیک کاٹا گیا، متحرک ممبرز کو بہترین کارکردگی سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا

لاہور (شہباز بھٹی سے) تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ جشن آزادی کی خوشی میں کیک کاٹنے کے بعد فاونڈر و چیرمین پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس آفیشل محمد یاسین خان سحر پا جی کی ہدایت پر پی یو جے آفیشل کے متحرک ممبرز کو بہترین کارکردگی سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا۔ ایکٹیو ممبرز میں جن کو سرٹیفکیٹ دیے گے ان میں روزنامہ قوت کے چیف رپورٹر شہباز احمد بھٹی صاحب ملک ظفر اقبال، حاجی محمد سعید، شاہد حنیف جٹ، ڈاکٹر ریاض چشتی، ملک سعید، عامر حیات، افضال قریشی، شہباز علی شامل ہیں۔ اس موقع پر صدر پی ایف یو جے آفیشل جان محمد رمضان سیکرٹری جنرل واجد علی باوا صدر پی یو جے آفیشل رانا شہزادہ الطاف چیف آرگنائزر شیخ محمد یونس جنرل سیکرٹری ملک تنویر احمد کا کہنا تھا کہ اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ جس نے ہمیں اس عظیم ملک کا تحفہ دیا اور ایک آزاد قوم بنایا۔ ہمیں علامہ اقبال رح اور قائد اعظم محمد علی جناح رح کے ویژن کے مطابق ملک و ملت کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنے اپنے حصے کی جدوجہد کرنا ہوگی۔

جنرل ہسپتال کی ایمرجنسی میں مریض سے غیر اخلاقی رویہ برتنے پر وارڈ اٹینڈنٹ معطل

اے ایم ایس ایڈمن کی سربراہی میں واقعہ کی تحقیقات کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی گئی

لاہور (این این آئی) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جنرل ہسپتال ڈاکٹر فریاد نے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں مریض سے غیر اخلاقی رویہ برتنے پر وارڈ اٹینڈنٹ راشد علی کو معطل کر دیا۔ اے ایم ایس ایڈمن کی سربراہی میں واقعہ کی تحقیقات کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ تحقیقاتی کمیٹی کو واقعہ کی تحقیقاتی رپورٹ جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ کسی سرکاری ہسپتال میں مریضوں سے غیر اخلاقی رویہ ناقابل برداشت ہے۔ جنرل ہسپتال لاہور میں افسوس ناک واقعہ کے ذمہ داران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

DAY
NATIONAL

لاہور پریس کلب کے سامنے مینارٹی ڈے کے موقع پر سابقہ MPA انجینئر شہزاد الٰہی چیئر پرسن مینارٹی ایڈوائزری ایسوسی ایشن شگفتہ نسیم، میرب شہزاد پریزیڈنٹ مینارٹی ایڈوائزری ایسوسی ایشن کرسچن کے حقوق کے لیے احتجاج کر رہے ہیں

لاہور پریس کلب میں مینارٹی ایڈوائزری ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام انجینئر شہزاد الٰہی کی صدارت میں مینارٹی ڈے کے موقع پر سیمینار کا انعقاد

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور پریس کلب میں مینارٹی ایڈوائزری ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام انجینئر شہزاد الٰہی کی صدارت میں مینارٹی ڈے کے موقع پر عنوان۔ پاکستان میں مسیحیوں کے ساتھ ناانصافی کا خاتمہ۔ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں سیاسی و سماجی اقلیتی مذہبی رہنماؤں اور لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر انجینئر شہزاد الٰہی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج عدم برداشت کے منفی رویہ کو ختم کر کے مذہبی رواداری اور باہمی بھائی چارے کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ تنظیم کی چیئر پرسن شگفتہ نسیم نے کہا کہ مسیحی قوم ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہمیشہ دعا گو ہے۔ ہم اپنے ملک عزیز کی خاطر جان دینے سے گریزاں نہ ہیں۔ وطن کے لئے ہمارے بزرگوں کا خون بھی شامل ہے اور یہ ملک ہماری پہچان ہے۔ صدر میرب شہزاد نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری کے لئے منتظم کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ بچوں میں منفی رویوں میں تبدیلی پر غور کیا جائے تاکہ پڑھنے لکھنے والے بچے اپنی پڑھائی پر دھیان دیں۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہارڈ شپ کمیٹی کا اجلاس

ویڈلاک، دور افتادہ، بیوہ، مطلقہ، میڈیکل، معذوری اور سنگل پیرنٹ کی بنیاد اساتذہ کی جانب سے ٹرانسفرز کی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہارڈ شپ کمیٹی کے اجلاس، ویڈلاک، دور افتادہ، بیوہ، مطلقہ، میڈیکل، معذوری اور سنگل پیرنٹ کی بنیاد اساتذہ کی جانب سے ٹرانسفرز کی درخواستوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید اسد رضا کاظمی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ مظفر حیات، سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی جاوید اقبال، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عمر امجد بیگ، ڈی ای او ایلیمنٹری ایجوکیشن اسماء ڈار، اے ایم ایس ڈاکٹر رانا لیاس اور محمد داؤد دساحر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین نے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے ہارڈ شپ کے تحت اساتذہ کی ٹرانسفر کیلئے وضع کردہ پالیسی کے عین مطابق ٹرانسفر کیلئے دی جانے والی درخواستوں کو چیک لسٹ کے مطابق سکروٹنی کر کے سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب کو بھجوا دی جائے گی جس کے بعد ان کی جانب سے سکولوں میں تعیناتی کیلئے سیٹوں کو لاک کر دیا جائے اور باقی ماندہ سیٹوں پر پابندی اٹھنے کیلئے بعد ایس آئی ایس کے ذریعے اساتذہ سے ٹرانسفر کیلئے اوپن میرٹ پر درخواستیں وصول کی جائیں گی۔

14 روپے فی یونٹ ریلیف سے بجلی صارفین کے بلوں میں 38 فیصد تک کمی ہوگی

لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے 48 لاکھ 44 ہزار 50 صارفین کو ریلیف ملے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے 14 روپے فی یونٹ ریلیف سے بجلی صارفین کے بلوں میں 38 فیصد تک کمی ہوگی۔ اعداد و شمار کے مطابق 18 ہزار 551 روپے بل ادا کرنے والے کو اب 11 ہزار 495 روپے ادا کرنے پڑیں گے۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی کے بعد بجلی کے ٹیرف اور ٹیکس میں بھی واضح کمی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف کے اعلان کے بعد لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے 48 لاکھ 44 ہزار 50 صارفین کو ریلیف ملے گا۔ لیسکو کے صارفین کی تعداد 65 لاکھ سے زائد ہے، لیسکو کے 49 لاکھ گھریلو صارفین ہیں، 500 یونٹس تک کا بنیادی ٹیرف ریٹ 37 سے 38 روپے فی یونٹ ہے، 14 روپے ریلیف ملنے سے یونٹ 24 روپے کا ہو جائے گا۔

نیلامی ٹھیکہ پارکنگ

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل ضلع ننکانہ صاحب کی پارکنگ کی نیلامی ٹھیکہ پارکنگ بذریعہ اوپن بولی کے لئے برائے مالی سال 2024-2025 مطلوب ہیں۔ جس کے لئے کاغذات تاریخ اشاعت کے دن سے بمعہ تفصیل و تصریحات اور دیگر شرائط کار زیر دستخطی سے دفتری اوقات کار میں مبلغ 1000 روپے نقد ادا کر کے خریدے جاسکتے ہیں۔ جو کہ ناقابل واپسی ہوں گے۔ کاغذات مقررہ تاریخ 27-08-2024 بوقت 11 بجے دن تک وصول کیے جائیں گے۔ اور اسی دن بولی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل کے دفتر میں 01:00 بجے دن ہوگی نیلامی ٹھیکہ پارکنگ میں حصہ لینے کے لئے مبلغ 100000 روپے زرضمانت بمد کال ڈیپازٹ CDR بنام میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل جمع کروانا لازمی ہوگی۔ مجاز اتھارٹی بغیر وجہ بتائے نیلامی منسوخ کر سکتی ہے۔ نیلامی کی مدت (10 ماہ) 01 ستمبر 2024 تا 30 جون 2025 تک ہوگی۔
بولی 2014 PPRA Rules کے تحت کی جائے گی۔ اشتہار PPRA ویب سائٹ www.ppra.punjab.gov.pk پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل

IPL 7760

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 17 اگست 2024ء

عوامی خدمت حکومت پنجاب کا نصب العین ہے: ریاض الحق

نئی غلہ منڈی کے قیام اور کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے لیے ڈمپنگ سائٹس کی تعمیر کے لیے حکمت عملی تیار کی جا چکی ہے جس کے ذریعے عوامی سہولت کے پیش نظر بہت جلد عملی طور پر اقدامات اٹھاتے ہوئے کام کا آغاز کر دیا جائے گا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) چیئرمین ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی وممبر قومی اسمبلی ریاض الحق جج نے کہا کہ عوامی خدمت حکومت پنجاب کا نصب العین ہے، عوامی مسائل کا ادراک اور ان کو حل کرنے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات حکومت پنجاب کا ویژن ہے جس کے تحت تمام متعلقہ محکمے جامع حکمت عملی کے تحت عوام کو سہولیات بہم پہنچانے کے لیے موثر انداز میں کام کریں اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے عوام کا معیار زندگی بلند کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن ر فرخ عتیق خان، ممبران صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، غلام رضا ربیرہ، چوہدری افتخار حسین چھچھر، نور الامین ناصر وٹو، ملک علی عباس کھوکھر، راہنما مسلم لیگ ن راؤ محمد اجمل، ممبران قومی وصوبائی اسمبلی کے نمائندوں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کامران بشیر ڈوگر، ایس پی انویسٹی گیشن ملک داؤد، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز صاحبان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس اینڈ پلاننگ رضوان وارث، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ سی ای او ایجوکیشن وزیر احمد آغا سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے، اجلاس کو ضلع کونسل کے ضلع بھر میں جاری 121 منصوبوں، نئی غلہ منڈی کی تعمیر، ڈمپنگ سائٹس کی تعمیر اور سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں مریضوں کو میڈیکل سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ر فرخ عتیق خان نے کہا کہ ضلع کونسل کی ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے تینوں تحصیلوں کو مستفید کرنے کے لیے کام کیا جا رہا ہے، نئی غلہ منڈی کے قیام اور کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے لیے ڈمپنگ سائٹس کی تعمیر کے لیے حکمت عملی تیار کی جا چکی ہے جس کے ذریعے عوامی سہولت کے پیش نظر بہت جلد عملی طور پر اقدامات اٹھاتے ہوئے کام کا آغاز کر دیا جائے گا، اس کے علاوہ سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں تمام ضروری ادویات اور ڈاکٹرز کی فراہمی کے ساتھ ساتھ محکمہ صحت کے دیگر ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے تاکہ شعبہ صحت میں بہترین اقدامات کے ذریعے عوام کو طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں، ممبر قومی اسمبلی ریاض الحق جج نے کہا کہ تمام متعلقہ محکمے عوامی خدمت کے مشن کے تحت محنت، لگن اور نیک نیتی سے کام کریں، اس سلسلہ میں کسی قسم کی سستی اور کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا

اوکاڑہ: ممبر قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

حافظ آباد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے دارالامان میں جشن آزادی تقریب کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ افضل و دیگر نے تحائف تقسیم کیے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے دارالامان میں جشن آزادی کی مناسبت سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ افضل اور سپرنٹنڈنٹ عبیلہ بشیر نے دارالامان میں مقیم بچوں اور خواتین میں تحائف بھی تقسیم کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ یوم آزادی کے موقع پر دارالامان میں مقیم بچوں اور خواتین کو بھی جشن آزادی کی خوشیوں میں شامل کیا گیا ہے۔ تقریب سے ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آمنہ افضل اور سپرنٹنڈنٹ عبیلہ بشیر نے بھی خطاب کیا۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے دارالامان کا دورہ کرتے ہوئے لائبریری، کچن، کڈز روم کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر منور حسین شجرکاری مہم کے سلسلہ میں دارالامان میں پودے بھی لگائے۔

جشن آزادی مناتے تہذیب و تمدن کا خیال رکھنا اہم ہے، بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی

14 اگست کے موقع پر باجے بجا کر ڈانس سے کہیں بہتر ہے کہ ہم شجرکاری مہم میں حصہ ڈالیں، عباد اظہر بھٹی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) زندہ قومیں اپنا جشن آزادی ملی جوش و جذبہ اور تہذیب و تمدن کا خیال رکھتے ہوئے مناتی ہیں۔ جشن آزادی کا فلسفہ فرمودات قائد اعظم محمد علی جناح پر عمل پیرا ہونا ہے تاکہ ملک ترقی و خوشحالی اور اقوام عالم میں باعزت مقام حاصل کرے۔ ان باتوں کا اظہار معروف سیاسی و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی کے صاحبزادے بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست یوم آزادی کے دن باجے بجا کر ڈانس کرنے سے کہیں بہتر ہے کہ ہم سب پاکستانی اس بات کا عیادہ کریں آیا آج ہم بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال و رفقاء کے افکار پر عمل پیرا ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ایٹمی پاکستان 77 سال بعد آج حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں اور کرپشن کے باعث عدلیہ مقننہ انتظامی شعبوں میں دنیا بھر میں نچلے نمبرز پر کیوں ہے۔ کیوں آج بھی ملک معاشی و معاشرتی اور اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اصلاح کرتے ہوئے ملکی ترقی و استحکام کیلئے مثبت عملی کاوشیں کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔



پاکستان ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کا ثمر ہے: میاں خالد محمود

پاک وطن کے ادارے مضبوط ہونگے تو مسائل کے حل میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی تخریب کاری اور اشتعال انگیزی کسی بھی مسئلہ کا حل نہیں ہے

ہمارے اباؤ اجداد نے لاکھوں قربانیاں اس لیے نہیں دی تھیں کہ ہم سیاسی، سماجی، فروعی اور مسلکی اختلافات پیدا کرکے ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں

ہم ہر قسم کی آزادی کو انجوائے کریں پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت حاصل ہوا اس کے لیے بھرپور جدوجہد کے ساتھ ساتھ جانوں کے نذرانے بھی دیئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ پاک وطن کے ادارے مضبوط ہونگے تو مسائل کے حل میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی تخریب کاری اور اشتعال انگیزی کسی بھی مسئلہ کا حل نہیں ہے یوم آزادی کا دن ہمیں صبر تحمل، برداشت اور رواداری کا درس دیتا ہے کہ ہمارے اباؤ اجداد نے لاکھوں قربانیاں اس لیے نہیں دی تھیں کہ ہم سیاسی، سماجی، فروعی اور مسلکی اختلافات پیدا کرکے ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں بلکہ آزادی کا مقصد خودمختار اور خوشحال ریاست کا قیام تھا تاکہ ہم ہر قسم کی آزادی کو انجوائے کریں پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم قربانیوں کی بدولت حاصل ہوا اس کے لیے بھرپور جدوجہد کے ساتھ ساتھ جانوں کے نذرانے بھی دیئے آج پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کو چاہیے کہ وہ اپنی اقدار، روایات، اخلاقیات کی پاسدار کرتے ہوئے پاکستان کی قدر کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جشن آزادی کا کیک کاٹنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ضلعی صدر یوتھ ونگ آئی پی پی میاں تیمور خالد، ملک حبیب سلطان کھوکھر، چودھری امجد علی گادھی، عید محمد خان، یاسر ندیم شیخ، خالد محمود شیخ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

شیخوپورہ: استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود، میاں تیمور خالد، ڈاکٹر یاسر ندیم شیخ، ڈاکٹر خالد محمود شیخ، عمران امین ایڈووکیٹ، امجد علی گادی، معظم علی مٹھو گجر، حاجی محمد جمیل و دیگر جشن آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں۔

تھانہ سمبڑیال: پولیس تشدد سے جاں بحق بشیر مسیح کے ملزم کو دس سال قید بامشقت

تھانہ سمبڑیال میں پولیس تشدد سے جاں بحق ہونے والے بشیر مسیح کے ملزم مرتضیٰ گھمن سابق اے ایس آئی اور کانسٹیبل عظمت کو ایڈیشنل سیشن جج سمبڑیال جناب اکرام الحق نے دس سال قید بامشقت اور 43 لاکھ روپے دیت کی رقم مقتول کے لواحقین کو ادا کرنے کا حکم سنا دیا تقریباً انیس ماہ قبل ملزمان نے تھانہ میں تشدد کے دوران مقتول کی جان لے لی تھی مقتول کی بیوہ روزینہ گل نے فیصلہ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ جس طرح مجرموں نے اس کے شوہر کو بے دردی سے قتل کیا تھا ان ظالموں کو سزائے موت کی سزائیں ہوتی تو اس کے قلب کو سکون نصیب ہوتا بہر حال وہ انصاف کے حصول کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

شکر گڑھ: انجمن تعمیر قوم (ATQ) شاہ پور بھنگو کی جانب سے ٹیلنٹ ایوارڈ تقریب کا انعقاد

ATQ
TRIBUTION CEREMONY

شکر گڑھ (نامہ نگار) انجمن تعمیر قوم (ATQ) شاہ پور بھنگو تحصیل شکر گڑھ کی طرف سے بچوں کے لئے ایک ٹیلنٹ ایوارڈ سرمنی کا پروگرام منعقد کیا گیا جس میں علاقہ بھر سے ایسے 26 طلبا و طالبات جنہوں نے سیکنڈری سطح پر نمایاں مارکس حاصل کیے، ان کے اعزاز میں انجمن تعمیر قوم (ATQ) کی طرف سے شیلڈز اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔ اس پروگرام کے مہمانان میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نارووال چودھری اقبال، وائس پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے ایلیمنٹری نارووال اجمل خان، اسسٹنٹ پروفیسر محمد عارف چجوانہ اور ایگریکلچر آفیسر جاوید اقبال تھے، جنہوں نے علمی تقاریر سے پروگرام کی رونق کو بخشی۔ اس پروگرام میں علاقے کے سکولز کے پرنسپلز اور گاؤں کے معززین نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ انجمن تعمیر قوم (ATQ) شاہ پور بھنگو گزشتہ دو دہائیوں سے طلبا میں علمی ذوق پیدا کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ ان کے عہدے داران بغیر کسی لالچ کے بڑھ چڑھ کر اس پروگرام میں حصہ لینا اپنے لئے اعزاز سمجھتے ہیں۔ اپنے علاقہ میں یہ واحد تنظیم ہے جو مختلف سکولز کے بچوں کے نعتیہ، تقریری اور کوئز مقابلے کروا کر بچوں میں خوداعتمادی پیدا کرنے میں اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ ان شاءاللہ مستقبل میں بھی یہ تنظیم بچوں کے لئے تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے گی۔ یاد رہے انجمن تعمیر قوم ATQ شاہ پور بھنگو کی بنیاد 2004 میں رکھی گئی، جو آج ایک تناور درخت بن چکی ہے اور طلبا کیلئے تعلیمی سرگرمیوں کے انعقاد میں اہل علاقہ کیلئے روشن مثال ہے۔

جامعہ گلزار حبیب مصطفیٰ آباد میں جشن آزادی کے سلسلہ میں پروقار تقریب کا اہتمام

تقریب کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا پرچم کشائی کے بعد ملکی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئی

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) ہر سال کی طرح اس سال بھی جامعہ گلزار حبیب مصطفیٰ آباد میں 77 واں جشن آزادی کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں حضرت علامہ مولانا میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی پرنسپل جامعہ گلزار حبیب، میاں ظفر حسین، حافظ غلام رسول، عبد الغفار، حافظ محمد وحید، حافظ میاں محمد واصف، جمیل سندھو، سہیل قمر سندھ، ماسٹر محمد امجد، علامہ جنید نوری، علامہ غلام عباس، علامہ غلام فرید علماء کرام اور طلبہ کی بڑی تعداد شریک ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئی تقریب کا اہتمام، پرنسپل میاں محمد وقاص صدیق نقشبندی صاحب کی زیر نگرانی کیا گیا طلبہ نے قرآن خوانی کی ملکی سلامتی و خوشحالی کے لئے خصوصی دعائیں، طلبہ نے قرآن خوانی کی، ملکی سلامتی و خوشحالی کے لئے خصوصی دعائیں کی گئی، میاں وقاص صدیق نقشبندی نے کہا کہ پاکستان مسلمانوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے ملک پاکستان ہمیں آباؤ اجداد کی لازوال قربانیوں سے کلمے کی بنیاد پر حاصل ہوا اس لیے ہمیں اللہ کے ہاں اس دن شکرانے کے نوافل ادا کر کے اس پاک ذات کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

چوہدری خالد سعید عرف گڈو کی سالگرہ: دوست احباب کی بھرپور شرکت

خلق خدا کی خدمت خوش دلی سے کرتے ہیں اور کار خیر کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) چوہدری خالد سعید عرف گڈو کی سالگرہ میں دوست احباب کی بھرپور شرکت، آپ کے بہت ہی خاص دن پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد، ملک محمد افضل چیف ایگزیکٹو شہباز کارپٹ۔ 2 ڈی دیپالپور کی ممتاز سماجی و کاروباری شخصیت و معروف زمیندار چوہدری خالد سعید عرف گڈو کی سالگرہ شاندار انداز میں منائی گئی، دوست احباب نے بھرپور شرکت کر کے خوب انجوائے کیا۔ چوہدری خالد سعید عرف گڈو علاقہ کی عوام میں نہایت مقبول ہیں اور عوام الناس کے دلوں میں ان کے لیے بے حد احترام پایا جاتا ہے۔ چوہدری خالد سعید عرف گڈو خلق خدا کی خدمت خوش دلی سے کرتے ہیں اور کار خیر کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور دوست احباب کو بھی ہدایت کرتے ہیں کہ وہ خدمت خلق کے کاموں میں حصہ لیں۔ دوست احباب میں ملک محمد افضل چیف ایگزیکٹو شہباز کارپٹ، ملک شہزاد افضل، ظفر اقبال چوہدری جٹ وینس، عمیر ظفر چوہدری ایڈووکیٹ، شیخ محمد سلیم صدر مرکزی انجمن تاجران دیپالپور نے سالگرہ کی مبارک باد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چوہدری خالد سعید عرف گڈو کا جنم دن 14 اگست ہے اور پاکستان بھی اس تاریخ کو معرض وجود میں آیا۔

چیف وارڈن طاہر مجید کپور قابل شخصیت ہیں۔ محمد ابراہیم

سول ڈیفنس سیالکوٹ والینٹرز قابل فخر ہیں۔ ڈپٹی چیف وارڈن



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ)۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی قابلیت و معاملہ فہمی کے معترف ہیں جن کی قیادت نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں و استعداد کار کو وہ عروج کمال بخشا کہ الحمدللہ آج سول ڈیفنس سیالکوٹ کو پنجاب بھر کے ڈسٹرکٹس میں لیڈنگ پوزیشن حاصل ہے۔ بلاشبہ ہمیں اپنے چیف وارڈن اور والنٹیئرز پر فخر ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے معروف بزنس مین محمد ابراہیم ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس سیالکوٹ کیجانب سے سال بھر میں جتنی بھی سیکیورٹی ڈیوٹی، رمضان المبارک میں ٹریفک ڈیوٹی، عیدین کے مواقع پر ڈیوٹی ہو یا پھر محرم الحرام میں فرسٹ لیئر سیکیورٹی ڈیوٹی و دیگر پیشہ وارانہ میٹنگز ان سب میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر قیادت میں ایگزیکٹوز، سی ڈی پی والنٹیئرز و وارڈنز نے زبردست پرفارم کیا جس کیلئے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ و ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کی پیشہ وارانہ عملی خدمات کو سراہا۔

چیف ایگزیکٹو ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چوہدری کے بنیادی مراکز صحت کے دورے

بنیادی مراکز صحت میں حاضری چیک کی اور عملہ کو تاکید کی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کے اچانک دورے، اس دوران بی ایچ یو مراد پور 24/7 و دیگر میں عملہ کی حاضری چیک کی اور علاج کی غرض سے آنے والے مریضوں و شہریوں سے مراکز صحت میں ملنے والی طبی سہولیات کی بابت استفسار کیا جن میں اکثریت نے اظہار اطمینان کیا۔ ایک بنیادی مرکز صحت پر کچھ شہریوں نے عملہ کیجانب سے شکایت کی جس پر سی۔ای۔او ہیلتھ سیالکوٹ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ہدایات جاری کیں اور کچھ کو شوکاز بھی جاری کیے۔ اسکے علاوہ ڈینگی سپرے بارے بھی ہدایات جاری کرتے ہوئے انہوں نے شجرکاری مہم کے تحت پودے بھی لگائے۔ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے عین مطابق ضلع سیالکوٹ کی تمام تحصیلوں کے چھوٹے بڑے سرکاری اسپتالوں و مراکز صحت میں مریضوں کا بہترین مفت علاج اور ایمرجنسی و وارڈز میں مفت ادویات کی فراہمی جاری ہے۔ میڈیا کے ایک سوال کے جواب میں ضلع سیالکوٹ کی دور افتادہ علاقوں میں مراکز صحت پر میری توجہ پہلے ہے اور روٹین ورکنگ و میٹنگز و سرکاری مصروفیات کے باوجود شہریوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایسے سرپرائزنگ وزٹ انتہائی ضروری ہیں تاکہ حکومت کی بہترین پالیسیوں سے شہری زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکیں

چوآسیدن شاہ میں بھی جشن آزادی جوش و جذبے سے منایا گیا

پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی، اسسٹنٹ کمشنر، اراکین اسمبلی کی شرکت

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ میں بھی جشن آزادی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی چوآسیدن شاہ محمد حماد حامد کی سربراہی میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میونسپل کمیٹی میں منعقد ہوئی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ اسسٹنٹ کمشنر محمد حماد حامد اور اراکین صوبائی اسمبلی میموز سلطانہ راجہ۔۔۔ سی او ناصر کنول اور غضنفر عباس ہمدانی نے پرچم کشائی کی۔۔ پرچم کشائی تقریب میں سماجی اور سول سوسائٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پرچم کشائی کے موقع پر قوت اخبار کے بیورو چیف محمد ایوب سلطانی اور صحافیوں نے شرکت کی۔

دارارقم سکول کے زیر اہتمام جشن آزادی فیملی فیسٹیول کا انعقاد

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔قوت) معروف تعلیمی درسگاہ دارارقم سکول کے زیر اہتمام جشن آزادی فیملی فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا، ہزاروں بچوں اور والدین کی شرکت، بچوں نے ملی نغمے پیش کیے، شرکاء نے فوڈ سٹریٹ میں لذیز کھانوں پر خوب ہاتھ صاف کیا۔ جشن آزادی فیملی فیسٹیول میں سکول کے ساتھ سول سوسائٹی کے بھی ہزاروں بچوں اور ان کے والدین نے شرکت کی، شرکاء فوٹو گرافی مہندی، جھولوں سے لطف اندوز ہوتے فوڈ سٹریٹ کے لذیز کھانوں پر بھی ہاتھ صاف کیا سکول کے بچوں نے ٹیبلو اور ملی نغمے پیش کیے، دارارقم سکول کے پرنسپل احسن سعید چاولہ نے کہا کہ پاکپتن کی تاریخ میں پہلا بڑا فیملی فیسٹیول ہے جو گھٹن کے ماحول میں سرد ہوا کا جھونکا ہے، انہوں نے پاکپتن کے شہریوں کے لیے تقریبات کا سلسلہ جاری رکھنے کا عزم کیا۔۔۔

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے الیکشن چوہدری ارشد کا انجینئر زکنٹریکٹرز کے اعزاز میں عشائیہ

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے الیکشن کے سلسلہ میں گزشتہ روز گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ساہیوال ڈویژن کے کوارڈینیٹر چوہدری محمد ارشد نے آرٹ کونسل اوکاڑہ میں ساہیوال ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز کے اعزاز میں پروقار عشائیہ دیا، 14 اگست کے موقع پر کیک کاٹا، اولمپکس میں ارشد ندیم نے گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد بھی دی، گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ساہیوال ڈویژن کے کوارڈینیٹر چوری محمد ارشد نے ساہیوال ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز کی طرف سے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے انتخابات 2024 کے لئے چیئرمین کے امیدوار سید محمد اشفاق شاہ کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ انشاءاللہ پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سالانہ انتخابات 2024 میں کامیاب ہوگا۔

حدید احمد بٹ کو ڈویژن وارڈن 2 پروموشن پر مبارکباد، سول ڈیفنس سیالکوٹ

چیف وارڈن طاہر مجید کپور کا شکریہ۔ تجلی شیراز صندل

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) حدید احمد بٹ کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کیلئے عملی خدمات کے اعتراف میں تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ ہر دلعزیز چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے انکو ڈویژن وارڈن 2 پروموٹ کر دیا جس پر سول ڈیفنس سیالکوٹ ایگزیکٹوز سے لیکر والنٹیئرز تک تمام رضاکاران نے حدید احمد بٹ ڈویژن وارڈن 2 کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈویژن وارڈن 1 محمد اسلام میر نے بطور فوکل پرسن سول ڈیفنس سیالکوٹ میڈیا بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی ولولہ انگیز زیرک قیادت نے تنظیم میں ایک نئی روح پھونک دی ہے۔ انکی دانشمندانہ اور مدبرانہ فیصلہ سازی کی سول ڈیفنس سیالکوٹ معترف ہے۔ حالیہ پروموشنز بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کے مشکور ہیں جنہوں نے ایگزیکٹوز کی سالہاسال سے سول ڈیفنس سیالکوٹ میں خدمات کے اعتراف میں انکی پروموشنز کیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ پروموشنز کے موقع پر ڈپٹی چیف وارڈز سمیت تمام ایگزیکٹوز اور گروپ وارڈنز، پوسٹ وارڈز سمیت تمام والنٹیئرز نے حدید احمد بٹ کو مبارکباد دی ہے۔

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے الیکشن: ساہیوال ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے الیکشن کے سلسلہ میں گزشتہ روز گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ساہیوال ڈویژن کے کوارڈینیٹر چوہدری محمد ارشد نے محکمہ ڈسٹرکٹ بلڈنگ کے لان میں ساہیوال ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز کے اعزاز میں پروقار عشائیہ دیا جشن آزادی کے موقع پر کیک کاٹا اور اولمپکس میں ارشد ندیم نے گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد بھی دی گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ساہیوال ڈویژن کے کوارڈینیٹر چوری محمد ارشد نے ساہیوال ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز کی طرف سے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے انتخابات 2024 کے لئے چیئرمین کے امیدوار سید محمد اشفاق شاہ کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ انشاءاللہ پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سالانہ انتخابات 2024 میں صحیح ورلڈ ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز میری قیادت میں مکمل اتحاد اور یکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے چیئرمین کے امیدوار سید محمد اشفاق شاہ کو کامیاب کرا کر ان کی تاریخی کامیابی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور سید محمد اشفاق شاہ بطور چیئرمین پاکستان انجینئرنگ کونسل منتخب ہو کر ڈویژن بھر کے انجینئرز اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز کے پروفیشنل مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کرائیں گے۔

حافظ آباد: ایک گھنٹہ کی بارش نے گلی محلے ندی نالے بنا دیئے

بارش کے باعث کھڑے ہونیوالے پانی نے شہریوں کو گھروں میں محبوس کر دیا

ضلع انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کئی بار بلند بانگ دعوے کر چکی مگر عمل نہیں ہو سکا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر میں گزشتہ روز ایک گھنٹہ کی بارش نے گلی محلوں اور شاہراؤں کو ندی نالوں میں تبدیل کر دیا۔ جس کی وجہ سے شہری اپنے گھروں میں محبوس ہو کر رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی شہر میں نالوں کی صفائی ستھرائی اور بارشی پانی کو نکالنے کے لئے کئی بار بلند بانگ دعوے کر چکی ہے لیکن جونہی بارش ہوتی ہے تو پورا شہر گندے جوہڑ میں تبدیل ہو جاتا ہے گزشتہ روز کی ایک گھنٹے کی بارش نے بھی ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ میونسپل کمیٹی کے افسران کے تمام فوٹو سیشنوں کو بھانڈا پھوڑ دیا اور شہری گلی محلوں اور شاہراؤں پر کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہونے کے بعد افسران کو کوستے رہے۔ لیکن کسی بھی جگہ پر بارشی پانی کو نکالنے کے لئے کوئی عملہ دکھائی نہ دیا۔

تحریک منہاج القرآن کے مرکزی راہنما صاحبزادہ ظہیر احمد نقشبندی آج ہفتہ کو بعد نماز مغرب تا عشاء مرکزی جامع مسجد صوبیدار والی کسوکی روڈ میں ماہانہ درس عرفان القرآن کی تقریب سے خطاب کریں گے

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحریک منہاج القرآن کے مرکزی راہنما صاحبزادہ ظہیر احمد نقشبندی آج ہفتہ کو بعد نماز مغرب تا عشاء مرکزی جامع مسجد صوبیدار والی کسوکی روڈ میں ماہانہ درس عرفان القرآن کی تقریب سے خطاب کریں گے۔

دریائے راوی میں اگلے 24 سے 36 گھنٹے میں سیلاب کا امکان

شہری مویشیوں کو نشیبی علاقوں سے نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کریں

نارووال (بیورو رپورٹ قوت) محکمہ موسمیات پاکستان کے فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن کے جاری کردہ الرٹ کے مطابق دریائے راوی میں اگلے 24 سے 36 گھنٹوں کے دوران جسڑ کے مقام سے چالیس ہزار کیوسک سے پچپن ہزار کیوسک پانی کا ریلا گزرنے کے امکان ہیں، جس کی وجہ سے دریائے راوی میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال پیدا ہوگی۔ اسلئے دریائے راوی کی اطراف موجود آبادیوں کے مکینوں سے التماس ہے کہ وہ خود اور اپنے مویشیوں کو نشیبی علاقوں سے نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کریں۔ اور مذکورہ ایام میں دریا کی اطراف نشیبی علاقوں کی طرف ضروری و غیر ضروری نقل و حمل سے گریز کریں۔ علاوہ ازیں سیلابی صورتحال میں فوری امداد کیلئے ڈی۔ سی آفس میں موجود کنٹرول روم میں 920027.0542 نمبر پر رابطہ کریں۔

پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ بلڈنگ گروپ صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز کی صدارت میں پاکستان کی 77 ویں جشن آزادی کی تقریب کا انعقاد



عارفوالا (تحصیل رپورٹر) پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ بلڈنگ گروپ صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز کی صدارت میں پاکستان کی 77 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا اور کیک کاٹا گیا صحافیوں کی کثیر تعداد میں شرکت صدر پریس کلب چوہدری محمد اعجاز اور جنرل سیکرٹری میاں محمد عمران جوئیہ اپنے صحافی ساتھیوں کے ہمراہ پرچم کشائی کیلئے پریس کلب پہنچنے پر انکو مالا پہنائیں اور بینڈ باجوں کے ساتھ استقبال کیا گیا صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز اور جنرل سیکرٹری نے اپنے دست مبارک سے پرچم کشائی کے موقع پر قومی ترانہ کے بعد سینئر جرنلسٹ محمد ابرار شیخ ایڈووکیٹ نے دعائے خیر کروائی پرچم کشائی کی تقریب میں صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز، جنرل سیکرٹری میاں محمد عمران علی جوئیہ، راؤ محمد کامران، چوہدری قدرت اللہ، ریاض احمد شاد، محمد اسلم چوہدری، ساجد محمود شیخ، ملک محمد اکرم، مشتاق بلوچ اور محمود الحسن شاہ نے محسن پاکستان بابائے قوم محمد علی جناح کی زندگی پر خطاب کیا اور تحریک پاکستان کے شہداء کو خراج تحسین پیش کیا اور صحافیوں کے ہمراہ 77 پونڈ کا کیک کاٹا آخر میں صدر چوہدری محمد اعجاز نے تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا۔

ڈاکٹر شاہد امین صاحب نے آج بطور چیف ایگزیکٹو لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد کے عہدے کا چارج سنبھال لیا

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ڈاکٹر شاہد امین صاحب نے آج بطور چیف ایگزیکٹو لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد کے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ڈاکٹر شاہد امین صاحب کا تعلق چوآسیدن شاہ (ضلع چکوال) سے ہے اور وہ اس سے قبل ڈی جی لائیو سٹاک بلوچستان کے عہدہ پر تعینات تھے*

عارفوالا کے گردونواح میں قصابوں نے خودساختہ مہنگائی کرکے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا

عارف والا (تحصیل رپورٹر) عارفوالا کے گردونواح میں قصابوں نے خودساختہ مہنگائی کرکے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا انتظامیہ خاموش تماشائی چک نمبر 149 ای بی میں اکرم قصائی، اللہ دتہ قصائی شبو قصائی کی لوٹ مار جاری بکرے کا گوشت 1800 روپے اور کٹے کا گوشت 850 روپے میں فروخت کر رہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں انتظامیہ [illegible] لے کر خاموش تماشائی عوام نے Ac عارف والا اور Dc پاکپتن سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے

جشن آزادی کے سلسلہ میں گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول چوآسیدن شاہ میں ایک رنگا رنگ تقریب کا انعقاد

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) تقرہب کا آغاز پرچم کشائی سے کیا گیا اس کے بعد سکول کے طالب علم محمد اسماعیل نے تلاوت کی ناصر علی نے نعت پیش کی سبط الحسن، سعد اللہ، حذیفہ حیدر، حذیفہ علیان اور ناصر علی نے ملی نغمے پیش کیے اسسٹنٹ کمشنر اور پرنسپل امجد علی ملک نے خصوصی خطاب کیا تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی کیلئے دعا کرائی گئی

پاکستان ہمارے بزرگوں سپہ سالاروں رہنماؤں کی امانت ہے عبید رحمت

ادارہ ترک منشیات کیئر سنٹر مرد و خواتین کے زیر اہتمام 77 ویں یوم آزادی کی تقریب



وزیرآباد (نامہ نگار) 14 اگست تاریخ ساز دن برصغیر کے مسلمانوں نے حضرت قائد اعظم محمد علی جناح ؒ کی ولولہ انگیز قیادت میں ماؤں، بہنوں، بوڑھوں اور بچوں کی لاتعداد شہادتوں کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ملک پاکستان معرض وجود میں آیا، پاکستان ہمارے بزرگوں سپہ سالاروں اور راہنماؤں کی امانت ہے پاکستان کی سلامتی اور فروغ اسلام کے لئے امت مسلمہ کو مل جل کر جدوجہد کرنا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر وزیرآباد عبید رحمت، صدر حاجی محمد شفیق اور جنرل سیکرٹری عدنان محمود چاند گجر نے انجمن فلاح نوجواناں ادارہ ترک منشیات کیئر سنٹر مرد و خواتین کے زیر اہتمام 77 ویں یوم آزادی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے عماد بٹ، محمد اسلام چشتی، حافظ عبد المقیت، ڈاکٹر جمال خان، قاری غلام مصطفی، قاری محمد نعیم ہاشم، قاری محمد عمران نے بھی خطاب کیا۔ حاجی محمد شفیق اور عدنان محمود چاند گجر نے کہا کہ آزادی ایک نعمت ہے اسکا حقیقی ادراک انہیں لوگوں کو ہے جو اس نعمت سے محروم ہیں، جشن آزادی کی روح کی اصل حقیقت کو پانے کے لئے نوجوان نسل میں قومی نظریہ اور فکری سوچ کی آزادی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہوگا، نوجوان نسل ہی ہمارا بہترین مستقبل ہے۔ اس موقع پر ارشد ندیم کو اولمپک میں گولڈ میڈل جیتنے اور پاکستان کا نام دنیا میں روشن کرنے پر خراج تحسین پیش کیا اور مبارکباد پیش کی گئی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

قیام پاکستان کے مقاصد کے ٹوٹتے خواب

اور وزیراعظم کا بجلی نرخوں میں جلد کمی کا اعلان

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمیں ماضی کو بھول کر مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کرنا ہوگی۔ مہنگائی اور بجلی کے نرخوں میں کمی اور ملک کی معاشی ترقی کیلئے اپنا خون پسینہ بہادوں گا۔ نوجوان فسادی اور انتشاری قوتوں کے آلہ کار نہ بنیں' ملک دشمنوں کی ڈیجیٹل دہشت گردی کا سچائی سے مقابلہ کریں۔ گزشتہ روز یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزادی کی نعمت سے سرفراز کیا ہے' ان کا کہنا تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں ہمارے اسلاف نے قربانیاں دیکر یہ ملک حاصل کیا۔ میں ان قائدین' غازیوں اور شہیدوں کو سلام عقیدت پیش کرتا ہوں جنہوں نے وہ کام کر دکھایا جس نے خطے کی نہ صرف تاریخ بلکہ جغرافیہ بھی تبدیل کر دیا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پاکستان 14 اگست 1947ء کو معرض وجود میں آیا' ملک کے بیٹوں نے قوم کو سنوارا اور پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا۔ ہمارا کوئی دشمن پاکستان کو میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکے گا۔ پاکستان اسی طرح قائم و دائم رہے گا' آج ہمیں بہرصورت فیصلہ کرنا ہے کہ قرضوں اور کشکول والی زندگی گزارنی ہے یا قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کے فرمودات والی۔ وزیراعظم کے بقول امیر اور غریب کا الگ الگ پاکستان نہیں ہونا چاہیے۔ وہ جلد پاکستان کے معاشی پروگرام کا اعلان کرینگے۔ آج ہمیں اپنی قسمت اور غربت کو خوشحالی میں بدلنا ہوگا اور ملک کو عظیم بنانا ہوگا۔

شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بجلی کے بلوں میں کمی کے بغیر ملک کی صنعت' زراعت اور برآمدات میں اضافہ نہیں ہوسکتا۔ حکومت بجلی کے بلوں میں کمی پر کام کر رہی ہے اور چند دنوں میں اسکے نتائج سامنے آجائیں گے۔ قوم کو بجلی کی قیمتوں کے حوالے سے خوشخبری ملے گی کیونکہ اس کے بغیر ہماری معیشت آگے نہیں بڑھ سکتی۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ دشمن پاکستان کی ترقی روکنے کا ہر حربہ استعمال کر رہا ہے جو ہماری جوہری طاقت اور ناقابل تسخیر دفاع سے خائف ہے۔ چنانچہ اب وہ ڈیجیٹل دہشت گردی کا ہتھیار استعمال کرکے پاکستان کے نوجوانوں کے ذہنوں پر جھوٹ مسلط کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انکے بقول شعور اور آگہی انتشار نہیں' ترقی' خوشحالی اور امن لاتی ہے اور دلوں کو جوڑتی ہے۔ آج ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم سب مل کر دن رات محنت کریں گے تاکہ آئندہ یوم آزادی پر ہمیں غربت' مہنگائی' بے روزگاری کے مسائل درپیش نہ ہوں۔

یہ مسلمہ تاریخی حقیقت ہے کہ بانیان پاکستان اقبال و قائد نے انگریز اور ہندو کی غلامی میں جکڑے ہوئے، اقتصادی محرومیوں اور مذہبی آزادیوں پر قدغنوں کا شکار برصغیر کے مسلمانوں کو اس غلامی سے نجات دلانے کا خواب دیکھا' عزم کا اظہار کیا اور پھر دو قومی نظریے کی بنیاد پر آل انڈیا مسلم لیگ کے پلیٹ فارم پر 23 مارچ 1940ء کو منٹو پارک لاہور میں قرارداد لاہور منظور کرکے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے پاکستان کی شکل میں ایک الگ خطہ ارضی کی تشکیل کی بے پایاں جدوجہد کا آغاز کیا جو پرامن جدوجہد کے نتیجہ میں سات سال کے عرصے میں کامیابی سے ہمکنار ہوئی اور ایک آزاد و خودمختار ملک خداداد کا قیام عمل میں آیا۔ مگر ہندو اور انگریز کے ٹوڈی ساہوکاروں' استحصالی طبقات اور جاگیرداروں کو یہ تقسیم گوارا نہیں تھی جنہوں نے ہندوستان کی تقسیم کو بادل نخواستہ قبول کرکے خود کو پاکستان کا شہری بنایا مگر انکے اذہان ہندو اور انگریز کے ودیعت کردہ استحصالی نظام کے ساتھ ہی وابستہ رہے اور انکے دل بھی اس نظام کیلئے دھڑکتے رہے۔ قیام پاکستان کی عظیم جدوجہد کا مقصد تو اقبال و قائد کی امنگوں' آدرشوں کے مطابق پاکستان کی شکل میں جدید اسلامی جمہوری فلاحی معاشرے کی تشکیل تھی جس میں نہ صرف مسلمانوں کو مذہبی آزادیاں حاصل ہوں بلکہ انہیں ساہوکارانہ استحصالی نظام سے بھی نجات مل جائے اور انکی بھی زندگیاں خوشحالی سے ہمکنار ہوجائیں۔

بانی پاکستان قائداعظم قیام پاکستان کے بعد مزید کچھ عرصہ حیات رہتے تو یقیناً آزاد' خودمختار' جمہوری اسلامی فلاحی پاکستان کی سمت کا ٹھوس بنیادوں پر تعین کر جاتے مگر وہ قیام پاکستان کے ایک سال بعد ہی اپنی حیات جاوداں کی طرف روانہ ہو گئے جس کے بعد استحصالی نظام کی ذہنیت رکھنے والے ہندو اور انگریز کے ٹوڈیوں نے اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ گٹھ جوڑ کرکے پاکستان کو بانی پاکستان قائداعظم کے متعین کردہ راستوں سے ہٹانے کا عمل شروع کردیا اور بالآخر ملک کو اس استحصالی نظام کی جانب دھکیلنے میں کامیاب ہوگئے جس سے نجات کیلئے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا اور آج ہم قیام پاکستان کے 77ویں سال کے آغاز پر بھی اسی استحصالی نظام کے شکنجے میں جکڑے نظریہ پاکستان اور قیام پاکستان کے مقاصد کو یاد کرکے بانیان پاکستان کی عظیم محنتوں کو ضائع ہوتا دیکھ کر خون کے آنسو بہا رہے ہیں۔ قوم کو آج آئی ایم ایف کے ناروا قرضوں' ملک کے سنگین توانائی کے اور اقتصادی و مالی بحرانوں اور انکی بنیاد پر قوم کو غربت' مہنگائی' بے روزگاری کی شکل میں جن گھمبیر مسائل کا سامنا ہے۔

کرہ ارض کی بحالی

اس سال ماحولیات کے عالمی دن کا تھیم ''کرہ ارض کی بحالی، ویرانی وخشک سالی'' کے خلاف برداشت کا حصول ہمیں بعض اہم محرکات کی یاددلاتا ہے جوکرہ ارض کے مناظر کو بری طرح متاثر کررہے ہیں اور ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہم اپنے مستقبل کے تحفظ کے لیے ماحولیاتی نظام کی بحالی کے ذریعے کرہ ارضی کی ویرانی سے نمٹنے کے لیے اقدامات کریں۔ آیئے ہم عالمی یوم ماحولیات کو منانے سے ایک قدم آگے اس موضوع کو لیں کہ کرہ ارض پر زندگی کو برقرار رکھنے کی ایک عالمی ضرورت ہے، جو کہ دوسری صورت میں انسانی مداخلت کی وجہ سے رکاوٹ بن رہی ہے۔ خشک سالی سے بچنے کے لیے زمین کی بحالی کو ترجیح دینا پاکستان جیسے ملک کے لیے ضروری ہے کہ وہ ریگستان کا مقابلہ کرکے اپنی زرخیز زمین کی حفاظت کرے تاکہ ہم اپنی خوراک کی حفاظت، حیاتیاتی تنوع اور کمیونٹی کی برداشت کی صلاحیت کو یقینی بنا سکیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ان چیزوں کو سمجھا جائے اور ان پر عمل کیا جائے۔ کمیونٹیز اور ترقیاتی شراکت داروں کو زمین کی بحالی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے حکومت کے ساتھ ہاتھ ملانے کی ضرورت ہے، تاکہ زمین کے انحطاط کو روکنے اور ماحولیاتی نظام کی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے لیے زمین کے انتظامی طریقہ کار کو پائیدار بنایا جاسکے۔ جنگلات کی کٹائی کو سختی سے روکنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ ماحولیاتی انحطاط اور موسمیاتی تبدیلیاں ہماری زمین اور اس کی پیداواری صلاحیت پر تباہ کن اثرات مرتب کر رہی ہیں، جس سے ہماری خوراک کی سلامتی خطرے میں پڑ رہی ہے۔ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف موسمیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات پر تشویش کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ چونکہ شرم الشیخ میں COP27 میں نقصان اور نقصان کے فنڈ کے قیام کے نتیجے میں ان کے مضبوط سفارتی دباؤ کے بعد سے پی ڈی ایم اور ان کی قیادت میں موجودہ حکومت پاکستان کے موسمیاتی ایجنڈے کو سنجیدگی سے آگے بڑھا رہی ہے۔ حکومت خلوص دل سے یقین رکھتی ہے کہ زمین کی بحالی، صحرائی عمل اور خشک سالی سے بچاؤ انتہائی اہم ہے۔ ایک اچھی طرح سے تشکیل شدہ قومی موافقت کا منصوبہ 2023 اور اب آنے والا قومی فلڈ پروٹیکشن پلان (جلد ہی وزیر اعظم کے ذریعہ منظر عام پر لایا جائے گا) موسمیاتی تبدیلیوں کے بڑے خطرات جیسے سیلاب، خشک سالی، گرمی کی لہروں، اور اس کے نتیجے میں مٹی کے انحطاط اور اس کے نتیجے میں فطرت پر مبنی ماحولیاتی نظام پر اثرات حل کا مطالبہ کرتے ہیں۔

پاکستان حالیہ دہائیوں میں شدید اور جان لیوا سیلابوں، گرمی کی لہروں اور خشک سالی کے واقعات کا سامنا کر رہا ہے۔ قرضوں کے مسلسل بحران اور یکے بعد دیگرے آفات کے درمیان ملک کو زمینی انحطاط اور آبی انتظام کے نظام میں خامیوں کو دور کرنے کا بھی سامنا ہے۔

پاکستان پالیسی ڈسکورس اور سٹریٹجک فریم ورک کے ذریعے موسمیاتی لچک کا ہراول دستہ بن سکتا ہے۔ تاہم، ان فریم ورک کو عملی جامہ پہنانے کے لیے موسمیاتی مالیات کی ضرورت ہوتی ہے، اور آب و ہوا کو آلودہ کرنے والے بڑے ممالک کا آب و ہوا کے فنڈز میں اپنا متناسب حصہ فراہم کرنے کے لیے کمزور رویہ اس کام کو مشکل بنا رہا ہے۔ ان رکاوٹوں کے باوجود، حکومت موسمیاتی خطرات کے خلاف لچک پیدا کرنے کے لیے مقامی وسائل مہیا کرنے کی کوشش کررہی ہے۔



خصوصی کالم

روبینہ خورشید عالم

کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ

خشکی کی لہریں خشک سالی کی شکل میں ظاہر ہونے والی بدصورت صورتحال میں اضافہ کررہی ہیں، جس سے زراعت کو خطرہ لاحق ہے اور ملک میں پہلے ہی پانی کے وسائل کی کمی ہے۔ مزید برآں، خشک سالی مزید سماجی و اقتصادی چیلنجوں کا سبب بنتی ہے جو موجودہ عدم مساوات کو مزید سنگین کرتی ہے اور اسی وجہ سے غربت کو دوام بخشتی ہے 2025 تک، خشک سالی دنیا کی تقریباً تین چوتھائی آبادی کو متاثر کر سکتی ہے۔ پاکستان ان 23 ممالک میں سرفہرست ہے جہاں خشک سالی کی ایک بڑی ایمرجنسی کا سامنا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کی وزارت تسلیم کرتی ہے کہ زرخیز زمین کا صحرا میں بدلنا انسانی سرگرمیوں اور ماحولیاتی انحطاط سے پیدا ہوا ہے، جس سے پاکستان کو اس کے متعدد اثرات سے داغدار کردیا گیا ہے، جن میں موسمیاتی خطرات، زمین کی زرخیزی میں کمی، حیاتیاتی تنوع میں کمی، اور زمین کی پیداواری صلاحیت میں کمی شامل ہے، جس سے خطرات میں اضافہ ہوا ہے۔ کمزور مقامی کمیونٹیز ہمیشہ خشک سالی کا شکار رہی ہیں لیکن ان کی موجودگی میں جنگلات کی بڑے پیمانے پر کٹائی اور انتھروپوجنک سرگرمیوں کے ساتھ اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ سے موسمیاتی حالات میں واضح تبدیلی آئی ہے۔ طویل گرمی کی لہروں، بارشوں میں تاخیر، اور پانی کی ناقص تقسیم کے درمیان پانی کی سطح میں کمی اور ملک بھر میں بنیادی طور پر بنجر خصوصیات کے ساتھ دریاؤں کے خشک ہونے کی وجہ سے پانی کا تناؤ لوگوں کو سخت متاثر کر رہا ہے۔ پاکستان میں پانی کی فی کس دستیابی 1951 میں 060,5 کیوبک میٹر سالانہ سے کم ہو کر اب صرف 908 کیوبک میٹر رہ گئی ہے۔ سندھ اور جنوبی پنجاب کے پہلے ہی پانی کی قلت والے علاقوں میں بڑھتی ہوئی گرمی اور پانی کی کمی سے ہمارے مویشی شدید متاثر ہیں۔ UNDP کا کہنا ہے کہ اگر آج کوئی فوری اقدام نہ کیا گیا تو پاکستان 2025 تک (اگلے سال تک) خشک سالی کا شکار ہو جائے گا۔ لہٰذا اب وقت آ گیا ہے کہ پانی کے وسائل کے تحفظ اور سمجھداری سے استعمال پر عمل کیا جائے۔ ایک رپورٹ کے مطابق انڈس ڈیلٹا 1833 میں 000,13 مربع کلومیٹر سے 92 فیصد تک سکڑ کر صرف 000,1 مربع کلومیٹر رہ گیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کی وزارت کی طرف سے نیا لیونگ انڈس اقدام اس وقت جاری ہے اور سندھ طاس کی صحت کو بحال کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ پاکستان نے ''فطرت پر مبنی حل'' کے تھیم کے تحت ایک ماحولیاتی نظام کی بحالی کا اقدام بھی شروع کیا ہے تاکہ صحرا بندی، نقصان جیسے اہم مسائل سے نمٹا جا سکے۔ وزارت، موسمیاتی تبدیلی، زمین کی بحالی، اور خشک سالی کی لچک کے واضح تجزیہ کے ساتھ، خشک سالی کی تیاری کو بہتر بنانے اور متعدد اقدامات کے ذریعے خشک سالی کے خلاف برداشت پیدا کرنے پر غور کر رہی ہے۔ حکومت اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے کہ ہم خشک سالی کو ہونے سے نہیں روک سکتے، لیکن ہم اپنے پانی کو محفوظ رکھ کر ان کے لیے تیاری کر سکتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت 2030 تک اپنے اہداف حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ خشک سالی کے خلاف معاشرے کی لچک اور پائیداری صرف آبی وسائل کے مربوط نظام، بہتر اور اختراعی آب و ہوا سے متعلق سمارٹ ایگریکلچر کے طریقوں اور کمیونٹی کو بااختیار بنانے کے ذریعے ہی تعمیر کی جاسکتی ہے۔ اگر ہم واقعی چاہتے ہیں کہ ہماری کمیونٹیز لچکدار بنیں، ماحولیاتی نظام بحال ہو، اور کرہ ارض کے مناظر آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ ہوں، تو ہمیں ایک ایسا نظام قائم کرنا ہوگا جو پانی کی کارکردگی، مٹی کے تحفظ، اور خشک سالی سے بچنے والی ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری میں اضافہ کرے۔

جنگلات کی کٹائی اور زمین کی کٹائی کا براہ راست تعلق ہے، کیونکہ پاکستان کے شمالی علاقوں میں جنگلات کی کٹائی مٹی کے کٹاؤ اور زمین کی تنزلی کا سبب بنتی ہے۔ میں ورلڈ کاؤنٹس کے حوالے سے حیران ہوں، جس میں کہا گیا ہے کہ ہر سیکنڈ میں ایک فٹ بال کے میدان کے برابر جنگل ختم ہو جاتا ہے، اور 2016 سے، دنیا بھر میں اوسطاً ہر سال 28 ملین ہیکٹر جنگلات کاٹ دیے گئے ہیں۔ 2000 کے بعد سے، دنیا نے درختوں کے احاطہ میں 9 فیصد کی دیکھی۔ بڑے پیمانے پر جنگلات کی کٹائی لکڑی کے لالچ، مویشیوں کے لیے زمین، فصلوں، اور دیگر عالمی سطح پر تجارت کی جانے والی اشیاء، اور مکانات کی تعمیر کے لیے ہوتی ہے۔ حکومت اپنی طرف سے جو کچھ بھی کر رہی ہے، ہوسکتا ہے کہ وہ کافی نہ ہو کیونکہ موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی نظام کی بحالی، پانی کے تحفظ اور دیگر متعلقہ شعبوں کے لیے پورے معاشرے کے نقطہ نظر کی ضرورت ہے۔ لہٰذا پاکستانی عوام کو قومی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں بحیثیت شہری اور معاشرے کو مزید جنگلات اگانے، کاغذ کے بغیر جانے، لکڑی کی مصدقہ مصنوعات خریدنے اور جنگلات پر مبنی مصنوعات کو ذمہ داری سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے تاکہ جنگلات کی پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے۔ پالیسیاں، مقامی حقوق کی حمایت کریں، ہمارے کاربن فٹ پرنٹ کو آفسیٹ کریں، قابل تجدید توانائی کا استعمال کریں، اور رضاکارانہ طور پر یا ان لوگوں کو عطیہ کریں جو جنگلات کی کٹائی کو روکنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ہمیں کرہ ارض کے مستقبل کے لیے جنگلات کا تحفظ کرنا چاہیے۔ جنگل کی مصنوعات عام طور پر دوبارہ قابل استعمال ہوتی ہیں لہٰذا موثر طریقے سے ری سائیکلنگ کی مشق کریں۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کیوں اہم ہے، زکوٰۃ نہ دینے والوں بارے کیا حکم ہے؟؟؟

سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے انہوں نے اما بعد کہا پھر کہا رسول اللہ ﷺ ہم کو حکم دیتے تھے کہ ہم ان چیزوں میں سے زکوٰۃ نکالیں جنہیں ہم بیچنے کے لیے رکھتے تھے۔ عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی، اس کے ساتھ اس کی ایک بچی تھی، اس بچی کے ہاتھ میں سونے کے دو موٹے موٹے کنگن تھے، آپؐ نے اس سے پوچھا: کیا تم ان کی زکوٰۃ دیتی ہو؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: کیا تمہیں یہ اچھا لگے گا کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تمہیں آگ کے دو کنگن ان کے بدلے میں پہنائے۔ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں کہ اس عورت نے دونوں کنگن اتار کر انہیں رسول اللہ ﷺ کے سامنے ڈال دیئے اور بولی یہ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں۔ ام المومنین ام سلمہؓ کہتی ہیں میں سونے کے اوضاح پہنا کرتی تھی، میں نے عرض کیا اللہ کے رسول! کیا یہ کنز ہے؟ آپؐ نے فرمایا جو مال اتنا ہوجائے کہ اس کی زکوٰۃ دی جائے پھر اس کی زکوٰۃ ادا کردی جائے وہ کنز نہیں ہے۔

حماد کہتے ہیں میں نے ثمامہ بن عبداللہ بن انس سے ایک کتاب لی، وہ کہتے تھے: یہ ابوبکرؓ نے انسؓ کے لیے لکھی تھی، اس پر رسول اللہ ﷺ کی مہر لگی ہوئی تھی، جب آپ نے انہیں صدقہ وصول کرنے کے لیے بھیجا تھا تو یہ کتاب انہیں لکھ کر دی تھی، اس میں یہ عبارت لکھی تھی: یہ فرض زکوٰۃ کا بیان ہے جو رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں پر مقرر فرمائی ہے اور جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی اکرم ﷺ کو دیا ہے، لہٰذا جس مسلمان سے اس کے مطابق زکوٰۃ طلب کی جائے، وہ اسے ادا کرے اور جس سے اس سے زائد طلب کی جائے، وہ نہ دے: پچیس سے کم اونٹوں میں ہر پانچ اونٹ پر ایک بکری ہے، جب پچیس اونٹ پورے ہوجائیں تو پینتیس تک میں ایک بنت مخاض ہے، اگر بنت مخاض نہ ہو تو ابن لبون دیدے، اور جب چھتیس اونٹ ہوجائیں تو پینتالیس تک میں ایک بنت لبون ہے، جب چھیالیس اونٹ پورے ہوجائیں تو ساٹھ تک میں ایک حقہ واجب ہے، اور جب اکسٹھ اونٹ ہوجائیں تو پچھتر تک میں ایک جذعہ واجب ہوگی، جب چھہتر اونٹ ہوجائیں تو نوے تک میں دو بنت لبون دینا ہوں گی، جب اکیانوے ہوجائیں تو ایک سو بیس تک دو حقہ اور جب ایک سو بیس سے زائد ہوں تو ہر چالیس میں ایک بنت لبون اور ہر پچاس میں ایک حقہ دینا ہوگا۔ اگر وہ اونٹ جو زکوٰۃ میں ادا کرنے کے لیے مطلوب ہے، نہ ہو، مثلاً کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اسے جذعہ دینا ہو لیکن اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ حقہ ہو تو حقہ ہی لے لی جائے گی، اور ساتھ ساتھ دو بکریاں، یا بیس درہم بھی دیدے۔ یا اسی طرح کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان میں حقہ دینا ہو لیکن اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ جذعہ ہو تو اس سے جذعہ ہی قبول کرلی جائے گی، البتہ اب اسے عامل (زکوٰۃ وصول کرنے والا) بیس درہم یا دو بکریاں لوٹائے گا، اسی طرح سے کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان میں حقہ دینا ہو لیکن اس کے پاس حقہ کے بجائے بنت لبون ہوں تو بنت لبون ہی اس سے قبول کرلی جائے گی۔ ابوداؤد کہتے ہیں: یعنی اگر اسے میسر ہو تو اس سے دو بکریاں یا بیس درہم واپس لے لیں گے، اگر کسی کے پاس اتنے اونٹ ہوں، جن میں بنت لبون واجب ہوتا ہو اور بنت لبون کے بجائے اس کے پاس حقہ ہو تو حقہ ہی اس سے قبول کرلیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اسے بیس درہم یا دو بکریاں واپس کرے گا، جس کے پاس اتنے اونٹ ہوں جن میں بنت لبون واجب ہوتی ہو اور اس کے پاس بنت مخاض کے علاوہ کچھ نہ ہو تو اس سے بنت مخاض لے لی جائے گی اور اس کے ساتھ ساتھ دو بکریاں یا بیس درہم اور لیے جائیں گے، جس کے اوپر بنت مخاض واجب ہوتا ہو اور بنت مخاض کے بجائے اس کے پاس ابن لبون مذکر ہو تو وہی اس سے قبول کرلیا جائے گا اور اس کے ساتھ کوئی چیز واپس نہیں کرنی پڑے گی، اگر کسی کے پاس صرف چار ہی اونٹ ہوں تو ان میں کچھ بھی نہیں ہے سوائے اس کے کہ ان کا مالک اپنی خوشی سے کچھ دیدے۔ اگر چالیس بکریاں چرنے والی ہوں تو ان میں ایک سو بیس تک ایک بکری دینی ہوگی، جب ایک سو اکیس ہوجائیں تو دو سو تک دو بکریاں دینی ہوں گی، جب دو سو سے زیادہ ہوجائیں تو تین سو تک تین بکریاں دینی ہوں گی، جب تین سو سے زیادہ ہوں تو پھر ہر سینکڑے پر ایک بکری دینی ہوگی، زکوٰۃ میں بوڑھی عیب دار بکری اور نر بکرا نہیں لیا جائے گا سوائے اس کے کہ مصلحتاً زکوٰۃ وصول کرنے والے کو نر بکرا لینا منظور ہو۔ اسی طرح زکوٰۃ کے خوف سے متفرق مال جمع نہیں کیا جائے گا اور نہ جمع مال متفرق کیا جائے گا اور جو نصاب دو آدمیوں میں مشترک ہو تو وہ ایک دوسرے پر برابر کا حصہ لگا کرلیں گے اگر چرنے والی بکریاں چالیس سے کم ہوں تو ان میں کچھ بھی نہیں ہے سوائے اس کے کہ مالک چاہے تو اپنی مرضی سے کچھ دیدے، اور چاندی میں چالیسواں حصہ دیا جائے گا البتہ اگر وہ صرف ایک سو نوے درہم ہو تو اس میں کچھ بھی واجب نہیں سوائے اس کے کہ مالک کچھ دینا چاہے۔



سائرن

محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

ابن شہاب زہری کہتے ہیں یہ نقل ہے اس کتاب کی جو رسول اللہ ﷺ نے زکوٰۃ کے تعلق سے لکھی تھی اور وہ عمر بن خطابؓ کی اولاد کے پاس تھی۔ ابن شہاب زہری کہتے ہیں: اسے مجھے سالم بن عبداللہ بن عمر نے پڑھایا تو میں نے اسے اسی طرح یاد کرلیا جیسے وہ تھی، اور یہی وہ نسخہ ہے جسے عمر بن عبدالعزیز نے عبداللہ بن عبداللہ بن عمر اور سالم بن عبداللہ بن عمر سے نقل کروایا تھا، پھر آگے انہوں نے پوری حدیث ذکر کی اور کہا: جب ایک سو اکیس اونٹ ہوجائیں تو ان میں ایک سو انتیس تک تین بنت لبون واجب ہیں، جب ایک سو تیس ہوجائیں تو ایک سو انتالیس تک میں دو بنت لبون اور ایک حقہ ہیں، جب ایک سو چالیس ہوجائیں تو ایک سو انچاس تک دو حقہ اور ایک بنت لبون ہیں، جب ایک سو پچاس ہوجائیں تو ایک سو انسٹھ تک تین حقہ ہیں، جب ایک سو ساٹھ ہوجائیں تو ایک سو انہتر تک چار بنت لبون ہیں، جب ایک سو ستر ہوجائیں تو ایک سو اناسی تک تین بنت لبون اور ایک حقہ ہیں، جب ایک سو اسی ہوجائیں تو ایک سو نواسی تک دو حقہ اور دو بنت لبون ہیں، جب ایک سو نوے ہوجائیں تو ایک سو ننانوے تک تین حقہ اور ایک بنت لبون ہیں، جب دو سو ہوجائیں تو چار حقے یا پانچ بنت لبون، ان میں سے جو بھی پائے جائیں، لے لیے جائیں گے۔ اور ان بکریوں کے بارے میں جو چرائی جاتی ہوں، اسی طرح بیان کیا جیسے سفیان بن حسین کی روایت میں گزرا ہے، مگر اس میں یہ بھی ہے کہ زکوٰۃ میں بوڑھی یا عیب دار بکری نہیں لی جائے گی، اور نہ ہی غیر خصی (نر) لیا جائے گا سوائے اس کے کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا خود چاہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

ایک گرفتاری سے جڑی کہانیاں

جس گرفتاری کا ان دنوں ہر محفل میں ذکر ہورہا ہے وہ ہماری تاریخ کی ''اس'' ادارے سے وابستہ رہے کسی فرد کی پہلی گرفتاری نہیں ہے۔ قیام پاکستان کے چند ہی برس بعد اکبر نام کے اعلیٰ ترین افسر کو گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کی اہلیہ بیگم نسیم جہاں بھی ان کے ساتھ گرفتار ہوئیں۔ بعدازاں بریگیڈیئر سے میجر تک کے 20 کے قریب افسر بھی گرفتار ہوئے۔ ان میں سے چند وعدہ معاف گواہ بن گئے اور ''پنڈی سازش کیس'' کے نام سے مشہور زمانہ مقدمہ قائم ہوا۔ فوجی افسران کے علاوہ کئی قدآور غیر فوجی بھی مذکورہ سازش میں ملوث ہونے کے الزام میں برسوں اذیت خانوں اور جیلوں میں مقید رہے۔ نمایاں ترین نام ان میں مشہور شاعر فیض احمد فیض کا تھا۔ گرفتاری سے قبل فوج کے شعبہ تعلقات عامہ سے الگ ہوکر لاہور سے میاں افتخار الدین کے پروگریسو پیپرز کی جانب سے نکالے اردو اور انگریزی کے دو اہم اخبارات کے بانی مدیر اعلیٰ ہوئے تھے۔

پنڈی سازش کیس کے علاوہ بھٹو صاحب کے دور میں ''اٹک سازش کیس'' بھی منظر عام پر آیا۔ ایک ''سازش'' محترمہ بے نظیر بھٹو کے دوسرے دور میں بھی ہوئی تھی۔ ملکی تاریخ کا طالب علم ہوتے ہوئے لیکن میں حال ہی میں ہوئی گرفتاری کو ''پنڈی سازش کیس'' کی صورت اختیار کرتا دیکھ رہا ہوں۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ پنڈی سازش کیس محض چند فوجی افسروں کی اپنی کمان یا حکومت وقت کے خلاف ''بغاوت'' ہی شمار نہیں ہوئی تھی۔ اصل الزام یہ تھا کہ مذکورہ سازش میں ملوث افراد پاکستان میں ''کمیونسٹ پارٹی'' کے کلیدی افراد کے ساتھ مل کر ''انقلاب'' برپا کرنا چاہ رہے تھے۔ مقصد اس کا پاکستان کو روس اور چین کی طرح سوشلسٹ ملک بنانا تھا۔

چند فوجی افسروں کو ہم خیال بنا کر ''سوشلسٹ انقلاب'' برپا کرنے کا تجربہ اس سے قبل کسی بھی ملک میں نہیں ہوا تھا۔ چین میں جو سوشلسٹ انقلاب آیا اسے برپا کرنے سے قبل ماؤزے تنگ نے اپنی قیادت میں اگرچہ ایک گوریلا تنظیم بھی بنائی تھی۔ مقصد اس کا چین پر قابض ہوئے جاپان کے خلاف مسلح مزاحمت تھی۔ غیر ملکی قبضے کے خلاف چین کا دایاں بازو بھی متحرک رہا۔ اس کی قیادت چیانگ کائی شیک کے پاس رہی۔ دائیں اور بائیں بازو کے گوریلے کئی برسوں تک غیر ملکی قبضے کے خلاف ''متحدہ محاذ'' کی صورت جنگ آزادی لڑتے رہے۔ جاپان دوسری جنگ عظیم کے نتیجے میں شکست سے دوچار ہوا تو ماؤزے تنگ اور چیانگ کائی شیک نظریاتی بنیادوں پر تقسیم ہوگئے۔ بالآخر ماؤزے تنگ کی سوچ کامیاب وکامران ہوئی۔



برملا

نصرت جاوید

nusrat.javeed@gmail.com

اصل موضوع سے بھٹک گیا ہوں۔ واقعات کو تاریخ کے تناظر میں رکھے بغیر بات سمجھانا مگر مشکل ہو جاتا ہے۔ سوشل میڈیا کے دور میں اگرچہ قارئین وناظرین کی اکثریت محض چند لفظوں کے ذریعے ''مکدی گل'' جاننے کا تقاضہ کرتی ہے۔ تاریخ کا ذکر چھڑ گیا تو یہ بھی یاد دلانے میں کوئی حرج نہیں کہ ایک روایتی فوج میں سے ''انقلابی'' ڈھونڈ کر انہیں حریف بنانے کے بعد ''سوشلسٹ انقلاب'' برپا کرنے کی کوشش اپریل 1978ء میں افغانستان میں بھی ہوئی۔ اس کے انجام سے ہم بخوبی واقف ہیں۔ تاریخی تقاضوں کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اصرار کرنے کو مجبور ہوں کہ قیام پاکستان کے چند ہی برس بعد انگریز کی تربیت یافتہ فوج میں سے چند افراد کو ساتھ ملاکر ''انقلاب'' لانے کی کوشش اگر کامیاب ہوجاتی تب بھی انجام اس کا افغانستان کے نام نہاد ''ثور انقلاب'' جیسا ہوتا تھا۔

1857ء کے ہولناک واقعات کے بعد برطانوی سامراج نے ہمارے بزرگوں کو قابو میں رکھنے کے لئے جس ریاستی ڈھانچے کو متعارف کروایا وہ بنیادی طور پر افسر شاہی پر مشتمل تھا۔ فوج کو روزمرہ معاملات سے سوچی سمجھی پالیسی کے تحت سختی سے الگ رکھا جاتا تھا۔ روزمرہ زندگی سے کٹی اور چھاؤنیوں تک محدود ہوئی فوج اور اس کے گھرانے ایک مخصوص ''ثقافت'' کے عادی بنائے جاتے تھے۔ پنڈی سے منسوب ہوئی ''سازش'' میں ملوث افراد یہ حقیقت بھی احمقانہ حد تک نظرانداز کرتے رہے کہ برطانیہ کا فوج کے حوالے سے تیار کردہ ماڈل Unity of Command کا مظہر تھا۔ کمان کی یکسوئی کے حتمی نکتے پر جو شخص براجمان ہوتا اس کا حکم بارش کے پانی کی طرح پہاڑ کی چوٹی سے نیچے آتا ہے۔ کمان کی وحدت کمزور کرنے کی کوشش حتمی طور پر ادارے ہی میں خلفشار کو جنم دیتی ہے۔ حالیہ دنوں میں اس کی تازہ ترین مثال سوڈان میں خوفناک حد تک عیاں ہورہی ہے۔ ''پنڈی سازش کیس'' کی کامیابی کے امکانات محدود تر تھے۔ وہ اگر کامیاب ہو بھی جاتی تو ہمارا حال بھی ان دنوں کے سوڈان جیسا ہوتا۔ اہم ترین بات یہ بھی ہے کہ پنڈی میں پروان ہوئی سازش ان دنوں کے مشرقی پاکستان پر کنٹرول قائم کرنے میں قطعاً ناکام رہتی۔

فروعی معاملات کی جانب بھٹک جانے کے بجائے بنیادی طور پر عرض فقط یہ گزارنی ہے کہ جس گرفتاری کے چرچے ہورہے ہیں وہ بتدریج پنڈی سازش کیس کی طرح چند غیر فوجی افراد کی گرفتاریوں کی جانب بڑھے گی۔ پنڈی سازش کیس کا ہدف لیاقت علی خان حکومت کے خاتمے کے بعد ''کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان'' کو اقتدار میں لانا تھا۔ وہ جماعت عوامی سطح پر مقبول نہیں تھی۔ اسی باعث اس سے منسوب سازش ناکام ہوئی تو عوام کی بے پناہ اکثریت گرفتار ہوئے افراد کی مصیبتوں سے لاتعلق رہی۔ سرد جنگ کا آغاز ہوجانے کے سبب مذکورہ سازش کی ناکامی امریکی کیمپ کے بھی بہت کام آئی۔ پاکستان کو امریکہ نے روس کے خلاف اہم ترین مہرہ تسلیم کرلیا۔ کمیونزم کے خلاف لڑنے کے لئے ہماری فوج کو جدید ترین بنانے کی کاوشوں کا آغاز ہوا۔ 1950ء کی دہائی میں ہوئی سرمایہ کاری بالآخر 1980ء کی دہائی میں ''افغان جہاد'' کی صورت بارآور ہوئی۔

جس گرفتاری کے چرچے ہورہے ہیں وہ اگر واقعتاً کسی ''سازش'' سے جڑی ہوئی ہے تو تعلق اس کا بالآخر جس سیاسی جماعت سے جوڑا جاسکتا ہے اس کا نام لکھنے کی ضرورت نہیں۔

حتمی منظوری اور مٹکے والی سرکار

پاکستان صرف پاکستانی عوام کا ہی نہیں، پوری امت مسلمہ کی امید ہے، پاکستان جب ایٹمی طاقت بنا تو اُمت نے انتہائی خوشی منائی کہ اب ہم طاقتور ہوگئے ہیں، لیکن یہ ایٹمی طاقت ہی معاشی بدحالی کا شکار ہوگئی اور اس کے عوام بڑھتی مہنگائی، اضافی بجلی کے بم اور بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں، کیونکہ اس ملک پر لوٹ مار کرنے والے حکمران اشرافیہ قابض ہیں اور اپنے ہی غریب عوام کا بڑی بے دردی سے استحصال کر رہے ہیں، پاکستان نے پوری اُمت مسلمہ کو لیڈ کرنا تھا، لیکن یہ خود کو ہی سنبھال نہیں پا رہا ہے اور آگے جانے کے بجائے پیچھے ہی کی جانب چلا جا رہا ہے، اس کے ذمہ داران سے جان چھڑانا ہوگی۔

اس ملک کی بدحالی کے ذمہ دار کوئی اور نہیں، اس ملک کے اپنے ہی نااہل حکمران رہے ہیں، لیکن یہ اپنی نااہلیاں ماننے کیلئے تیار ہیں نہ ہی اپنی کوتاہیوں کا ازالہ کر رہے ہیں، بلکہ اپنی وہی پرانی غلطیاں ہی دہرائے چلے جا رہے ہیں اور اپنا ملبہ ایک دوسرے پر ہی ڈالے چلے جا رہے ہیں، اگر اس طرح بات نہ بنے تو ساری بات نظام پر ڈال دیتے ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف بھی بوسیدہ ملکی نظام کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں 77 سال کی پرانی بیماریوں سے جان چھڑانی پڑے گی 'وزیر اعظم بجا فرما رہے ہیں، لیکن ان کی ساری باتوں کا مخاطب نشانہ خود ان کی اپنی پارٹی اور اپنے ہی حلیف رہے ہیں، یہ سارے لوگ خود ہی بوسیدہ نظام کے چلے ہوئے کارتوس ہیں، اس نظام کی بوسیدگی میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کا مساوی حصہ رہا ہے، اس کے بعد اس بوسیدہ نظام سے جان چھڑانے کا صاف اور واضح مطلب ہے کہ ان آزمائے حکمرانوں سے ہی جان چھڑانا ہے۔

صدائے سحر

شاہد ندیم احمد

sadaaysehar@gmail.com

یہ انتہائی دلچسپ بات ہے کہ وزیر اعظم خود ہی ثبوت دیتے ہوئے دہرارئے جا رہے ہیں کہ ہر سال 500 ارب روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے اور یہ سب ملی بھگت سے ہی ہو رہا ہے، اس کا مطلب ہے کہ یہ ملی بھگت آپ ہی کے کل پرزوں کی جاری ہے، آپ کے اپنے ہی حواری سب کچھ کر رہے ہیں، کوئی باہر سے تو نہیں آیا ہے، وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ درآمدی ایندھن سے چلنے والے گھسے پٹے منصوبے بند پڑے ہیں' بعض بند پلانٹس اسکریپ ہو چکے ہیں، مگر وہاں بھی تنخواہوں اور مراعات کے نام پر اربوں روپے دیئے جا رہے ہیں، وزیر اعظم گزشتہ دو سال سے خود ہی وزیر اعظم ہیں اور اس سے قبل تین مرتبہ ان کے بھائی اور چار مرتبہ پیپلز پارٹی حکمراں رہی ہے اور اب بھی حکمرانی کے مزے لوٹ رہی ہے تو پھر درآمدی ایندھن سے چلنے والے گھسے پٹے منصوبے کیوں بند پڑے رہے اور اس میں تنخواہیں اور مراعات کون دیتا رہا ہے، یہ سارے ہی پلانٹ کس نے منظور کیے اور اس کے معاہدے کس نے کیے ہیں، یہ خود ہی سب خرابیوں کے ذمہ دار ہیں تو پھر ان سے ہی جان چھڑانا ہوگی۔

پاکستانی عوام اتنے بھولے نہیں ہیں کہ اس ملک کی بدحالی کے ذمہ داروں کو پہچانتے نہیں ہیں، عوام سب کچھ جانتے ہیں اور پہچانتے ہیں، آزمائے ہوؤں سے جان چھڑانا بھی چاہتے ہیں، انہیں عوام نے مسترد بھی کیا ہے، لیکن عوام کے فیصلے کو مانا جا رہا ہے نہ ہی عوام کی خواہشات کا احترام کیا جا رہا ہے، بلکہ عوام سے بند کمروں کے فیصلوں کو منوایا جا رہا ہے، اس کے خلاف عوام سراپا احتجاج ہیں اور آواز اٹھا رہے ہیں، عوام کی آواز کو دبایا جا رہا ہے اور دیوار سے لگایا جا رہا ہے، عوام سارے مظالم برداشت کرتے ہوئے بھی مزحمت کر رہے ہیں اور ہر پلیٹ فارم پر اپنا احتجاج ریکارڈ کرا رہے ہیں، حکومت اظہار رائے کا ہر راستہ روک رہی ہے، انٹرنیٹ اور میڈیا پر پابندیاں لگا رہی ہے، لیکن ان پابندیوں سے عوام کی آواز دبنے والی ہے نہ ہی حکومت مخالف تحریک روکنے والی ہے، اس حکومت کی اظہار رائے پر پابندی اور انسانی حقوق کی پامالی پر جتنی رسوائی اور جگ ہنسائی ہو رہی ہے، شاید کبھی اتنی کسی کی نہیں ہوئی ہے، اس کے باوجود کوئی شرم آ رہی ہے نہ ہی کوئی حیا، کہیں دکھائی دے رہی ہے۔

اتحادی حکومت اپنا اقتدار بچانے اور چلانے کیلئے جو کچھ بھی کر رہی ہے، اس طرح اقتدار چلے گا نہ ہی زیادہ دیر تک اقتدار بچایا جاسکے گا، حکومت سمندر کے آگے بند باندھنے کی احمقانہ کوشش کر رہی ہے، اس سے سمندر تو نہیں رکے گا، البتہ ملک کو ناقابل تلافی نقصان ضرور پہنچ سکتا ہے، حکومت عوام کی زباں بندی کا ہدف حاصل کرنے کے خبط میں پابندیاں لگا کر پتھر کے زمانہ میں دھکیلنے کے بجائے جدید انفرمیشن ٹیکنالوجی انقلاب کی راہ پر گامزن کرے، اس میں ہی ملک وعوام کی بھلائی ہے، ورنہ عوام خود ہی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے آگے بڑھنے کی راہ تلاش کرکے آزمائے ہوؤں کو کسی گہری کھائی میں دھکیلنے سے گریز نہیں کریں گے۔

حتمی منظوری اور مٹکے والی سرکار

ذمہ دار طور کی زبانی اڑتی سی اک خبر یوں ملی ہے کہ 9 مئی کے روز فوج کے جن 232 اہداف پر حملے کئے گئے تھے۔ ان کا تعین جنرل فیض نے کیا تھا جو اب باضابطہ سرکاری مہمان ہیں اور زیر کورٹ مارشل ہیں۔ اطلاع کے مطابق 9 مئی کے متعلق سارے فیصلے ایک سہ رکنی کمیٹی نے کئے تھے جس کے صدر جنرل فیض، مہمان خصوصی گریٹ خان اور ویٹو پاور ہولڈر مٹکے والی سرکار تھی اور اطلاع میں جو سب سے اہم بات بتائی گئی ہے وہ یہ ہے کہ فیصلوں کی حتمی منظوری مٹکے والی سرکار کے مٹکے نے دی۔ مٹکے کے اردگرد کالے ماش کا دائرہ بنایا گیا۔ فیصلے اشاروں کی زبان میں کاغذ کی پرچیوں پر لکھے گئے، یہ پرچیاں مٹکے میں ڈالی گئیں، پھر منہ بند کر کے مٹکے کے اوپر لکڑی (یا کوئی اور شے) گھمائی گئی اور بعدازاں پتہ چلا کہ مٹکا شریف نے تمام فیصلوں کی منظوری ہمراہ اس بشارت کے دے دی کہ پلان کامیاب ہوگا۔ موکلوں نے ٹھوک بجا کر تخمینہ لگایا کہ فیصلہ سعد گھڑی میں کیا گیا ہے، بصورت بہت ہی شبھ ہے اور شبھ شبھ ہو میں کوئی شبہ، کوئی شائبہ نہیں۔

مٹکے والی سرکار کا اعتبار لیکن 9 مئی کی شام ٹوٹنے لگا اور بعد کے حالات میں پہلے گریٹ خان عرف دولہے میاں جیل پہنچے، پھر مٹکے والی سرکار اور اب قدرے دیر سے صاحب صدر بھی۔ اس سارے منترے میں گھوٹالا کیونکر ہوا، مٹکے والی سرکار بھی حیران ہے کہ ایک کے بعد ایک کے حساب سے سارے سیدھے کام بھی پھر الٹے ہی ہوتے گئے۔ کچھ کا کہنا ہے کہ احکامات کی ساعت کے دوران موکل دھوکہ کھا گئے، بعضوں کا خیال ہے کہ نہیں، خود موکل ہی دھوکے باز تھے، بے وفائی کر گئے یعنی لوٹا ہوگئے۔



وغیرہ وغیرہ

عبداللہ طارق سہیل

جنرل فیض اپنے دور اختیار میں مرد آہن کہلاتے تھے لیکن دوران حراست وہ خمیرہ ابریشم نکلے، یہ مٹکے والی بات بھی انہوں نے اپنے اس ابریشمی مرحلے میں بتائی اور صرف مٹکے والی سرکار ہی نہیں، اس تفتیش کے دوران انہوں نے کتنے ہی پردہ نشینوں کے نام بھی لے دیئے اور یہ بھی بتا دیا کہ کس نے کیا کیا کارنامے کئے۔

سنا ہے درجنوں گرفتاریاں اس تفتیش کی روشنی میں ہوں گی۔ کچھ ریٹائرڈ، کچھ حاضر سروس، کچھ سول بیوروکریٹ، کچھ انقلاب پارٹی کے بڑے عہدیدار، کچھ ورکر، حتیٰ کہ کچھ ٹی وی میزبان اور یوٹیوبر اور مزید حتیٰ کہ بعض ججوں کے نام بھی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ بڑے منصف اور اس کے ساتھی منصفوں نے خان کو دیکھ کر جب ''گڈ ٹو سی یو'' کہا تھا تو ایسے ہی نہیں کہا تھا۔ اس کے پیچھے یہ ''یقین محکم'' تھا کہ بس دو چار دنوں کی بات ہے، انقلاب آیا کہ آیا، پھر ہم تم ہوں گے منگل ہوگا، رقص میں سارا جنگل ہوگا اور اگلے روز جو خان کیلئے ضمانتوں کا جمعہ بازار سجا اور احکامات صادر ہوئے کہ جو مقدمات ابھی بنے ہی نہیں، ان میں بھی ضمانتیں منظور کی جاتی ہیں تو اس ماجرے کے پیچھے بھی یہی ''یقین محکم'' کارفرما تھا اور یہ بھی پتہ چلا ہے کہ چھ نے جو خط لکھا تھا اور ریاست پر الزامات بلاثبوت لگائے تھے تو اس خط کی علت اولیٰ بھی اسی چشمہ فیض سے پھوٹی تھی۔

خود گریٹ خان اب کیا کہتے ہیں؟۔ کہتے ہیں کہ میرا جنرل فیض سے کیا لینا دینا، میرے تو ان کے ساتھ محض پروفیشنل تعلقات تھے۔ میں وزیر اعظم تھا اور وہ ادارے کے سربراہ، بس یہی ورکنگ ریلیشن شپ تھی۔

اس ایک ننھے منے سے فقرے نے پوری داستان یاد دلا دی۔ جب جنرل فیض کا تبادلہ کرنے کا فیصلہ ہوا تو کس طرح گریٹ خان نے زمین پر لیٹ کر ہاتھ پاؤں چلانے شروع کر دیئے تھے اور تب تک چلاتے رہے تھے جب تک تبادلے کا فیصلہ موخر نہیں ہوگیا۔ خان نے اس موقع پر کہا، میری حکومت کے استحکام کیلئے جنرل فیض کا اپنی جگہ رہنا ضروری ہے نیز افغان مسئلے کا بھی تقاضا ہے کہ انہیں اپنی جگہ سے نہ ہٹایا جائے۔

یہ التوا بہرحال عارضی تھا، کچھ عرصہ بعد تبادلہ بالآخر ہوگیا اور خان اور مٹکے والی سرکار دونوں ہاتھ ملتے رہ گئے۔ ایک موقع پر خان نے یہ بھی بتایا کہ کس طرح قانون سازی اور اعتماد کے ووٹ کے مرحلوں پر ہمارے بندے باغی ہو جاتے تھے اور کس طرح فیض صاحب انہیں گھیر گھیر کر پکڑ پکڑ کر لاتے تھے۔ اور پھر وہ ملاقاتوں کے سلسلے، لوگوں کو اس کے علاوہ بھی بہت کچھ یاد ہے۔

بہرحال، خان کہتے ہیں کہ محض ''پروفیشنل'' تعلق تھا تو پھر سچ ہی کہتے ہوں گے۔

مٹکے والی سرکار کے پلو سے بندھی لال حویلی کی سرکار بھی پھر منتار بالائے پر ہوئی ہے اور فرمایا ہے کہ اکتوبر میں ٹیکنو کریٹ حکومت دیکھ رہا ہوں۔

مطلب حتمی طور پر یہ نکلا کہ اکتوبر میں یا مابعد اکتوبر کوئی ٹیکنو کریٹ حکومت نہیں آ رہی۔ لال حویلی والی سرکار جب بھی کہتی ہے کہ میں فلاں شے کو دیکھ رہا ہوں تو مطلب یہی ہوتا ہے کہ وہ چیز کہیں بھی نظر نہیں آ رہی۔

انہوں نے فرمایا، ملک میں خونیں انقلاب دیکھ رہا ہوں۔ سیانے سمجھ گئے تھے کہ شیخ جی دراصل یہ بتا رہے ہیں کہ سب امن رہے گا، کچھ برا نہیں ہونے والا۔ شیخ نے کہا میں ملک کو دیوالیہ ہوتے دیکھ رہا ہوں، سب سمجھ گئے کہ ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا۔

غدار کی بیٹی بھاگ گئی

بے شک اللہ حق ہے۔ آج بنگالیوں کی آنکھیں کھلنا شروع ہوگئیں، جس شخص کے سحر میں آکر انہوں نے ملک کو دولخت کیا آج اپنے ہاتھوں سے اس کا مجسمہ توڑ رہے ہیں۔ جس کسی نے بھی اس ملک خداداد پاکستان اور اس کی طاقت افواج پاکستان کا نقصان سوچا اس کا انجام دردناک رہا۔ وہ وقت دور نہیں جب پاکستانی قوم دور حاضر کے شیخ مجیب کو جوتے مارے گی اور اپنی قسمت کو کوسے گی۔ بنگلہ دیش میں سیاسی ہلچل اور بحران کے بعد پاکستان کی انتشاری جماعت کے رہنما ذرائع ابلاغ پر اپنی شرمندگی چھپانے کے لیے پھر یوٹرن لے رہے ہیں جو اس جماعت اور اس کے بانی کا خاصہ ہے۔ سب کو یاد ہوگا کہ آج سے کچھ عرصہ قبل اسی جماعت کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ اور اس کے بانی کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے غدار وطن شیخ مجیب الرحمان کو ہیرو بنا کر پیش کیا جارہا تھا۔ شیخ مجیب الرحمان کی پاکستانی فوج کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ تصاویر لگا کر غداری اور حب الوطنی کے سرٹیفکیٹس بانٹے جا رہے تھے۔ اسی جماعت کو بانی پی ٹی آئی اور اس کے رہنما عوام کی طاقت قرار دے رہے تھے مگر آج جب بنگلہ دیش کے عوام نے اپنی اصل طاقت دکھائی اور ایک غدار کی بیٹی کو معصوم لوگوں کا قتل عام کرنے پر نہ صرف وزارت عظمیٰ چھوڑنے پر مجبور کیا بلکہ شیخ مجیب کے بت بھی توڑے تو یہ اعلان تھا کہ مشرقی پاکستان کا اصل غدار کون تھا۔۔۔۔؟

بنگلہ دیشی عوام کی جانب سے شیخ مجیب اور اس کی بیٹی کو غدار قرار دیے جانے کے بعد اپنی شرمندگی چھپانے کے لیے انتشاری ذہنیت کی پیداوار جماعت کے رہنما اب یہ بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ جب عوام کی طاقت سامنے آتی ہے تو حال یہ ہوتا ہے جیسا حسینہ واجد کا ہوا۔ حالانکہ اس حسینہ واجد کا غدار وطن والد شیخ مجیب الرحمان کل تک بانی انتشار کا ہیرو تھا اور اس کو آئیڈیل بنا کر پاکستان میں نفرت اور تقسیم کا بیج بو رہا تھا مگر آج جس طرح اس جماعت اور اس کے بانی نے یوٹرن لیا ہے اس کی بھی مثال کم ہی ملتی ہے۔ بانی انتشار کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ عوامی طاقت محب وطن لوگوں کے ساتھ نکلتی ہے، غداروں اور 9 مئی والوں کے ساتھ کبھی باہر نہیں نکلتی۔ جس وقت یہ 1971ء کے حوالے سے منفی بیانیہ لیکر چل رہے تھے تو پورے ملک کے عوام کی جانب سے ان پر لعن طعن کی گئی تھی۔ ان کے اس عمل کو غداری سے تعبیر کیا گیا تھا۔ آج جو انتشاری رہنمائی وی چینلز پر بیٹھ کر بنگلہ دیش کی صورتحال کا اپنے ملک سے موازنہ کرکے جو بیانیہ بنانے کی کوشش کر رہے ہیں دراصل اپنی شرمندگی کو چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جس بیانیہ کو لیکر انتشاری چل رہے تھے کہ شیخ مجیب الرحمان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اس بیانیے کو تو آج 49 سال بعد بنگلہ دیش کے غیور عوام نے دفن کردیا ہے۔ جیسا انجام شیخ مجیب الرحمان کے بیانیے کا ہوا ہے وہی انجام بانی انتشار کا ہونے جا رہا ہے، یہ جو بیانیہ بنانے کی کوشش کرتا رہا ہے کہ عوام باہر نکلیں تو عوام کبھی بھی آپ کے کہنے پر باہر نہیں نکلیں گے کیونکہ باشعور عوام 9 مئی کے وطن دشمن بیانیے کو مسترد کر چکے ہیں۔ مشرقی حسینہ تو بھاگ گئی، مغربی ہینڈسم بھی سلاخیں توڑنے کے لئے پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگانے لگا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے نو مئی سے متعلق پاک فوج کا بیان ایک مرتبہ پھر دہراتے ہوئے کہا ہے کہ 9 مئی کے حوالے سے مخصوص سیاسی ٹولا جب تک صدق دل سے معافی نہیں مانگ لیتا تب تک مذاکرات نہیں ہوں گے، مافیا کو تکلیف ہے کہ پاک فوج اور عوام مل کر ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر رہے ہیں، مافیاز عوام کو غربت میں ڈال کر ان کا استحصال کرنا چاہتے ہیں جو پاکستانی عوام کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا ملک میں انتشار پھیلانے والے دشمن عناصر غزہ، فلسطین اور کشمیر میں استحصال پر خاموش ہیں، پاکستان میں انتشار پھیلانے میں ان کو فائدے ہیں مگر پاک فوج اور عوام ان دشمن عناصر سے بخوبی واقف ہیں۔۔۔ یاد رہے کہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد نے گذشتہ ایک ماہ سے جاری پرتشدد احتجاج کے بعد پیر کو اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اور وہ ملک چھوڑ کر بھارت بھاگ گئی ہے۔

مکتوب امریکہ

طیبہ ضیا

جولائی میں سرکاری نوکریوں میں کوٹہ سسٹم کے خلاف شروع ہونے والی طلبہ کی تحریک میں اب تک مجموعی طور پر 300 سے زیادہ افراد ہلاک ہوچکے ہیں اور ملک بھر میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے۔

شیخ حسینہ کے استعفے کے بعد ملک کی فوج کے سربراہ نے قوم سے خطاب میں کہا ہے کہ ملک میں عبوری حکومت قائم کی جائے گی جس کے لیے بات چیت جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے ساتھ تعاون کریں، ہم ساتھ مل کر ایک بہتر مستقبل کی سنگ بنیاد رکھیں گے۔ غدار مجیب الرحمان کی بیٹی کو بھارت میں محفوظ خفیہ مقام پر رہائش دیدی گئی یعنی پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا۔ دشمن نے غداروں کی مدد سے پاکستان کو دولخت کیا مگر آج پاکستان کے بزرگوں کی قربانیوں کا لہو رنگ لایا اور حق کا بول بالا ہوا۔ مشرقی پاکستان کو بنگلہ دیش بنانے والے ننگے ہوئے۔ پاکستان میں آج بھی غدار دشمن سے مل کر نعوذ باللہ پاکستان کے تین ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں مگر پاک فوج کا عزم اور عوام کی سیسہ پلائی دیوار کے سامنے آج کے مجیب الرحمان اور شرپسند ٹولے ڈھیر ہو رہے ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی 2025 تک قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کوئی کرکٹ نہیں ہوگی

پی سی بی نے ڈومیسٹک کرکٹ کرانے کے لیے مختلف وینیوز پر غور شروع کر دیا ہے اس حوالے سے پی سی بی نے فیصل آباد کرکٹ اسٹیڈیم سے متعلق مقامی انتظامیہ سے رابطہ کر لیا

لاہور (شیروز میاں) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے اسٹیڈیم کی تزین و آرائش کی وجہ سے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کوئی بھی میچ نہ کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی سی بی کے پاس صرف 3 اسٹیڈیمز کا مکمل اختیار ہے، جن میں کراچی، لاہور اور ملتان اسٹیڈیمز شامل ہیں جبکہ پی سی بی کے پاس راولپنڈی اسٹیڈیم کا صرف ایڈمنسٹریشن کنٹرول ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس کے علاوہ فیصل آباد، شیخوپورہ سمیت ملک کے دیگر اسٹیڈیمز لوکل ایڈمنسٹریشن کے زیر انتظام ہیں، شیخوپورہ اور فیصل آباد کرکٹ اسٹیڈیم عالمی معیار کے مطابق نہیں ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ترقیاتی کام کی وجہ سے چیمپئنز ٹرافی تک قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کوئی کرکٹ نہیں ہوگی، جس کے بعد پی سی بی نے ڈومیسٹک کرکٹ کرانے کے لیے مختلف وینیوز پر غور شروع کر دیا ہے اس حوالے سے پی سی بی نے فیصل آباد کرکٹ اسٹیڈیم سے متعلق مقامی انتظامیہ سے رابطہ کیا ہے اور ڈومیسٹک کرکٹ کے لیے فیصل آباد اسٹیڈیم کو تیار کرنے کے لیے کوشاں ہیں کیوں کہ شیخوپورہ اور فیصل آباد اسٹیڈیم ڈومیسٹک کرکٹ کے بھی قابل نہیں ہیں اور ان کی حالت انتہائی خراب ہے۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ نے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں تزین و آرائش اور ترقیاتی کام کی وجہ سے تماشائیوں کو بنگلا دیش سیریز دیکھنے کی اجازت نہیں دی، تاہم پی سی بی انگلینڈ سیریز کیلئے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں تماشائیوں کو اجازت ملنے کیلئے پر امید ہے۔ پی سی بی نے کہا کہ کراچی ٹیسٹ کی ٹکٹوں کی فروخت معطل کر دی گئی ہے جن لوگوں نے ٹکٹ خرید لیے ہیں۔

پاک بھارت کو نیرج چوپڑا بمقابلہ ارشد ندیم جیولین

تھرو سیریز پر غور کرنا چاہیے، باسط علی

اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کرکٹر باسط علی نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جیولین تھرو سیریز کی تجویز پیش کر دی۔ سابق کرکٹر نے یوم آزادی کے موقع پر ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب پر ویڈیو جاری کی جس میں انہوں نے بھارت اور آسٹریلیا سیریز پر گفتگو کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر کھیلوں پر بھی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور پاکستان نے سیاسی کشیدگی کی وجہ سے ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے دو طرفہ کرکٹ نہیں کھیلی ہے۔ انہوں نے اپنی ویڈیو میں تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اگر بی سی سی آئی دونوں ممالک کے درمیان کرکٹ سیریز پر متفق نہیں ہے تو دونوں ممالک کسی نیوٹرل وینیو پر ہاکی، جیولن تھرو یا پھر کبڈی کی دو طرفہ سیریز کھیلنے پر غور کرنا چاہیے۔ باسط علی کے مطابق جب نیرج چوپڑا اور ارشد ندیم جیولن تھرو میں مدمقابل ہوتے ہیں تو پوری دنیا ٹیلی ویژن کے سامنے ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر وہ دونوں جیولین تھرو سیریز میں مدمقابل ہوتے ہیں تو یہ بھارت اور آسٹریلیا سیریز سے بڑا مقابلہ ہوگا۔

کونوے اور فن ایلن نے بھی نیوزی لینڈ کا سینٹرل کنٹریکٹ ٹھکرا دیا

سری لنکا کے خلاف وائٹ بال میچز کے سوا باقی انٹرنیشنل مقابلوں کیلئے خود کو دستیاب ظاہر کیا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) ڈیوون کونوے اور فن ایلن نے بھی نیوزی لینڈ کا سینٹرل کنٹریکٹ ٹھکرا دیا [illegible]

پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان راولپنڈی ٹیسٹ بارش سے متاثر ہونے کا خدشہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان راولپنڈی میں ہونے والے ٹیسٹ میچ کا بارش سے متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ موسمیات نے راولپنڈی ٹیسٹ کے 5 دن بارش کی پیشگوئی کی ہے اور بارشوں کے باعث گراؤنڈز مین نے تاحال پچ پر کام شروع نہیں کیا۔ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان راولپنڈی ٹیسٹ 21 اگست سے شروع ہوگا۔

اسپینش فٹبالر کے والد پر حملہ؛ پولیس نے 3 افراد کو گرفتار کر لیا

اسپینش فٹبالر کے والد منیر نصراوی کو چاقو کے وار کر کے زخمی

میڈرڈ (این این آئی) اسپین کے معروف فٹبالر لامین یمل کے والد پر چاقو سے حملہ کرنے کے الزام میں تین افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق مقامی پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ واقعہ بدھ کا تالونیا کے قصبے ماتارو میں پیش آیا، جہاں اسپینش فٹبالر کے والد منیر نصراوی کو چاقو کے وار کر کے زخمی کیا گیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ فٹبالر لامین یمل کے والد پر حملہ کرنے کے شبے میں [illegible]

چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارتی ٹیم پاکستان بھیجنے کا فی الحال کوئی فیصلہ نہیں کیا، جے شاہ

مناسب وقت آنے پر پاکستان جانے کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شرکت کے حوالے سے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کے سیکریٹری جے شاہ نے کہا ہے کہ بھارتی ٹیم کو پاکستان بھیجنے کے حوالے سے فی الحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا۔ بھارتی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں بی سی سی آئی کے سیکریٹری جے شاہ نے کہا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ تمام صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد مناسب وقت آنے پر چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے پاکستان جانے کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ بنگلہ دیش میں سیاسی بحران کے باعث ویمنز ٹی 20 ورلڈکپ کی میزبانی سے متعلق جے شاہ سے پوچھا گیا کیا بھارت اس ایونٹ کی میزبانی کی خواہش رکھتا ہے؟ جس پر جے شاہ نے جواب دیا کہ آئی سی سی کی جانب سے بھارت سے ٹورنامنٹ کی میزبانی کی درخواست کی گئی تھی۔

آئرش حکومت نے ڈبلن میں مستقل کرکٹ اسٹیڈیم بنانے کی منظوری دے دی

ڈبلن (این این آئی) آئرش حکومت نے ڈبلن میں مستقل کرکٹ اسٹیڈیم بنانے کی منظوری دے دی۔ یہ اسٹیڈیم اور اس کے ساتھ ہائی پرفارمنس سینٹر ڈبلن کے نیشنل اسپورٹس کیمپس میں تعمیر کیا جائے گا۔ رواں برس کے آغاز میں آئرلینڈ نے مستقل کرکٹ اسٹیڈیم دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے آسٹریلیا کے ساتھ [illegible]

ڈارک نے 106 رنز بنا کر آسٹریلیا کو وائٹ بال ٹرافی میں فتح دلوا دی

بورڈ کے صدر نظم الحسن اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے کی تیاری کر رہے ہیں، بی سی بی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے حکام نے عندیہ دیا ہے کہ بورڈ کے صدر نظم الحسن اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے کی تیاری کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بی سی بی کے صدر نظم الحسن چوتھی مدت میں مبینہ طور پر اصلاحات کے نفاذ کیلئے حکومتی تعاون چاہتے ہیں، 5 اگست سے بورڈ کے کئی دیگر ڈائریکٹرز، جنہیں سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی حمایت حاصل ہے، بھی روپوش ہو گئے ہیں، اسی طرح 14 اگست کو ڈھاکہ میں رہ جانے والے چند ڈائریکٹرز نے اپنے اگلے اقدامات کا فیصلہ کرنے کیلئے میٹنگ رکھی ہے۔ دریں اثنا بی سی بی کے بہت سے سابق عہدیدار اور کرکٹ منتظمین شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں بی سی بی کے صدر نظم الحسن سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب بنگلا دیش میں سیاسی بدامنی کے آغاز کے بعد سے حسن اپنی اہلیہ کے ساتھ لندن میں مقیم ہیں۔

ارشد ندیم کی وجہ سے پیرس اولمپکس میں ایتھلیٹس پاکستان کو جاننے لگے ہیں، فائقہ ریاض

اسلام آباد (این این آئی) اولمپیئن اسپرنٹر فائقہ ریاض نے کہا ہے کہ ارشد ندیم کی وجہ سے پیرس اولمپکس میں ایتھلیٹس پاکستان کو جاننے لگے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے جو ایتھلیٹس پیرس اولمپکس میں گئے ان کا مذاق اڑانے پر دکھ ہوا، جو اولمپکس میں پاکستانی ایتھلیٹس گئے وہ سفارش پر نہیں گئے، اگر کوئی اور اچھا تھا وہ چلا جاتا۔ ہم اچھے تھے اس لیے پاکستان اولمپکس ایسوسی ایشن نے ہمارے نام انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کو بھیجے، آئی او سی نے منظوری دی تو اولمپکس میں حصہ لیا، اولمپکس میں جانا اعزاز ہے وہاں سیکھنا اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ اولمپکس میں پاکستان کی نمائندگی ایک بہت بڑا فخر اور اعزاز ہے۔ میں نے پنجاب اسٹیڈیم سے اٹھ کر اولمپکس میں پیرس کے اسٹیڈیم میں مقابلہ کیا یہ میرے لیے بہت بڑی بات ہے، کیونکہ پیرس اولمپکس میرے کیریئر کا دوسرا انٹرنیشنل ایونٹ تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل 2018 میں سیف جونیئر ایتھلیٹکس میں حصہ لیا تھا، اس کے بعد کووڈ کی وجہ سے ایونٹ نہ ملا، پھر دو سال انجری کا شکار رہی اور جب مکمل فٹ ہوئی تو اس ایک سال کے دوران اور اولمپکس سے قبل کوئی مقابلہ نہیں ملا، میں نے سیدھا پیرس اولمپکس میں حصہ لیا۔ فائقہ ریاض نے کہا کہ دنیا بھر کے ایتھلیٹس مسلسل مقابلوں میں حصہ لیتے ہیں جس سے ان کی کارکردگی میں بہتری آتی جاتی ہے۔

مجھے معلوم نہیں تھا کہ میرے سسر نے بھینس دینے کوئی اعلان کیا ہے، اہلیہ نے بتایا

انہیں بھی ٹی وی کے ذریعے ہی معلوم ہوا تھا، ارشد ندیم

اسلام آباد (این این آئی) قوم کے ہیرو، پیرس اولمپکس 2024 کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم [illegible] شادی ہوئی تھی اور انگریزی مہینے، دسمبر کی تاریخ بھی 11 ہی تھی۔ شو کے دوران ارشد ندیم کی اہلیہ نے بتایا [illegible]

SHOWBIZ
قوت

رنبیر کپور سے موازنہ کیے جانے پر شہزاد نواز کا ردعمل

پاکستانی اداکار و فلمساز کو پاکستانی رنبیر کپور یا بھارتی اداکار کا پرانا ورژن قرار دیا جاتا ہے

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکار و فلمساز شہزاد نواز نے بالی وڈ فلم اسٹار رنبیر کپور کے ساتھ اپنا موازنہ کیے جانے پر ردعمل کا اظہار کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شہزاد نواز سے ایک پوڈکاسٹ میں پوچھا گیا کہ لوگ اکثر آپ کا موازنہ بھارتی اداکار سے کرتے ہیں جس پر انہوں نے ناراضی کا اظہار کیا۔ شہزاد نواز نے کہا کہ رنبیر کپور سے موازنہ کیے جانے پر اچھا نہیں لگتا، مجھے کسی بھی قسم کی خوشی نہیں ہوتی اور نہ میں سن کر پرجوش ہوتا ہوں۔ سوشل میڈیا پر پاکستانی اداکار و فلمساز کو پاکستانی رنبیر کپور یا بھارتی اداکار کا پرانا ورژن قرار دیا جاتا ہے۔ شہزاد نواز نے کہا کہ میں رنبیر کپور سے بڑا ہوں اور ان سے پہلے میری پیدائش ہوئی ہے، اس طرح لوگوں کو ان کا موازنہ مجھ سے کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ لوگوں کو یہ کہنا چاہیے کہ وہ پاکستانی شہزاد نواز کا ورژن ہیں۔ اداکار و فلمساز نے کہا کہ میرے مداحوں نے بھی سوشل میڈیا پر ایسے ہی تبصرے لکھے ہیں۔

''باہوبلی'' میں کردار نبھانے والی انوشکا شیٹی کی جانب سے متعدد بلاک بسٹر فلموں میں کام کی پیشکش ٹھکرانے کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) معروف ساؤتھ انڈین اداکارہ اور فلم 'باہوبلی' میں کردار نبھانے والی انوشکا شیٹی کی جانب سے متعدد بلاک بسٹر فلموں میں کام کی پیشکش ٹھکرانے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انوشکا شیٹی نے بالی وڈ سے کئی آفرز کو ٹھکرایا جن میں نامور فلمساز کرن جوہر کی پیشکش اور سپر اسٹار اجے دیوگن کی بلاک بسٹر ایک فلم بھی شامل ہے۔ انوشکا شیٹی کو ساؤتھ انڈین سلور اسکرین پر اپنے منفرد کام اور غیر معمولی صلاحیتوں کے سبب جانا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود انہوں نے بہت سی پیشکشوں کو ٹھکرایا۔ 2005 میں انوشکا شیٹی نے تیلگو فلم 'سپر' سے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کیا اور اس فلم نے باکس آفس پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا، فلم میں اداکارہ کی شاندار پرفارمنس نے ناظرین کو متاثر کیا تھا۔ کرن جوہر اپنی ایک فلم کے ذریعے انوشکا شیٹی کو بالی وڈ میں متعارف کروانے چاہتے تھے۔ ساؤتھ انڈین اداکارہ کو فلمساز کی جانب سے آفر دی گئی تو انہوں نے مسترد کیا۔ آفر ٹھکرانے سے قبل اداکارہ نے معاملے پر مشورہ کیا تھا۔ 2011 میں انوشکا شیٹی کو فلمساز روہت شیٹی کی ہدایتکاری میں بننے والی اجے دیوگن کی بلاک بسٹر فلم 'سنگھم' میں مرکزی کردار میں تقریباً کاسٹ کیا جا چکا تھا تاہم اداکارہ نے آخری وقت پر انکار کر دیا تھا۔

استاد نصرت فتح علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 27 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) موسیقی کے بے تاج بادشاہ استاد نصرت فتح علی خان کو اپنے مداحوں سے جدا ہوئے 27 برس بیت گئے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پاکستان اور بھارت میں یکساں مقبول نامور موسیقار نصرت فتح علی خان نے اپنے طویل کیریئر کے دوران عارفانہ کلام، گیتوں، غزلوں اور قوالیوں سے دنیا کو اپنا گرویدہ بنائے رکھا، فنی خدمات پر صدارتی ایوارڈ سمیت متعدد ملکی اور عالمی اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ شہنشاہ قوالی نے فیصل آباد کے ایک قوال گھرانے میں 13 اکتوبر 1948 کو آنکھ کھولی، 16 سال کی عمر میں قوالی کا فن سیکھا، قوالی کے ساتھ غزلیں، کلاسیکل اور صوفی گیت بھی گائے۔ نصرت فتح علی خان صوفیانہ کلام کو اس مہارت سے گاتے تھے کہ سننے والوں پر وجد طاری ہو جاتی۔

جیسمین کیساتھ ڈیٹنگ کی افواہیں، ہارد یک ولن اور نتاشا ہیرو بن گئیں

ممبئی (این این آئی) سربین ماڈل و اداکارہ نتاشا اسٹینکووچ اور بھارتی کرکٹر ہارد یک پانڈیا کی علیحدگی کے بعد سامنے آنے والے نئے انکشافات کی وجہ سے اب سوشل میڈیا پر نتاشا کو حمایت ملنے لگی۔ نتاشا اسٹینکووچ اور ہارد یک پانڈیا نے جولائی 2024 میں اپنی علیحدگی کا اعلان کیا تھا، جس کے بعد سوشل میڈیا پر نتاشا کو شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ سوشل میڈیا پر صارفین بالخصوص بھارتی مداحوں کی جانب سے نتاشا کو اسٹار کرکٹر کی زندگی خراب کرنے کا الزام دیا جاتا رہا۔ تاہم اب حالات اچانک بدلتے نظر آ رہے ہیں، جس کی وجہ ہارد یک پانڈیا کی نئی گرل فرینڈ جیسمین والیا کے ساتھ ڈیٹنگ کی افواہیں قرار دی جا رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر بڑی تعداد میں صارفین نتاشا سے معذرت کرنے لگے۔

انٹرنیٹ کی سست رفتار، مشی خان حکومت پر برس پڑیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ مشی خان ملک بھر میں انٹرنیٹ کی سست رفتار پر حکومت پر برس پڑیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر یوم آزادی کے موقع پر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے انٹرنیٹ کی سست رفتار پر مایوسی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں انٹرنیٹ کی رفتار کراچی سے اسلام آباد جانے والی ٹرین سے بھی سست چل رہا ہے، ایک پیغام ڈیڑھ دن میں جا رہا ہے۔ اداکارہ نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ بیشتر کاروبار کا دار و مدار انٹرنیٹ پر ہے، وہ اس سست رفتاری کی وجہ سے ایسے کاروبار کس طرح کام کر رہے ہیں۔

عالیہ بھٹ نہیں بننا چاہتی، شروری واگھ

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ شروری واگھ نے اپنی فلم 'الفا' کی ساتھی اداکارہ عالیہ بھٹ سے موازنے پر اپنی رائے کا اظہار کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 'منجے' اور 'مہاراج' جیسی فلموں میں اداکاری کے بعد 'ویدا' میں شروری واگھ کی اداکاری کو مداحوں کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ شائقین کا یہ بھی کہنا ہے کہ شروری واگھ انڈسٹری کی اگلی عالیہ بھٹ ہو سکتی ہیں۔ بھارتی میڈیا آؤٹ لیٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے شروری واگھ نے کہا کہ وہ اگلی عالیہ بھٹ نہیں بننا چاہتیں بلکہ ان کا مقصد خود کو پہچاننا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں یقینی طور پر عالیہ سے متاثر ہوں کیونکہ جب میں تھیٹر میں ان کی فلمیں دیکھتی ہوں تو مجھے پہلے ہی معلوم ہوتا ہے کہ فلم شاندار ہونے والی ہے اور اداکاری اس سے بھی بہتر ہوگی، ہم عالیہ کو نہیں بلکہ ایک کردار میں دیکھیں گے۔ شروری نے کہا کہ عالیہ بھٹ ان کے لیے ایک تحریک تھی لیکن وہ شروری بننا چاہتی ہوں اور امید کرتی ہیں کہ ایک دن لوگ ان کا نام دوسروں کے لیے مثال بنائیں گے۔ اداکارہ نے کہا کہ ان کا مقصد اسکرین پر مختلف کرداروں کو پیش کرنا ہے۔ واضح رہے کہ شروری واگھ نے جان ابراہم کے ساتھ فلم 'ویدا' میں مرکزی کردار نبھایا ہے جس کی دیگر کاسٹ میں تمنا بھاٹیا، ابھیشک بنرجی و دیگر شامل ہیں۔

امریکی اداکار میتھیو پیری کی موت کا معاملہ، 2 ڈاکٹروں سمیت 5 افراد پر فرد جرم عائد

لاس اینجلس (این این آئی) ماضی کے مشہور امریکی ٹی وی شو فرینڈز کے اداکار میتھیو پیری کی موت کے ذمہ داری کے معاملے پر 2 ڈاکٹروں سمیت 5 افراد پر فرد جرم عائد کر دی گئی۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ پانچوں افراد امریکی اداکار کی موت کا سبب بننے والی طاقتور نشے آور دوا 'کیٹامائن' کی سپلائی کے مرتکب تھے۔ میڈیا کے مطابق امریکی اٹارنی جنرل کا کہنا تھا کہ لاس اینجلس میں 'کیٹامائن کوئن' کے نام سے شہرت رکھنے والی خاتون اور 2 ڈاکٹروں سمیت پانچوں ملزمان ایسے نیٹورک کا حصہ تھے جو امریکی اداکار میتھیو پیری سمیت دیگر کئی امریکیوں کو نشہ آور ادویات سپلائی کرتے رہے۔ امریکی ڈرگ انفورسمنٹ کے ایڈمنسٹریٹر کا کہنا تھا کہ پانچوں ملزمان میں سے ہر ایک نے غلط طریقے سے کیٹامائن تجویز کرنے، فروخت کرنے یا انجیکٹ کرنے میں کردار ادا کیا تھا جو اداکار کی موت کا سبب بنا۔

تینوں میں کوئی بھی خان ان کا پسندیدہ نہیں، اداکارہ کنگنا راوت

تینوں خانز کی صلاحیتوں کو سامنے لانا چاہتی ہوں، کنگنا کی سپر اسٹارز کیلئے فلم بنانیکی خواہش

ممبئی (این این آئی) اپنے متنازع بیانات اور تنقید کی وجہ سے خبروں کی زینت رہنے والی بالی وڈ اداکارہ کنگنا راوت فلم انڈسٹری پر راج کرنے والے سلمان، عامر اور شاہ رخ خان کے لیے فلم بنانے کی خواہش مند ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کنگنا راوت کی فلم 'ایمرجنسی' کا ٹریلر ریلیز ہو گیا ہے، جس کی ہدایت کاری خود انہوں نے ہی کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹریلر کی افتتاحی تقریب میں سلمان، عامر اور شاہ رخ خان کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کنگنا راوت نے بتایا کہ تینوں میں کوئی بھی خان ان کا پسندیدہ نہیں ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ 'میں تینوں خانز کے لیے فلم بنانے کے ساتھ ساتھ فلم کی ہدایتکاری بھی کرنا چاہوں گی اور میں ان کے باصلاحیت پہلو کو بھی دکھانا پسند کروں گی، جس میں وہ اداکاری کر سکتے ہیں اور اچھے بھی نظر آتے ہیں اور یہ کچھ ایسا بھی کر سکتے ہیں جو معاشرے کے لیے اہم ہو۔ کنگنا نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ یہ تینوں خان انڈسٹری کی آمدنی بڑھانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں اور ہمیں ان کا شکر گزار ہونا چاہیے۔ اداکارہ نے عرفان خان کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ سلمان، عامر اور شاہ رخ خان تینوں انہیں پسند نہیں اگر کوئی خان پسند ہے تو وہ مرحوم عرفان خان ہے اور انہیں اس بات کا پچھتاوا ہے کہ وہ عرفان خان کے لیے فلم کی ہدایت کاری نہیں کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ میں انہیں ہمیشہ پسند کروں گی، بدقسمتی سے وہ کینسر کے مرض سے لڑتے ہوئے وفات پا گئے تھے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سیالکوٹ روڈ کو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی طرف سے خوبصورت بنانے کے لئے مشاورتی اجلاس کا انعقاد

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ، ڈائریکٹر تاج گارڈن الحاج محمد رفیق بھٹہ، ڈائریکٹر الکرم ہاؤسنگ سوسائٹی بلال احمد اعوان، ساجد احمد اعوان، جنید اقبال، افتخار بٹ، شہباز بخاری ودیگر کی شرکت

وزیرآباد (نامہ نگار) اے سی آفس میں سیالکوٹ روڈ کو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی طرف سے خوبصورت بنانے کے لئے مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جسمیں اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ، ڈائریکٹر تاج گارڈن الحاج محمد رفیق بھٹہ، ڈائریکٹر الکرم ہاؤسنگ سوسائٹی بلال احمد اعوان، ساجد احمد اعوان، جنید اقبال، افتخار بٹ، شہباز بخاری ودیگر نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ نے کہا کہ سیالکوٹ روڈ پر پودے اور لائٹیں لگا کر خوبصورت اور مثالی روڈ بنایا جائے گا اس سلسلہ میں ہاؤسنگ سوسائٹیز کے ڈائریکٹرز کا بھرپور تعاون حاصل ہوگا الحاج محمد رفیق بھٹہ اور بلال اعوان نے کہا کہ ہم شہر کی ترقی اور خوبصورتی کے لئے انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرینگے اور داخلی راستوں پر تعلیم کی آگاہی بارے قلم اور دوات کی تصاویر بنائی جائینگی۔

یوم آزادی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سپورٹس کے زیراہتمام یوم آزادی میراتھن ریس کا انعقاد کیا

سیکورٹی ودیگر انتظامات کے جائزہ کے حوالے سے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کی زیرصدارت کمشنر دفتر میں اجلاس

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ سپورٹس کے زیراہتمام یوم آزادی میراتھن ریس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ میراتھن ریس کے سیکورٹی و دیگر انتظامات کے جائزہ کے حوالے سے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کی زیرصدارت کمشنر دفتر میں اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، ای ڈی سی جی شبیر حسین بٹ۔ ای سی جی تنویر یاسین، ڈائریکٹر کالجز شہزاد منور، ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل میر، سی او میٹرو پولیٹن کارپوریشن حیدر علی چٹھہ، سی او ضلع کونسل محمد خرم، ڈی ایس پی پولیس محمد فرحت، انسپکٹر ٹریفک پولیس کے علاوہ دیگر افسران نے اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ میراتھن ریس پنڈی بائی پاس (جناح انٹرچینج) سے شروع ہو کر جناح سٹیڈیم گوجرانوالہ پر اختتام پذیر ہوگی۔ میراتھن ریس میں گوجرانوالہ ڈویژن کے 16 سال سے 65 سال کی عمر تک کے سینکڑوں کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی تقریب کے مہمان خصوصی ہونگے۔ کمشنر نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ زندہ قومیں اپنے آزادی کے ایام بڑے دھوم دھام سے مناتی ہیں اور اس کے مختلف انداز ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق امسال جشن آزادی کو مختلف انداز میں منایا گیا جشن آزادی کے موقع پر منفرد انداز میں راولپنڈی سے لاہور تک شاندار طریقے سے آزادی فلوٹ کارواں نکالا گیا اور ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام مختلف تقریبات جن میں کار ریلی، مقابلہ تقاریر، مضمون نویسی، پینٹنگ، آزادی کپ فٹبال میچ، باسکٹ بال میچ اور شجرکاری سمیت میراتھن ریس اور دیگر پروگرام کا بڑی محنت سے مل جل کر مجھی اور بھرپور طریقے سے انعقاد کیا گیا جس کے شاندار انعقاد پر ضلعی انتظامیہ کے تمام محکموں کے افسران مبارکباد کے مستحق ہیں انہوں نے شاباش بھی دی انہوں نے کہا کہ آزادی کے ایام منانے کا مقصد نوجوان نسل کو موبلائز کرنا ہے اور انہیں آزادی کی قربانیوں سے روشناس کروانا ہے۔

پاکستان ہماری شناخت اور اللہ کا فضل عظیم ہے اور پاکستان اس خطے کا بہترین ملک ہے، ڈاکٹر محمد یوسف فاروق

ہم بنگالیوں کو آج بھی اپنا بھائی مانتے ہیں، دوقومی نظریہ اور اس کے ثمرات واثرات سے آج کی نوجوان نسل کو آگاہ کرنا انتہائی ضروری ہے



وزیرآباد (نامہ نگار) پاکستان ہماری شناخت اور اللہ کا فضل عظیم ہے اور پاکستان اس خطے کا بہترین ملک ہے، سن 1971ء میں بچھڑ جانے کے باوجود ہم بنگالیوں کو آج بھی اپنا بھائی مانتے ہیں، دوقومی نظریہ اور اس کے ثمرات واثرات سے آج کی نوجوان نسل کو آگاہ کرنا انتہائی ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایجوکیشن کونسل وزیرآباد کے زیر اہتمام ہونے والی جشن آزادی کی تقریب میں مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جس کی [illegible] آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا۔ ایجوکیشن کونسل کی تقریب کے شرکاء میں ہر دلعزیز شخصیت ڈاکٹر محمد یوسف فاروق، خواجہ محمد جمیل ایڈووکیٹ، بابو سرمد ظہیر، پروفیسر حافظ منیر احمد، قیصر انور بٹ ایڈووکیٹ، [illegible] ایم پی اے اعجاز احمد سماں نے بھی خطاب کیا۔ حاضرین میں شہر کے احباب حل وعقد نے بھرپور شرکت کی جن میں گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان ڈگری کالج کے پرنسپل شیخ ثناء اللہ کے علاوہ سرفیاض، سجاد [illegible]

مصطفی آباد کے نجی سکول میں جشن آزادی کے سلسلہ میں تقریب

بچوں نے ملی نغمے گائے، پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے، کیک بھی کاٹا گیا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد کے نجی سکول میں جشن آزادی کے سلسلہ میں تقریب، مہمان خصوصی نے کمسن بچوں کے ہمراہ جشن آزادی کے سلسلہ میں کیک کاٹا، بچوں نے ملی نغمے گائے، پاکستان زندہ باد کے نعرے، تفصیلات کے مطابق دی فیوچر او سس سکول مصطفی آباد برانچ میں جشن آزادی کے سلسلہ میں تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، تقریب کے مہمان خصوصی صدر پریس کلب قصور حاجی مہر محمد شریف نے کمسن بچوں کے ہمراہ جشن آزادی کا کیک کاٹنے کے بعد بچوں کو کیک بھی کھلایا، اس موقع پر بچوں نے ملی نغمے بھی گائے اور مختلف رنگارنگ پروگرامز پیش کیے، بچوں کے تیار کردہ خاکے اور ڈرامے خاص طور پر پسند کیے گئے، جن میں تحریک پاکستان کے اہم واقعات کو نہایت خوبصورتی سے پیش کیا گیا۔

ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کے زیراہتمام جشن آزادی سپورٹس فیسٹول کا انعقاد

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس والی بال میچ کے مہمان خصوصی تھے

2024
سپورٹس ایونٹ برجشن آزادی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کے زیراہتمام جشن آزادی سپورٹس فیسٹول کے سلسلہ میں والی بال کے نمائشی میچ کا انعقاد میونسپل کرکٹ اسٹیڈیم میں کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس والی بال میچ کے مہمان خصوصی تھے۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اظہر محمود و دیگر ضلعی افسران بھی گراونڈ میں موجود تھے۔ کانٹے دار مقابلے کے بعد پنجاب والی بال کلب ننکانہ صاحب نے فرید آنہ والی بال کلب کو ہرا دیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اظہر محمود اعوان نے پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر والی بال میچ کا انعقاد کیا گیا ہے، نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ کھیل کے میدان آباد کرکے ملک کا نام روشن کریں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ موجودہ حکومت نوجوانوں کے لیے صوبہ کے ہر ضلع میں کھیلوں کے نئے گراونڈز بنا رہی ہے۔

یہ سبز ہلالی پرچم ہمارا تشخص ہماری پہچان ہے، حمزہ چوہان

ظفروال (تحصیل رپورٹر) یوم آزادی کے موقع پر پاکستان طلبہ ریلی کا انعقاد مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی طرف سے کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں نوجوانوں نے شرکت کی۔ ظفروال بلڈ سوسائٹی کی ٹیم اور ممبرز نے بھی شرکت کی اور محب وطن پاکستانی ہونے کا ثبوت دیا قارئین نے یوم آزادی کے حوالے سے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے بانی وچیئرمین ظفروال بلڈ سوسائٹی حمزہ چوہان کا کہنا [illegible]

مرکزی پریس کلب مانانوالہ کے آفس میں یوم آزادی پرجوش انداز میں منایا گیا

نانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) پاکستان بھر کی طرح مرکزی پریس کلب مانانوالہ کے آفس میں بھی پاکستان کا 77واں یوم آزادی پرجوش انداز میں منایا گیا شرکاء کا کہنا تھا کہ ہمارے بڑوں نے بہت سی قربانیوں کے بعد حاصل کیا ہے آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے زندہ قومیں اپنا جشن آزادی بڑی شایان شان طریقے سے مناتی ہیں دوست احباب نے مل کر جشن آزادی کا کیک کاٹا آخر میں ملک وقوم کی ترقی خوشحالی اور سلامتی کی دعا بھی مانگی گئی

ڈسکہ: کرنٹ لگنے سے بھینس اور گائے جاں بحق، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ایک بھینس اور دو گائے کرنٹ لگنے سے جاں بحق تھانہ موترہ کے علاقہ سٹی ہاؤسنگ گھونیکی کا ندیم ڈیرہ سے گھر آگیا جب واپس گیا تو اس کی ایک بھینس اور دو گائے ڈیرہ پر موجود نہیں اس نے تلاش شروع کی تو کسی نامعلوم ملزم نے اس کی تینوں مویشیوں کو ایک رسی کیساتھ بجلی کی کھمبے سے باندھ رکھا تھا جو کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگئے تینوں جانوروں کو اکٹھا باندھنے کی وجہ سے وقوعہ پیش آیا۔

پابندی کے باوجود پتنگیں فروخت کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پابندی کے باوجود پتنگیں فروخت کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پل نہر بی آر بی پر ملزم محمد علی پابندی کے باوجود پتنگیں فروخت کر رہا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا غیر معیاری وناقص خوراک کے خلاف گوجرانوالہ بھر میں کریک ڈاؤن، 2 لاکھ سے زائد کے جرمانے، 90 لیٹر دودھ اور ایکسپائر اشیاء تلف



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی ایریا، صدر، وزیرآباد، قلعہ دیدار سنگھ اور سیالکوٹ بائی پاس سمیت ضلع بھر میں کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ 89 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، 11 کو 1 لاکھ 28 ہزار کے جرمانے عائد، 90 لٹر دودھ اور بھاری مقدار میں ایکسپائر اشیاء تلف۔ علی الصبح ناکہ بندیوں اور ملک شاپس کی چیکنگ کے دوران 40 ہزار 450 لٹر دودھ کی چیکنگ، 1 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری وناقص خوراک کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف گوجرانوالہ بھر میں کریک ڈاؤن کیا جس میں 89 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی 11 کو 1 لاکھ 28 ہزار کے جرمانے عائد اور بھاری مقدار میں ایکسپائر اشیاء تلف کردی گئیں۔ ادھر دوسری جانب علی الصبح ناکہ بندیوں اور ملک شاپس کی چیکنگ کے دوران 40 ہزار 450 لٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی جس میں ایک لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ جاری تفصیلات کے مطابق سٹی ایریا، صدر، وزیرآباد، قلعہ دیدار سنگھ اور سیالکوٹ بائی پاس سمیت ضلع بھر میں کارروائیاں مزید تیز کردی گئیں ہیں، مختلف فوڈ پوائنٹس میں قوانین کی سنگین خلاف ورزیاں پائی گئیں، صفائی کے انتہائی ناقص حالات، کیڑے مکوڑوں کی بہتات پائی گئی، انتہائی لازم ریکارڈ، ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس عدم موجود پائے گئے، پروسیسنگ ایریا میں اشیاء بغیر ڈھانپے کھلی موجود پائی گئیں۔

پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) محمد اعظم مغل کا قلعہ دیدار سنگھ مرکز کے مختلف دیہات کا دورہ

زمینداروں کو دھان کی فصل کی بیماریوں کے بارے میں تربیت دی گئی اور زمینداروں کے مسائل بارے بھی بات چیت کی گئی



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ ڈویژن ڈاکٹر شکیل احمد کی ہدایت کے مطابق پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) محمد اعظم مغل نے قلعہ دیدار سنگھ مرکز کے مختلف دیہات کا دورہ کیا اور اس دوران زمینداروں کو دھان کی فصل کی بیماریوں کے بارے میں تربیت دی گئی اور زمینداروں کے مسائل بارے بھی بات چیت کی گئی اس موقع پر زمینداروں کی کثیر تعداد موجود تھی اس موقع پر کسانوں کے کسان کارڈ بھی بنائے گئے اور انہیں محکمہ کے کاموں سے متعلق انکے ڈیروں پر جا کر بریف کیا گیا اور فصل کو لگنے والی بیماریوں کا [illegible] تھے اس موقع پر زمینداروں سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) محمد اعظم مغل نے کہا کہ دھان کی فصل پاکستان کی واحد فصل ہے جس سے ملک کو سالانہ تقریباً 4۔ارب ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے اس کے علاوہ کوئی فصل نہیں جس سے اتنا زرمبادلہ [illegible] گاؤں میں جا کر بھرپور آگاہی مہم چلا رہے ہیں فصلوں کا معائنہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بیماریوں سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہیں تاکہ زمینداروں کی زیادہ فصل ہو انکی پیداوار بڑھے انکی پیداوار بڑھے گی تو انہیں کثیر آمدن حاصل ہوگی تو کسان نہ صرف خوشحال ہوگا بلکہ اس کے مسائل کم [illegible]

CRIME
& COURT
جرم وسزا

سی آئی اے پولیس کی کاروائی: 05 ڈکیت وموٹر سائیکل چور گینگز کے 12 ارکان پولیس کے شکنجے میں

جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے سخت اقدامات اپنائے جا رہے ہیں۔ بلا امتیاز کاروائیاں جاری ہیں

مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے، سی ٹی او

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، موٹر سائیکل چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر انچارج سی آئی اے انسپکٹر عنصر جاوید موہل نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث پانچ ڈکیت وموٹر سائیکل چور گینگز کے بارہ ارکان کو گرفتار کر کے دوران تفتیش ملزمان کے قبضہ سے چھ لاکھ بیس ہزار روپے نقدی برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں علی اکبر، عدنان، اختر علی، علی حسن، شہزاد، محمد اصغر، علی شیر، ندیم اقبال، عاقب، عاقب نذیر، احتشام اور امتیاز شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں گینگز کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوجرانوالہ اور اس کے مضافات میں ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتیں کی ہیں۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی جاری ہے۔ ڈکیتوں اور چوروں کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر علاقہ مکینوں کا پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ ڈکیتوں، موٹر سائیکل چوروں اور مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او نے انچارج سی آئی اے اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

ڈکیتی چوری اور رہزنی کی وارداتیں خونی رنگ میں بدلنے لگی

شرقپور شریف میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے اصغر نامی شہری لہولہان ہوگیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈکیتی چوری اور رہزنی کی وارداتیں خونی رنگ میں بدلنے لگی، شرقپور شریف میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے اصغر نامی شہری لہولہان ہوگیا جس کو ریسکیو اہلکاروں نے طبی امداد دیتے ہوئے ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ منتقل کردیا مضروب کے مطابق ڈاکوؤں نے چھینا جھپٹی کرنے کے بعد گولی مار کر زخمی کردیا شرقپور شریف پولیس کے مطابق واقعہ دوران ڈکیتی مزاحمت کا ہے مختلف پہلوؤں سے تفتیش کا آغاز شروع کردیا گیا ہے جو اصل حقائق ہونگے میڈیا کو بتا دیئے جائے گے، صدر شیخوپورہ کے علاقہ منڈی مویشاں کے قریب 2 مسلح گن پوائنٹ شہری سے 45 ہزار روپے نقدی موبائل فون، صدر فاروق آباد کے علاقہ پکا ڈیرہ کے قریب 2 مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر سرور عباس کو ہینڈز اپ کروا کر اسکی موٹر سائیکل نقدی 6 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار، تھانہ ہاؤسنگ کالونی کے علاقہ جوبیانوالہ کٹ کے قریب جمیل کو یرغمال بنا کر اسکی موٹر سائیکل نمبری 5368 ایل ایم ایکس 20 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون، تھانہ سٹی بی ڈویژن کے علاقہ چٹی کوٹھی روڈ پر 2 مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کی نوک پر ارسلان کو ہینڈز اپ کروا کر 17 ہزار روپے نقدی اور 2 موبائل فونز چھین کر فرار۔

اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد منور حسین اور اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں کا دریائے چناب کا دورہ

مختلف محکموں کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر میڈم سندس ارشاد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد منور حسین اور اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں محمد اشفاق احمد نے دریائے چناب کے قریب مختلف دیہات اور بوٹنگ پوائنٹ کا دورہ کیا، جہاں انھوں نے ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مختلف محکموں کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز نے بھق احمد یار، کوٹ کمیر، ڈھڈا بھٹیاں اور دیگر دریا کے قریبی علاقوں اور بوٹنگ پوائنٹ کا دورہ کیا۔ جہاں پہ انہوں نے ریسکیو 1122، ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کی جانب سے کیے جانے والے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنرز نے ریسکیو اور دیگر محکموں کے اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ تمام سٹاف اپنے اپنے بوٹنگ پوائنٹس اور فلڈ ریلیف سنٹرز پر ہر وقت موجود رہیں۔ تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر بروقت عوام کیجان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر انہوں نے ریسکیو 1122 کی جانب سےقائم کیے جانے والے بوٹنگ پوائنٹس کا بھی دورہ کیا اور وہاں پہ حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔

نواحی گاؤں ڈیرہ اشرف میں کرنٹ لگنے سے 18 سالہ نوجوان جاں بحق

ارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نواحی گاؤں ڈیرہ اشرف میں کرنٹ لگنے سے 18 سالہ نوجوان جاں بحق گھر زیر تعمیر تھا 18 سالہ امان علی موٹر چلانے لگا بجلی کی تار سے چھو گیا اور کرنٹ لگنے سے موقع پر ہی تڑپ تڑپ کر جان دے دی جوان بیٹے کی موت پر والدین شدت غم سے نڈھال ہیں یاد رہے ایک ہفتہ میں کرنٹ لگنے سے تین افراد موت کی آغوش میں جا چکے ہیں۔

حافظ آباد میں پتلی کھرل کے قریب ماں بیٹی کو گاڑی سے اتار کر فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کرلیا، ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کے چھاپے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں پتلی کھرل کے قریب ماں بیٹی کو گاڑی سے اتار کر فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزمان کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کر کے انکی گرفتاری کے لئے چھاپے مارنا شروع کردیئے ہیں۔ پولیس کے مطابق دونوں ماں بیٹی کو زمین ہتھیانے کی غرض سے قتل کیا گیا۔ دوسری جانب شاہدہ بی بی اور اسکی بیٹی بسمہ کو پوسٹمارٹم کے بعد آہوں اور سسکیوں میں انکے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔

نارنگ منڈی: سینسرہ میں دس سالہ معصوم بچی سے زیادتی کی کوشش

پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا تفتیش کا آغاز

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نواحی گاؤں سینسرہ میں 10 سالہ معصوم بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی کی کوشش نارنگ منڈی پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا بتایا گیا ہے کہ اہلخانہ رات کے وقت سو رہے تھے ملزم شہزاد کمرے میں آ کر 10 سالہ (ا) کے ساتھ مبینہ چھیڑ چھاڑ کرنے لگا بچی کی چیخوں کی آواز سن کر اہلخانہ جاگ گئے ملزم دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گیا نارنگ منڈی پولیس نے والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

نارنگ منڈی: نواحی دیہات میں لاکھوں مالیت کے جانوروں کی چوری

حویلی سے 3 لاکھ روپے مالیت کی 5 بھیڑیں اور چھترا چوری ہوگیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی کے نواحی دیہات میں لاکھوں روپے مالیت کے درجن کے قریب جانور چوری بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں پکھیالہ میں بدر افضال کی حویلی سے 3 لاکھ روپے مالیت کی 5 بھیڑیں اور چھترا چوری ہوگیا لدھیکے میں بوٹا کی حویلی سے 2 لاکھ 50 ہزار روپے مالیت کے بکرے اور بکریاں غائب ڈیرہ عبدالرحمان میں مشتاق کی حویلی سے 75 ہزار روپے مالیت کے دو بکرے چوری ہوگئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے تھانہ نارنگ میں چوری وڈکیتی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر اہل علاقہ نے گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔

ضلعی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں تیزی سے جاری

سرگرم ڈکیت وموٹر چور گینگ کا سرغنہ ساتھی ملزم سمیت گرفتار کرلیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ساجد عزیز کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں تیزی سے جاری۔ ننکانہ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران دو خطرناک ڈکیت و چور گینگ کے پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سیدوالا پولیس نے سرگرم ڈکیت گینگ کے سرغنہ کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا۔ مختلف وارداتوں میں چھینی اڑھائی لاکھ روپے نقدی اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ گرفتار ڈکیت گینگ کے سرغنہ ناصر عرف ناصری، عثمان اور غلام محی الدین سے راہزنی کی 4 وارداتوں کا سراغ مل گیا ہے مزید انکشافات متوقع ہے۔ دوسری جانب اے ایس پی سرکل ننکانہ صابرہ ایوب کی سربراہی میں سی آئی اے پولیس ننکانہ نے کاروائی کرتے ہوئے سرگرم ڈکیت وموٹر چور گینگ کا سرغنہ ساتھی ملزم سمیت گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی چوری شدہ تار اور ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی برآمد کرلی گئی۔ گینگ کے سرغنہ کلیم عرف کلیمو اور ظہور سے رابری اور چوری سمیت 4 مقدمات کا سراغ لگا لیا گیا ہے، مزید انکشافات متوقع ہیں۔ ملزمان سے تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ڈی پی او ننکانہ ساجد عزیز نے ایس ایچ او تھانہ سیدوالا شہباز ڈوگر، انچارج سی آئی اے ٹیم سرکل ننکانہ رانا افضال اور ہمراہی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ شہریوں کی مال و دولت لوٹنے والے ناقابل معافی ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کے خاتمہ کے لیے موثر کاروائیاں بلا امتیاز جاری ہیں۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ عوامی جان ومال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔

بجلی چوری کرنے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بجلی چوری کرنے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ایس ڈی او واپڈا نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تھانہ موترہ کے علاقہ پیرو چک اور علی ٹاؤن میں چھاپہ مارا تو ملزم بجلی کی مین تاروں پر تاریں ڈال کر سرعام بجلی چوری کر رہا تھا جس کو ایس ڈی او نے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

پولیس نے منشیات فروش ملزم گرفتار کرلیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنڈدادنخان پولیس کی اہم کاروائی، منشیات فروش ملزم گرفتار، منشیات برآمد تھانہ پنڈدادنخان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم دانش کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 560 گرام چرس برآمد کرلی گئی، ملزم کے خلاف مقدمہ درج، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں۔

زیرتعمیر مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص ملبے تلے دب کر زخمی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) زیرتعمیر مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص ملبے تلے دب کر زخمی پسرور بائی پاس کے قریب ساڑھے چار مرلہ مکان کی چھت ڈالتے وقت اچانک گر گئی جس کے نتیجہ میں ملبے تلے دب کر چالیس سالہ نظر زخمی ہوگیا ریسکیو 1122 نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے اس کو زندہ باہر نکال لیا اور طبی امداد کے بعد سول ہسپتال منتقل کردیا

نامعلوم چور موٹر سائیکلیں اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور موٹر سائیکلیں اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کا ابوبکر اور صدیم اپنی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کر کے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے جبکہ ڈسکہ کے عامر کے گھر سے نامعلوم چور موبائل فون چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

بوگس کال کرنے پر خاتون کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ریسکیو 15 پر ٹاپس چوری کی بوگس کال چلانے پر خاتون کیخلاف مقدمہ درج سمبڑیال روڈ ڈسکہ کی خاتون ثناء نے ریسکیو 15 پر کال چلائی کہ نامعلوم چور اس کے گھر سے ٹاپس چوری کر کے لے گئے ہیں پولیس نے جا کر موقع چیک کیا تو کال بوگس ثابت ہوئی پولیس نے خاتون کیخلاف مقدمہ درج

بارڈر سمگلنگ میں ملوث تین منشیات فروش کیساتھ ساز باز کرنے پر ایگل سکواڈ کیخلاف مقدمہ درج

پانچ ملازمین خالد میو، عابد علی میو، رحمدین میو، سہیل انور انصاری، طالب مشتاق مسیح نے ملزمان کو اس سے قبل بھی گرفتار کرنے کے بعد بھاری رشوت لیکر چھوڑ دیا تھا

مصطفی آباد: بارڈر سمگلنگ میں ملوث تین منشیات فروش گرفتار، ڈرون کیمرہ 22 سو گرام ہیروئن سمیت پولیس تھانہ مصطفی آباد کی حراست میں کھڑے ہیں

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) بارڈر سمگلنگ میں ملوث تین منشیات فروش گرفتار، ڈرون کیمرہ 22 سو گرام ہیروئن برآمد، ملزمان کے ساتھ ساز باز کرنے والے پانچ ایگل سکواڈ کے ملازمین کے خلاف بھی مقدمہ درج، ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری، پولیس تھانہ مصطفی آباد نے ایس ایچ او حسن عمران سید کی زیرنگرانی محمد صادق سب انسپکٹر نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر نواحی گاؤں وڈارہ روڈ نزد بی آر بی نہر کنارے موجود بارڈر سمگلنگ میں ملوث تین منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا، گرفتار ہونے منشیات فروشوں ریاض عرف ایاز میو، محمد ایاز میو اور مبشر سے دو کلو بیس گرام ہیروئن، ڈرون کیمرہ، ریموٹ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا، ملزمان کے ساتھ ساز باز ہونے پر ایگل سکواڈ کے پانچ ملازمین کے خلاف بھی مقدمہ درج کرلیا گیا، ذرائع کے مطابق ملزمان کو ایگل سکواڈ کے تھانہ مصطفی آباد کے علاقہ میں تعینات پانچ ملازمین خالد میو، عابد علی میو، رحمدین میو، سہیل انور انصاری، طالب مشتاق مسیح نے ملزمان کو اس سے قبل بھی گرفتار کرنے کے بعد بھاری رشوت لیکر چھوڑ دیا تھا۔

شیخوپورہ: مسلح ڈاکوؤں نے تین دکانوں پر گھس کر قیمتی سامان لوٹ لیا

ایک ڈاکو مکینوں نے دبوچ کر خوب درگت بنانے کے بعد پولیس کے حوالے کر دیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی اے ڈویژن کے علاقہ جھگی روڈ پر تین مسلح ڈاکوؤں نے تین دکانوں میاں راشد کریانہ سٹور، وقاص ٹریڈر، 786 ٹریڈرز میں گھس کر اسلحہ کی نوک پر لاکھوں روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا دوران ڈکیتی مزاحمت پر ایک ڈاکو مکینوں نے دبوچ کر خوب درگت بنانے کے بعد تھانہ اے ڈویژن پولیس کے حوالے کر دیا دوران واردات پولیس موقع پر پہنچی تو دو فرار ہونے والے ڈاکوؤں نے پولیس پر اندھا فائرنگ کر دی فائرنگ کی زد میں آ کر نوید انجم پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگیا جس کو طبی امداد دیتے ہوئے ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ کی ایمرجنسی میں منتقل کر دیا گیا ہے واقعہ کی سی سی ٹی وی فوٹیج میڈیا نے حاصل کر لی جس میں واردات کرنے والے ڈاکو اور دکانداروں ہاتھا پائی کرتے ہوئے دیکھے جاسکتے ہیں پولیس نے پکڑے جانے والے ملزم کو نامعلوم مقام پر منتقل کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

شیخوپورہ: حادثات وواقعات: 1 شخص جان بحق 17 شدید زخمی ہوگئے

موٹر سائیکل کی ٹکر سے وارث علی نامی شخص جان بحق احمد علی نامی شدید زخمی ہوگیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مختلف حادثات وواقعات کے نتیجہ میں 1 شخص جان بحق 17 شدید زخمی ہوگئے ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا مانانوالہ کے علاقہ ڈلا چندہ سنگھ کے قریب دو تیز رفتار موٹر سائیکلوں میں ٹکر کے نتیجہ میں وارث علی نامی شخص جان بحق احمد علی نامی شدید زخمی ہوگیا، اسی تھانہ کی حدود فیصل آباد سرراہ ہوٹل کے قریب تیز رفتار بے قابو بس ڈرائیور کے اونگھ آجانے کے باعث ڈوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی حادثہ کے نتیجہ میں 15 مرد وخواتین اور بچے زخمی ہوگئے ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے جائے حادثہ پر پہنچ کر 13 معمولی زخمیوں علی، رضوان وغیرہ کو طبی امداد فراہم کی جبکہ 3 شدید زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا، تحصیل مریدکے میں گیس لیکج کے باعث داؤ کے میں گھر کا گیس سلنڈر پھٹ گیا جسکی زد میں آ کر ایڈووکیٹ شفقت نواز بری طرح جھلس گیا جس کو ٹی ایچ کیو ہسپتال مریدکے منتقل کیا گیا جہاں پر ڈیوٹی ڈاکٹروں نے 50 فیصد جسم کے حصے جھلسنے کی وجہ سے لاہور جنرل ہسپتال ریفر کر دیا، بصرہ کالونی مریدکے میں ساتویں کلاس کی طالبہ راحت جمشید نے چھٹیوں کے بعد حصول تعلیم کے لیے سکول جانے سے انکار پر والدہ کی ڈانٹ ڈپٹ سے دل برداشتہ ہو کر تیزاب پی لیا 12 سالہ طالبہ راحت کو تشویشناک حالت میں لاہور ریفر کر دیا گیا۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

ہے۔انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے لوگوں میں اپنے مسائل حل کرنے کی صلاحیت موجود ہے، پاکستان مشرق وسطی میں بننے والی صورتحال پر تشویش میں ہے۔ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہا ایران کو اپنا دفاع کرنے کا بھرپور حق حاصل ہے، اسرائیل کا اس طرح کی کارروائیوں پر احتساب کرنا چاہیے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اسرائیل کے غزہ میں انسانیت سوز مظالم جاری ہیں،غزہ میں اب تک 40ہزار معصوم شہریوں کو جاں بحق کیا جاچکا ہے، پاکستان غزہ میں جاری اسرائیلی مظالم کی مذمت کرتا ہے، اسرائیل کو غزہ میں نسل کشی پر جوابدہ بنایا جانا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا سلسلہ جاری ہے، پاکستان مقبوضہ وادی میں 4 کشمیریوں کی شہادت کے واقعہ کی مذمت کرتا ہے، اقوام متحدہ کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہیے۔ممتاز زہرا کا کہنا تھا کہ پاکستان نے زائرین کے انتظامات کے حوالے سے عراقی حکومت سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے ہیں،ہم نے منکی پاکس پر عالمی ادارہ صحت کی ایڈوائزری دیکھی ہے، وزارت قومی صحت ہی اس حوالے سے باقاعدہ ردعمل دے سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

ایک ہی گینگ کے پارٹنرز ہیں، اب اس میں کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہی، 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ کون ہے اور اسکے سہولت کار کون تھے، بانی پی ٹی آئی کے اب نقاب اترنا شروع ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا ہے کہ محسن کشوں اور احسان فراموشوں کی ہر ریس میں بانی پی ٹی آئی اول نمبر پر آئے ہیں، فوج میں خود احتسابی کا عمل خوش آئند ہے، پاکستان کے عوام پاک فوج کے سپہ سالار کے اس اقدام کو سراہتے ہیں، باقی بھی جن جگہوں پر 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ کے سہولت کار ہیں ان اداروں کو خود احتسابی کا عمل شروع کرنا پڑے گا۔عظمٰی بخاری نے کہا ہے کہ جب تک 9 مئی کے ایک ایک کردار اور سہولت کار کو کٹہرے میں کھڑا نہیں کیا جاتا ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، پاکستان کے عوام اس بات کا شدت سے انتظار کر رہے ہیں کہ شہدا کا مسخرا اڑانے والے کب کٹہرے میں لائے جاتے ہیں۔صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہدا کی مائیں بہنیں اور بیٹیاں سوا سال بعد بھی ہمارے نظام عدل کی طرف دیکھ رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

اقتدار میں آئے؟، جو پاکستان کی تباہی و بربادی کا سامان کر کے چلے گئے ہیں میں عوام سے درخواست کرتا ہوں ان کے دھوکے میں نہ آئیں، ہم نے تو آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہہ دیا تھا، پھر آئی ایم ایف کو دوبارہ لانے والے کون ہیں، عوام وہ چہرے پہچانے، یہ وہ ہیں جو آج بڑھ چڑھ کر جیل میں بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں ۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ عوام مہنگائی اور بجلی کے مہنگے بلوں کی وجہ سے جس کرب سے گزر رہے ہیں۔جب میں 21 اکتوبر کو مینار پاکستان پر آپ سے مخاطب ہوا تھا تو اس وقت بھی بجلی کے مسئلے پر کافی دیر گفتگو کی تھی۔میں نے اس وقت بھی آگاہ کیا تھا کہ میرے زمانے میں بجلی کا بل کتنا ہوا کرتا تھا اور آج کتنا ہو گیا ہے۔میں اس دن سے لے کر آج کے دن تک آپ کا کرب محسوس کر رہا ہوں ، میں آپ کی تکالیف کو بھی محسوس کرتا ہوں ، میرا ذہن بار بار 2017 کی طرف جاتا ہے اور جانا بھی چاہیے کیونکہ اس وقت اللہ کے فضل و کرم سے مہنگائی کا نام و نشان نہیں تھا بجلی کے بل بہت کم آتے تھے، آپ کی آمدن آپ کے اخراجات سے زیادہ تھی اور عوام آسانی سے زندگی گزار رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 4

اسٹریٹ فٹ بال ٹیم، آرمی پولو ٹیم، بصارت سے محروم کرکٹ اور خواتین گول بال ٹیمیں، کامن ویلتھ ،سیف اور ایشین گیمز کے میڈل جیتنے والے اور پیرس اولمپکس 2024 کے شرکاء شامل تھے۔اس تقریب میں جہانگیر خان، اصلاح الدین، شہباز سینئر، سہیل عباس، محمد آصف اور اعصام الحق نے بھی شرکت کی، اس تقریب میں ارشد ندیم کے قریبی رشتہ دار، ساتھی اور کوچز بھی موجود تھے۔چیف آف آرمی اسٹاف نے ارشد ندیم کی پاکستان کے پہلے سنگلز ایونٹ میں گولڈ میڈل جیتنے اور نیا اولمپک ریکارڈ بنانے کی شاندار کامیابی کو سراہا۔آرمی چیف نے ان کے عزم، ثابت قدمی اور بہترین کارکردگی کا ثمر قرار دیا۔انہوں نے ارشد ندیم کی متاثر کن جدوجہد کا ذکر کیا جو انہوں نے معمولی آغاز سے کامیابی کی بلندیوں تک پہنچنے کے لیے کی۔آرمی چیف نے ارشد ندیم کی کامیابی کو قومی فخر کے طور پر تسلیم کیا۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم نے ارشد ندیم کی کامیابی کو قابل فخر انداز میں سراہا ہے۔انہوں نے نوجوانوں کی ترقی اور تفریح کو صحت مند اور خوشحال معاشرے کے لازمی اجزاء کے طور پر اجاگر کیا۔اس موقع پر ارشد ندیم نے پاکستانی نوجوانوں کی بے پناہ صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔انہوں نے محنت، مثبت سوچ اور ثابت قدمی کی اہمیت پر زور دیا تاکہ چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 5

پولیس چوکی میں گرفتار کروایا گیا جس کی مالیت تقریباً 1 کروڑ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے جس پر پولیس چوکی میو ہسپتال نے ہسپتال کے مختلف سٹوروں اور کمروں میں چھاپے مار کر چوری شدہ تار برآمد بھی ذرائع کے مطابق بعدازاں اے ایم ایس ورکس نے ہسپتال یونین کے دباؤ پر چوری کے واقع میں ملوث گرفتار ملازمین پر مقدمہ درج کروانے کی بجائے بارگیننگ کرکے رہائی دلوائی جبکہ چوری میں ملوث ملازمین کو بچانے کیلئے مبینہ طور پر مقامی پولیس کو بھاری رشوت دی گئی اور مبینہ طور پر انہیں ملزمان ملازمین ڈونیشن کے نام پر لاکھوں روپے وصول کئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 6

تھے۔ذرائع نے بتایا کہ سابق آئی جی جیل خانہ جات پنجاب شاہد سلیم بیگ کو ان کی سرکاری رہائش آئی جی ہاؤس سے گرفتار کیا گیا جبکہ اڈیالہ جیل کے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ظفر سے بھی تحقیقات شروع کر دی گئیں۔علاوہ ازیں ڈی آئی جی جیل راولپنڈی کے دفتر سے ایک آفس سپرنٹنڈنٹ ناظم علی شاہ سے بھی پوچھ گچھ کا آغاز کردیا گیا۔دوسری جانب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد اکرم کے اردلی کو بھی حراست میں لے لیا گیا، اڈیالہ جیل کا ایک وارڈر اور ہیڈ وارڈر بھی زیر حراست ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 7

سے روابط کے ثبوت سامنے آگئے۔ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کارکنوں کے موبائل فون فرانزک کے دوران غیر ملکی شخصیات سے روابط کا انکشاف ہوا ہے، رؤف حسن اور بین الاقوامی جریدے انٹر سیپٹ کے صحافی رائن گرم واٹس ایپ کے ذریعہ رابطوں میں تھے۔باوثوق ذرائع کا کہنا تھا کہ رؤف حسن اور رائن گرم کا باقاعدہ رابطہ جنوری 2024 میں ہوا، رائن گرم نے 8 جون کو رؤف حسن سے بانی پی ٹی آئی کے 15 مئی کو لکھے مواد کی تصدیق چاہی، پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف آرٹیکلز اسی مدت میں لکھے گئے۔ذرائع نے مزید بتایا کہ رؤف حسن کی جانب سے رائن گرم کو 21 جنوری کے ورچوئل جلسہ میں شرکت کی دعوت دینے کا بھی انکشاف ہوا ہے، رائن گرم نے نو اگست 2023 کو سائفر کو بنیاد بنا کر ایک آرٹیکل تحریر کیا، رائن گرم نے سائفر کو بنیاد بنا کر لکھے آرٹیکل میں پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف پراپیگنڈا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید کے معاملے پر ردعمل میں اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ یہ اللہ تعالی کی طرف سے ایک معجزہ تھا، اس معجزے پر حیران ہوں، پہلی مرتبہ اس طرح چیزیں ہوئی ہیں، یہ 2011 کا پراجیکٹ تھا جس کا اختتام ہوا، 2014 کا دھرنا بھی ناکام ہوا اور معیشت بھی خراب ہوئی، ہم آج تک اس کے نقصانات بھگت رہے ہیں۔انہوں نے انکشاف کیا کہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید نے مجھ سے بھی معافی مانگی تھی، میں بھی جنرل فیض کے متاثرین میں شامل ہوں، فیض حمید نے اکتوبر کے وسط میں مجھ سے زیادتی پر معافی مانگی۔اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ اللہ کرے ہم بطور قوم سیدھے راستے پر چلیں، غلط چیزوں کے ہمیشہ سے خلاف ہوں انہیں کنٹرول کیا جانا چاہیے، گندی سیاست نے اس ملک کا برا حال کردیا ہے، دھرنوں، گندی سیاست کے نتیجے میں دنیا کی 24 ویں معیشت 47 نمبر پر آگئی۔وزیر خارجہ نے کہا کہ سینیٹ جوائنٹ سیکرٹری یوکے دورے کے دوران اہلخانہ ساتھ لے کر گیا، جوائنٹ سیکرٹری کی بیوی اور چار بچوں نے سیاسی پناہ لی، پارلیمنٹ کے افسران کو دفتر خارجہ آئندہ ویزا کے حوالے سے کوئی سہولت فراہم نہیں کرے گا۔نائب وزیر اعظم کا مزید کہنا تھا کہ ارکان قومی اسمبلی اور سینیٹرز کو ویزوں کے حوالے سے سہولت بدستور فراہم کی جائے گی، ارکان پارلیمنٹ کی فیملی کو سہولت ملے گی دوستوں اور محلے داروں کو نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

ناقابل ضمانت جرم قرار دیا گیا ہے، کائٹ فلائنگ آرڈیننس میں ترامیم کی سفارشات پنجاب کابینہ کو ارسال کردی گئی ہیں۔کائٹ فلائنگ ،مینو فیکچرنگ، ٹرانسپورٹ کی سہولت پر سزا اور جرمانہ ہوگا، ملزمان کو 3 سے 7 سال کی سزا، 20 سے 50 لاکھ روپے تک جرمانہ ہوگا، ڈور اور دھاتی تار برآمدگی پر سزا 5 سال تجویز کردی گئی، پتنگ بازی کا جرم ثابت ہونے پر کم از کم سزا 3 سال ہوگی۔پتنگ بازی کا جرم کا مرتکب ہونے پر جرمانہ 20 لاکھ تک کیا جاسکے گا، جرمانے کی عدم ادائیگی پر مزید چھ ماہ تک سزا بھگتنا ہوگی، پتنگ بنانے، ٹرانسپورٹ کی سہولت دینے پر سزاؤں میں بھی اضافہ تجویز کردی گئی، مینوفیکچرز، ٹرانسپورٹرز کو کم از کم سزا 5 سال اور زیادہ سے زیادہ 7 سال تک سزا ہوسکے۔مینوفیکچرز اور ٹرانسپورٹرز کو 50 لاکھ روپے تک جرمانہ ہوسکے گا، آرڈیننس میں ترامیم کی پنجاب کابینہ کے بعد اسمبلی سے منظوری لی جائے گی، پنجاب اسمبلی کی منظوری پر گورنر پنجاب ترامیم پر دستخط کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 10

زدوکوب کرنے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہیں۔اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ تحریک انصاف خواتین کیلئے تحریک ناانصاف بن چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اقبال آفریدی کے خلاف ایکشن لے۔انہوں نے کہا کہ پہلے ہی ہمارے معاشرے میں خواتین کو بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ تحریک انصاف کی فسطائیت ہے جو کھل کر باہر آرہی ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ انصاف کا تقاضا ہے کہ اس حملے پر اقبال آفریدی کی پارٹی رکنیت معطل ہونی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہے۔انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے لوگوں میں اپنے مسائل حل کرنے کی صلاحیت موجود ہے، پاکستان مشرق وسطی میں بننے والی صورتحال پر تشویش میں ہے۔ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہا ایران کو اپنا دفاع کرنے کا بھرپور حق حاصل ہے، اسرائیل کا اس طرح کی کارروائیوں پر احتساب کرنا چاہیے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ اسرائیل کے غزہ میں انسانیت سوز مظالم جاری ہیں،غزہ میں اب تک 40ہزار معصوم شہریوں کو جاں بحق کیا جاچکا ہے، پاکستان غزہ میں جاری اسرائیلی مظالم کی مذمت کرتا ہے، اسرائیل کو غزہ میں نسل کشی پر جوابدہ بنایا جانا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کا سلسلہ جاری ہے، پاکستان مقبوضہ وادی میں 4 کشمیریوں کی شہادت کے واقعہ کی مذمت کرتا ہے، اقوام متحدہ کو مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہیے۔ممتاز زہرا کا کہنا تھا کہ پاکستان نے زائرین کے انتظامات کے حوالے سے عراقی حکومت سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے ہیں،ہم نے منکی پاکس پر عالمی ادارہ صحت کی ایڈوائزری دیکھی ہے، وزارت قومی صحت ہی اس حوالے سے باقاعدہ ردعمل دے سکتی ہے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے فعال سفارتی مشنز موجود ہیں دونوں کے مابین باہمی تعلقات کے تمام شعبوں پر تیز رفتار رابطے موجود ہیں، وزارت خارجہ نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ وسینیٹ سیکرٹریٹ کے حکام کے لیے ویزا گائیڈ لائنز میں تبدیلی کی ہے یہ اقدامات ویزا پالیسی کے غلط استعمال کی حوصلہ شکنی کے لیے اٹھایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنی زیر صدارت ایم پاکس کے حوالے سے جائزہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ڈی جی ہیلتھ ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر این آئی ایچ اور دیگر ماہرین شریک ہوئے جبکہ ویڈیو لنک پر صوبوں کے نمائندگان بھی شریک ہوئے۔اجلاس میں ڈائریکٹر بارڈر ہیلتھ سروسز نے ایئر پورٹس اور دیگر انٹری پوائنٹس پر اقدامات کے بارے آگاہ کیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستان میں ایم پاکس کا پہلا کیس کنفرم ہوگیا ہے۔ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا کہ خیبر پختونخوا ضلع مردان میں ایم پاکس مشتبہ کیس کا رزلٹ پازیٹو آیا ہے، متاثرہ شخص خلیجی ملک سے آیا ہے۔متاثرہ شخص کی کانٹیکٹ ٹریسنگ شروع کردی گئی ہے اور مزید لوگوں کے نمونے حاصل کیے جارہے ہیں۔انہوں نے بارڈر ہیلتھ سروسز کو تمام انٹری پوائنٹس پر سخت نگرانی کی ہدایت بھی کردی ہے۔انہوں نے کہا کہ لمحہ بہ لمحہ صورت حال کی کڑی نگرانی کی جارہی ہے، پاکستان میں ایم پاکس سے نمٹنے کیلئے اقدامات تسلی بخش ہیں۔ملک بھر میں صحت کا عملہ ایئر پورٹس پر سکریننگ اور سرویلنس کے نظام کی مانیٹرنگ کے لئے ایئر پورٹس کا وزٹ کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں پارلیمانی امور سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں سپیکر قومی اسمبلی نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ملاقات میں سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ موجودہ پارلیمان موثر قانون سازی کے ذریعے عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے پرعزم ہے، صوبوں اور وفاق کے مابین ہم آہنگی اور رابطوں کا فروغ عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کے مطابق کوئٹہ کے فاطمہ جناح ہسپتال میں داخل 42 سالہ محمد اقبال نامی مریض میں کانگو وائرس کی تصدیق ہوئی تھی۔ذرائع کے مطابق رپورٹس مثبت آنے کے بعد کانگو سے بچاؤ کے لیے مریض کا علاج جاری تھا تاہم علاج کے دوران مریض دم توڑ گیا۔ہسپتال ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران کانگو وائرس کے 2 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ بلوچستان میں رواں سال 21 مریضوں میں کانگو کی تصدیق ہوئی ہے جبکہ بلوچستان میں رواں سال کانگو وائرس سے 5 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

موسی الہی کی دیگر پراپرٹیز کا پتہ چلانے کے لئے ڈی جی ایل ڈی اے کو مراسلہ لکھا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

الانہ نے وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت پاکستان کی کاروبار دوست پالیسیوں کو مقامی کاروبار اور بیرونی سرمایہ کاری کے لئے خوش آئند قرار دیا۔وزیر اعظم نے پاکستان میں عوامی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے آغا خان فاؤنڈیشن کے کردار کو سراہا۔وزیر اعظم نے جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر میں بھرپور تعاون اور کنسلٹنسی خدمات فراہم کرنے پر آغا خان فاؤنڈیشن کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 17

گیا۔اسمبلی سیکرٹریٹ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ڈائریکٹر جنرل پارلیمانی امور پنجاب اسمبلی خالد محمود نے عامر عنایت شاہانی کو قائمہ کمیٹی برائے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کے چیئرمین کا نوٹیفکیشن دیا۔

بقیہ بقیہ جات 18

کیانی نے ریفرنس پر سماعت کی۔عدالت نے شیخ افضل اور ہمیش خان کو حاضری سے استثنی دے رکھا ہے۔ملزمان کی جگہ حاضری کے لئے ان کے مقرر کردہ پلیڈرز پیش ہوئے ۔نیب نے ملزمان کے خلاف 2008ء میں بینک فراڈ ریفرنس دائر کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

کمیٹی میں وزیر خزانہ، وزیر نجکاری، وزیر پاور، وزیر اطلاعات ونشریات، معاون خصوصی پاور، سیکریٹری پاور، سیکریٹری نجکاری ڈویژن اور سیکریٹری نجکاری کمیشن شامل ہیں۔وزیر اعظم نے اسٹرنگ کمیٹی کے لیے ٹی او آرز طے کردیے ہیں، ذرائع کے مطابق کمیٹی نجکاری عمل میں متعلقہ قوانین، ریگولیشن اور انڈسٹری معیارات پر عمل درآمد یقینی بنائے گی۔اس کے علاوہ کمیٹی ڈسکوز کے نجکاری عمل میں ممکنہ خطرات اور چیلنجز کی نشاندہی کرے گی۔ذرائع کے مطابق سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی فاسٹ ٹریک نجکاری کے لیے کمیٹی رہنمائی کرے گی جب کہ کمیٹی ڈسکوز کی تیزی سے نجکاری مکمل کرنے کے لیے معاملات کا جائزہ لے گی۔ڈسکوز کی نجکاری سے اسٹیک ہولڈرز کو باخبر رکھنے کے لیے کمیٹی جامع حکمت عملی بنائے گی۔وزارت نجکاری اسٹرنگ کمیٹی کے لیے سیکریٹریل سپورٹ فراہم کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 20

کریں گے۔صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کے مطابق آئندہ ہفتے 24 اگست کو اساتذہ 3 گھنٹوں کے لئے سکول آئیں گے،اساتذہ 3 گھنٹوں میں لیسن پلان ،آئندہ 15 روز کی تعلیمی سرگرمیوں کی پلاننگ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 21

اجلاس میں سوشل ویلفیئر اور ہیلتھ سیکٹرز کی 2 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 3 ارب 36 کروڑ 68 لاکھ 96 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں وزیر اعلی ہمت کارڈ پروگرام برائے معذور افراد (ترمیمی) کیلئے 2 ارب 65 کروڑ 81 لاکھ 20 ہزار روپے اور چلڈرن ہسپتال لاہور میں برن سنٹر کے قیام (ترمیمی) کیلئے 70 کروڑ 87 لاکھ 76 ہزار روپے شامل ہیں۔اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل سمیت چیف اکانومسٹ ناصر اقبال ملک، متعلقہ سیکرٹریز، محکمہ جات کے اعلی افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 22

ملاقات کی۔فوکل پرسن تاجر دوست اسکیم احمد حسن بھی ان کے ہمراہ تھے۔ممبر پالیسی نے کوارڈی نیٹر تاجر دوست اسکیم نعیم میر کو پنجاب ریونیو اتھارٹی کے سروسز پر ٹیکسز کے حوالے سے بریف کیا۔ملاقات میں ریسٹورنٹ ، ہوٹلز، کوریئر سروسز ، شادی ہالز ، ورکشاپس ، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس ، ٹور اینڈ ٹریول ایجنٹس کی سروسز کے ذریعے ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔نعیم میر نے سروسز سیکٹر کے تاجران کی پنجاب میں ڈسٹرکٹ لیول پر کمیٹیاں بنانے کی تجویز دی۔ممبر ٹیکس پی آر اے جاوید اقبال ین کہا کہ ریونیو اتھارٹی پنجاب نے تاجر نمائندگان کے ساتھ ملکر کام کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

پختونخوا میں ایم پاکس کیسز کی تعداد 3 ہوچکی ہے، پاکستان میں ایم پاکس وائرس کی تصدیق باعث تشویش ہے۔سابق وزیر نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت نے افریقہ سے پھیلنے والے اس وائرل انفیکشن کو عالمی پبلک ہیلتھ ایمرجنسی قرار دیا ہے، اس وائرل انفیکشن کی ابتدائی علامتوں میں بخار، درد اور جسم پر دانے پڑ جانا شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت نے اس وائرل انفیکشن سے بچنے اور پھیلاؤ کو روکنے کیلئے بنیادی احتیاطی تدابیر بتائی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر آپ کے آس پاس کسی متاثر فرد کو ایم پاکس کی علامتیں ہی تو انکے ساتھ قریبی رابطے سے گریز کریں، متاثرہ شخص کو آئسولیٹ کریں اور ان کو طبی امداد دینے کیلئے دستانے اور ماسک پہنیں۔شیری رحمان نے کہا کہ اگر آپ کے آس پاس ایسا کوئی کیس نہیں بھی ہے تب بھی احتیاطاً بار بار ہاتھ دھونا اس وائرل انفیکشن سے تحفظ فراہم کرسکتا ہے۔شیری رحمن نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو الرٹ رہنے اور شہریوں کو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے نجم الثاقب کی آڈیو لیکس کے حوالے سے مقدمے کا اسلام آباد ہائی کورٹ کا 25 جون کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے۔وفاقی حکومت نے وزارت داخلہ کے ذریعے نجم الثاقب، سیکریٹری وزارت پارلیمانی امور ڈویژن، اسپیکر قومی اسمبلی پاکستان، خصوصی کمیٹی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، سیکریٹری کمیٹی، قومی اسمبلی سیکریٹریٹ، وزیر اعظم آفس، سیکریٹری وزارت دفاع، چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی، جاز، یوفون، ژونگ، ٹیلی نار پاکستان، پی ٹی سی ایل، سائبر انٹرنیٹ سروس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن اور آل پاکستان نیوز پیپر سوسائٹی کو فریق بناتے ہوئے موقف اپنایا تھا کہ اداروں کے سربراہان کی طلبی اور ان سے رپورٹیں منگوانا فیکٹ فائنڈنگ کے مترادف ہے۔وفاقی حکومت کی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا نجم الثاقب کی درخواست پارلیمانی کمیٹی کی طلبی کے خلاف تھی جو معاملہ ختم ہو چکا ہے، اسلام آباد ہائی کورٹ غیر موثر درخواست کے نکات سے ہٹ کر کارروائی کررہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

سے 2 لاکھ کیوسک سے اڑھائی لاکھ کیوسک تک بڑھنے کا خدشہ ہے، دریائے راوی میں جسر اور شاہدرہ کے مقام سے 40 ہزار سے 55 ہزار کیوسک پانی کا ریلہ گزرے گا، نالہ بئیں میں درمیانے درجے کا سیلاب اور پلکو میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال ہے۔دریائے سندھ میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار ہے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر پی ڈی ایم اے و انتظامیہ ہائی الرٹ ہے، سیلابی خطرے کے پیش نظر تمام انتظامات مکمل ہیں، دریائے چناب، راوی اور ندی نالوں سے ملحقہ انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق شہریوں کو ممکنہ خطرے بارے آگاہ کیا جارہا ہے، دریاؤں کے پاٹ میں مقیم شہریوں کا انخلا یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ عوام سے التماس ہے کہ دریاؤں وندی نالوں کے اطراف غیر ضروری سفر سے گریز کریں، سیلابی صورتحال کے پیش نظر دریاؤں اور ندی نالوں سے دور رہیں، ہنگامی انخلا کی صورت میں انتظامیہ سے تعاون کریں۔ڈی جی پی ڈی ایم اے نے کہا کہ حکومت پنجاب فلڈ ریلیف کیمپس میں تمام بنیادی سہولیات فراہم کر رہی ہے، شہریوں سے گزارش ہے آپ نے اپنی جان و املاک کو خطرے میں ہرگز نہیں ڈالنا، تمام دریاؤں بیراجز ڈیمز اور نالوں میں پانی کے بہاؤ کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ پی ڈی ایم اے کنٹرول روم سے تمام صورتحال کی مانیٹرنگ جاری ہے۔ایمرجنسی کی صورت میں پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1129 پر کال کریں۔

بقیہ بقیہ جات 26

شریف کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ سرگودھا کے پراجیکٹ ڈائریکٹر قیصر عباس نے کمشنر ملک جہانزیب اعوان سے ملاقات کرکے اپنے اپنے اداروں کے بارے بریفنگ میں بتایا کہ کارڈیالوجی ہسپتال کا تعمیراتی کام 15 ماہ میں مکمل کرنے کا اہداف دیا گیا ہے جبکہ او پی ڈی 10 ماہ میں فنکشنل ہوجائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ تین سو ورکرز ہسپتال کی تعمیر کا کام دن رات کی شفٹوں میں کررہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ہسپتال کی مشینری اور فرنیچر کے آرڈرز جاری کیے جاچکے ہیں۔کمشنر نے کارڈیالوجی ہسپتال کو اہالیان سرگودھا کے تحفہ اور نعمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کارڈیالوجی کے قیام سے سرگودھا سمیت دیگر قریبی اضلاع کے مریض مستفید ہوسکیں گے۔کمشنر نے پراجیکٹ ڈائریکٹر کو تمام کام ٹائم لائن کے اندر مکمل کرنے اور کسی رکاوٹ کی صورت میں ان کو بروقت آگاہ رکھنے کی ہدایت کی تاکہ تعمیراتی کام میں خلل نہ آنے دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 27

میں اس سال ایم پاکس کا پہلا مشتبہ کیس رپورٹ ہوا تھا جس کے بعد نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) نے اس بیماری سے نمٹنے کے لیے اقدامات کے بارے میں ایک ایڈوائزری جاری کردی تھی۔ڈیموکریٹک ریپبلک کانگو میں کیسز کے قریبی ممالک میں پھیلنے کے بعد ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن نے بدھ کو افریقہ میں پھیلے ایم پاکس کو بین الاقوامی تشویش کی پبلک ہیلتھ ایمرجنسی قرار دے دیا تھا، جو کہ آرگنائزیشن کا اعلی ترین سطح کا الرٹ ہے۔پاکستان میں اس سے قبل ایم پاکس، جسے منکی پوکس بھی کہا جاتا ہے، کے کیسز سامنے آ چکے ہیں، تاہم یہ فوری طور پر واضح نہیں ہوسکا کہ مریضوں میں کس ویریئنٹ کی تشخیص ہوئی ہے۔خیبر پختونخوا کے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز سلیم خان نے کہا کہ مریضوں میں سے دو میں ایم پوکس کی تصدیق ہوئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ تیسرے مریض کے نمونے دارالحکومت اسلام آباد کے نیشنل ہیلتھ انسٹی ٹیوٹ کو تصدیق کے لیے بھیجے گئے ہیں، مزید بتایا کہ تینوں مریضوں کو قرنطینہ میں رکھا جارہا ہے۔صوبائی محکمہ صحت نے بتایا کہ متحدہ عرب امارات سے آنے والے مریضوں میں وائرل انفیکشن کی تشخیص ہوئی ہے۔پاکستان کی قومی صحت کی وزارت کے ترجمان نے کہا کہ پاکستان میں ایم پاکس کے ایک مشتبہ کیس کا پتا چلا ہے۔عالمی صحت کے عہدیداروں نے سویڈن میں ایم پاکس وائرس کے ایک نئے انفیکشن کی تصدیق کی اور اسے افریقہ میں پھیلے ہوئے وائرس سے منسلک کردیا، عالمی ادارہ صحت کی جانب سے اس بیماری کو عالمی سطح پر عوامی قرار دینے کے ایک دن بعد براعظم سے باہر اس کے پھیلاؤ کا یہ پہلا کیس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

روپے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق اس فیصلے کے مطابق ماہانہ فی گھرانہ سبسڈی 2 ہزار 734 روپے سے بڑھ کر 3 ہزار 650 روپے کی جائے گی۔بجٹ میں اعلان کردہ وزیر اعظم پیکج کا اطلاق یکم جولائی سے نہیں ہوسکا تھا لیکن اب یوٹیلیٹی اسٹورز پر 5 بنیادی اشیا پر سبسڈی دی جارہی ہے جبکہ چینی، گھی، آٹے، چاول اور دالوں پر بے نظیر انکم سپورٹ صارفین کو سبسڈی دی جائے گی۔بجٹ میں یوٹیلٹی اسٹورز پر وزیر اعظم اور رمضان پیکج کے لیے 60 ارب روپے مختص کیے گئے جبکہ رمضان ریلیف پیکج کے لیے 10 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔گزشتہ مالی سال وزیر اعظم پیکج کے تحت 35 ارب روپے مختص کیے گئے تھے۔نئے پیکج کے لیے یوٹیلیٹی اسٹورز پر دالوں اور چاول پر سبسڈی میں 300 فیصد تک اضافہ ہوگا جبکہ دال چنا اور ٹوٹا چاول پر فی کلو سبسڈی 25 روپے سے بڑھ کر 100 روپے کردی جائے گی۔وزیر اعظم ریلیف پیکج کے تحت گھی پر فی کلو سبسڈی 70 سے بڑھ کر 100 روپے کردی جائے گی جبکہ چینی پر فی کلو سبسڈی میں 4 روپے اضافہ ہوگا جس کے بعد فی کلو سبسڈی 46 روپے سے بڑھ کر 50 روپے ہوجائے گی۔حکومتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم پیکج کے تحت آٹے پر 85 روپے فی کلو سبسڈی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 29

پیسے نہیں۔قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس چیئرمین مین قائمہ کمیٹی اعظم الدین زاہد کی زیر صدارت منعقد ہوا۔کمیٹی نے کہا کہ ہم تو سوچ رہی ہیں چھاپے ماریں اور دیکھیں کیا اسکولوں میں واقعی کھانا بچوں کو مل رہا ہے، سیکرٹری ایجوکیشن نے کہا جی ضرور آپ ضرور سرپرائز وزٹ کیجیے گا۔رکن کمیٹی انجم عقیل نے کہا کہ ٹیکنیکل ایجوکیشن پریکٹیکل ایجوکیشن اور آئی ٹی ایجوکیشن ضروری ہے، ہم سب ان سکولوں کا دورہ کریں گے۔وزیر اعظم کے ویژن کے مطابق کام کیا جارہا ہے یا نہیں جائزہ لیں گے۔چیئرمین ایچ ای سی کا بھی اس میں اہم کردار ہے، 300 اسکولز غیر آباد ہیں اور چند سکولوں میں داخلوں کا پریشر بڑھ جاتا ہے، اسلام آباد میں سوا چار سو اسکول اگر منظم طریقے سے نہیں چل سکتے تو ان پراجیکٹس کا کوئی فائدہ نہیں، دیہاتوں میں بچیاں شہر کے سکولوں میں آنے پر مجبور ہے اور باپ کیلئے روزانہ اسکول چھوڑنا اور واپس لیکر آنا دشوار ہے، 10 ملین کی زمین میں نے عطیہ کی کہ بچیوں کو محفوظ تعلیم ملے۔رکن کمیٹی راجہ خرم نواز نے کہا کہ اسلام آباد میں صرف ایلیٹ کلاس نہیں اور بھی طبقات رہتے ہیں، تعلیم میرے دل کے قریب ہے اور سیکرٹری صاحب سے اسی سلسلے میں ملتا ہوں، یہ ہمارے لیے شرمندگی کا باعث ہے کہ ہم نے پرائیویٹ اسکولوں کو فروغ دیا جن اسکولوں میں ہم پڑھے آج ان سکولوں میں ویسے حالات نہیں ہے، ہم لوگوں کا صحیح کام کرنے کا ارادہ نہیں ورنہ خواہش ہو تو کوئی کام نہیں رکتا۔

بقیہ بقیہ جات 30

سرانجام دیں گے، زائرین کی آمد کے پیش نظر ٹریفک روٹس اور ایڈوائزری بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی، وزیر خوراک بلال یاسین کا کہنا تھا کہ سیف سٹیز کے کیمروں سے سکیورٹی انتظامات کی مکمل نگرانی یقینی بنائی جائے گی، سبیل، لنگر خانوں اور پکوان سنٹرز کے معیار کی نگرانی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں کریں گی، ایم سی ایل دربار کے اطراف اور ملحقہ سڑکوں سے تجاوزات کیخلاف فوری آپریشن کرے، لیسکو حکام کو بجلی کی تاروں کو محفوظ اور بلا تعطل سپلائی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی، ایل ڈبلیو ایم سی اور واسا کے 400 ورکرز 3 شفٹوں میں کلین اپ آپریشن کریں گے، زائرین کی صحت و ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر میڈیکل آفیسرز 24 گھنٹے ڈیوٹی پر مامور ہوں گے، دیگر شہروں سے آنیوالے زائرین کیلئے ٹریفک روانی کو ہرصورت یقینی بنایا جائے گا، بلال یاسین نے واضح کیا کہ زائرین ہمارے مہمان، گزشتہ سال سے بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، اس موقع پر معاون خصوصی وزیر اعلی پنجاب ذیشان ملک، سیکرٹری اوقاف، ڈی سی لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز اور دیگر محکموں کے افسران شریک تھے۔

بقیہ بقیہ جات 31

ثمرات عوام کو منتقل کریں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے جرائم کے قلع قمع اور شہریوں کو خدمات کی باآسانی فراہمی یقینی بنائیں۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ افسران کی فیملیز کو مدعو کرنے کا مقصد انہیں مبارکباد دینا اور یادگار خوشیوں میں شریک کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سنٹرل پولیس آفس میں منعقدہ تقریب میں ایس ایس پی عہدے پر پروموٹ ہونے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 32

نہ ہونے کی شکایت پر وزیر تعلیم نے فوری نوٹس لیتے ہوئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور طالبات کو ایک ہفتے میں کینٹین کا مسئلہ حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ رانا سکندر حیات نے سکول میں جاری تزئین و آرائش کا کام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا اور آئندہ دو ہفتوں میں ترقیاتی امور مکمل کرنے کی ہدایت کی۔سکول میں مالی نہ ہونے کی شکایت پر وزیر تعلیم نے فوری نوٹس لیتے ہوئے مالی کے انتظام کی بھی ہدایت کی۔رانا سکندر حیات نے سکول کے ویٹنگ ایریا میں بیٹھے والدین اور طالبات سے بھی ملاقات کی اور سکول سے متعلقہ مسائل سے آگاہی حاصل کی۔والدین کی شکایت پر وزیر تعلیم کی انتظار گاہ میں پنکھوں کے فوری انتظام اور بنچوں کی تعداد بڑھانے کا بھی حکم دیا۔وزیر تعلیم نے سکول میں صاف پانی کے انتظام کا بھی جائزہ لیا اور اساتذہ سے ان مسائل دریافت کرتے ہوئے جلد حل کی یقین دہانی کروائی۔وزیر تعلیم نے سکول میں ترقیاتی کام کرنے والے مزدوروں کو بھی گلے لگایا اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔

بقیہ بقیہ جات 33

لیے کھول دیا جائے گا۔ڈی جی ایل ڈی اے نے منصوبے کے اطراف جاری گرین بیلٹ اور فنشنگ ورک کے کاموں کا جائزہ لیا۔بعدازاں ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور ڈی سی لاہور نے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ کا بھی دورہ کیا۔افسران کو بتایا گیا کہ سگیاں تا بابو صابو دونوں اطراف کی سروس روڈ مکمل تعمیر ہوچکی ہے اور فنشنگ ورک جاری ہے۔بابو صابو چوک پر ٹال پلازہ کی تعمیر بھی مکمل ہے اور اطراف سے تجاوزات ہٹا کر گرین بیلٹ بنادی گئی ہیں۔ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے فنشنگ کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹرز، کنٹریکٹر نیسپاک اور متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 34

نکال دیا تھا اور ڈیلوری کے بعد ہسپتال سے نومولود بچی کو چھین کر فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی اور پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے متاثرہ خاتون کو بچی واپس دلوادی۔سسرال والوں نے پولیس کو آئندہ خاتون کو پریشان نہ کرنے کی یقین دہانی بھی کرا دی۔سیف سٹیز کے ترجمان کا کہنا ہے کہ خواتین 15 پر کال کرکے 2 دبا کر ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کرسکتی ہیں۔کسی بھی گمشدگی کی اطلاع 15 کال کے ذریعے ورچوئل چائلڈ سیفٹی سینٹر میں کی جاسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

کوروڈز کی سطح سے نیچے کر رہے ہیں، بارش کے پانی روڈز پر جو جمع ہوتا ہے وہ پارکس اور گرین بیلٹ میں اکٹھا ہوگا۔عدالت نے پنجاب حکومت کے اسموگ کے حوالے سے اقدام کی تعریف کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ مجھے خوشی ہے کہ حکومت اسموگ کے حوالے سے اجلاس کررہی ہے اور نیوز پیپرز میں آگاہی دے رہی ہے، موٹر سائیکلوں کا دھواں بھی اسموگ کا باعث بنتا ہے ،میری اس بات کا اس وقت مذاق بنایا گیا مگر پھر حکومت نے موٹر سائیکل کی پالیسی میں توسیع کی جس کے بعد ای بائیکس کی تعداد میں اضافہ کیا۔دوران سماعت عدالت نے حکم دیا کہ ایل ڈی اے سڑکوں پر معیاری ٹائر کلرز لگائے، غیر معیاری ٹائر کلرز سے ٹریفک جام اور ایکسڈنٹ کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ایل ڈی اے کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ٹولنٹن مارکیٹ میں آپریشن کے دوران دکاندار دکانوں کو تالے لگا کر چلے گئے تھے۔عدالت نے ٹولنٹن مارکیٹ میں تجاوزات ختم کرنے اور صوبہ بھر کی مساجد میں وضو کا پانی ذخیرہ کرنے کیلئے اقدامات کا حکم دیتے ہوئے متعلقہ محکموں سے احکامات پر عملدرآمد رپورٹس طلب کرلیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

لانا محمد اشرف طاہر، صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد سمیت دیگر ذمہ دار بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہندوستان کے مسلمانوں کی تاریخی وسیاسی جدوجہد کا نقطہ عروج ہے ، پاکستان کیلئے قربانیاں دینے والے تحریک پاکستان کے رہنماؤں، کارکنان اور اپنے آباواجداد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کے اتحاد، سالمیت اور معاشی استحکام کیلئے کام کرنا ہوگا، ہمارے ملک کو اللہ تعالی نے بے شمار وسائل سے نوازا ہے اور یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ عوام کی فلاح وبہبود کیلئے ان وسائل کو بروئے کار لائیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

پاکستان لاہور میں ہونے والی عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس اپنی مثال آپ ہوگی، ختم نبوت کانفرنس پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع ہوگا، ملک بھر سے قافلے شریک ہونگے۔انہوں نے مزید کہا کہ 07 ستمبر کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی ختم نبوت کانفرنس اپنی مثال آپ ہوگی، جس میں پاکستان کے ہر کونے سے لوگ شریک ہوں گے یہ کانفرنس نہ صرف ایک مذہبی اجتماع ہوگا بلکہ قوم کے لیے ایک پیغام بھی ہوگا کہ عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، اور اس کی حفاظت کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔کانفرنس سے قائدین ملت اسلامیہ جید علما کرام خطاب کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 38

خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقعہ پر مولانا محمد مشتاق لاہوری، مولانا حافظ ابوسفیان حنفی، مولانا محمد شعیب صدیقی، مولانا سمیع اللہ ربانی، مولانا حبیب الرحمن ضیاء، مولانا محمد اعظم فاروق، مولانا مظفر حمید وٹو، مولانا محمد عامر اشرف، بیرسٹر محمد افضل سراء سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے مبارک ثانی کیس کے فیصلے کی مخالفت میں حکومت اور اپوزیشن کا متحد ہونا قابل تحسین ہے۔عدالت عالیہ کے ججز قانونی موشگافیوں پر مبنی اس کیس کو ڈھیل نہ کریں بلکہ اس کے برعکس ایمان اور حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم المرسلینی کو سامنے رکھتے ہوئے اس اہم ترین کیس کا فیصلہ کریں تاکہ "مبارک ثانی کیس" کو دوسری حتمی شکل دی جاسکے پورے پاکستان کے دینی حلقے اور پاکستانی باشعور عوام اب تک اضطرابی کیفیت میں مبتلا ہے کیونکہ ابتک پاکستانی عوام صحیح فیصلہ ہونے کی منتظر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقعہ پر مولانا محمد مشتاق لاہوری، مولانا حافظ ابوسفیان حنفی، مولانا محمد شعیب صدیقی، مولانا سمیع اللہ ربانی، مولانا حبیب الرحمن ضیاء، مولانا محمد اعظم فاروق، مولانا مظفر حمید وٹو، مولانا محمد عامر اشرف، بیرسٹر محمد افضل سراء سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے مبارک ثانی کیس کے فیصلے کی مخالفت میں حکومت اور اپوزیشن کا متحد ہونا قابل تحسین ہے۔عدالت عالیہ کے ججز قانونی موشگافیوں پر مبنی اس کیس کو ڈھیل نہ کریں بلکہ اس کے برعکس ایمان اور حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم المرسلینی کو سامنے رکھتے ہوئے اس اہم ترین کیس کا فیصلہ کریں تاکہ "مبارک ثانی کیس" کو دوسری حتمی شکل دی جاسکے پورے پاکستان کے دینی حلقے اور پاکستانی باشعور عوام اب تک اضطرابی کیفیت میں مبتلا ہے کیونکہ ابتک پاکستانی عوام صحیح فیصلہ ہونے کی منتظر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

لانے کیلئے ہمیشہ مثبت پیشرفت کی ہے لیکن ہماری مخالف نام نہاد سیاسی جماعتیں عمران خان اور پی ٹی آئی کی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں اس لئے ہر معاملے میں منفی پراپیگنڈا کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین سے لے کر ایک عام کارکن تک قانون کا سامنا کر رہا ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں، مجھ سمیت بہت سے رہنما ایسے ہیں جو موجود نہیں تھے اور ان کے خلاف مقدمات کئی سوکلومیٹر دور درج کئے گئے ۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اپنے ملک کی خاطر مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا چاہتی ہے اور رکاوٹوں کے باوجود یہ سفر جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 41

ویلی کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب سے خطاب کے دوران کہی۔ اجلاس میں چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن سندھ پروفیسر طارق رفیع، سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی نور سموں، سیکریٹری جامعات و بورڈز عباس بلوچ ، متعلقہ جامعات کے وائس چانسلرز، گوگل کے مشیر تعلیم اور ٹیک ویلی کے سی ای او عمر فاروق نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ نوجوانوں اور بچوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ ای کامرس، آرٹیفیشل انٹیلی جنس، اینی میشن، ویب ڈیزائننگ اور دیگر ہنر سیکھیں جس سے انہیں خود انحصاری حاصل ہوگی اور عالمی مارکیٹ میں مقابلے کے قابل ہوجائیں گے۔ وزیر اعلیٰ سندھ کو بتایا گیا سندھ بھر کے تعلیمی اداروں میں گوگل کروم بوک فراہم کردی گئی ہیں۔ محکمہ تعلیم کی مدد سے گوگل کروم بوک فراہم کی گئیں اور ٹیک ویلی نے اساتذہ کی تربیت کی ہے۔ گوگل کروم بوک ہلکے وزن ، بیٹری زیادہ چلنے اور استعمال میں آسان ہونے کی وجہ سے سیکھنے سکھانے میں بہت مددگار ثابت ہوگا۔ وزیر اعلی سندھ کو گوگل ٹیکنالوجیز کے ذریعے مقامی طور پر تیار کردہ مقصد ایپ کے اثرات سے بھی آگاہ کیا گیا اور بتایا گیا کہ صرف ایک ماہ مقصد ایپ استعمال کرنے والے طلبہ کی کارکردگی دوسرے طلبہ کے مقابلے میں چوبیس اعشاریہ تین فیصد بڑھ گئی۔ اس موقع پر جامعات، بورڈز اور ٹیک ویلی کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہوئے جس سے سندھ کی دس جامعات میں ایک ہزار طلبہ کو گوگل کیریئر سرٹیفکیٹ کیلئے اسکالرشپ دی جائیگی۔اسکالرشپس کا پچاس فیصد طالبات کیلئے مختص کیا گیا ہے۔ این ای ڈی یونیورسٹی برائے سائنس وٹیکنالوجی، داؤد یونیورسٹی آف انجینیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی، اللہ بخش سومرو آرٹ یونیورسٹی جامشورو، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی حیدرآباد، سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈوجام، قائد عوام یونیورسٹی آف انجینیئرنگ، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نواب شاہ، بیگم نصرت بھٹو ویمن یونیورسٹی سکھر، اروڑ یونیورسٹی آف آرٹ ، آرکیٹیکچر ، ڈیزائن اینڈ ہیریٹیج روہڑی اور شہید بینظیر بھٹو یونیورسٹی لاڑکانہ مفاہمت کی یادداشت کا حصہ ہیں۔ مفاہمت سے نوجوانوں کو بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ آئی ٹی سرٹیفکیشن حاصل کرنے کا موقع ہوگا جس سے وہ قوم کی ٹیکنالوجی کی دنیا میں ترقی میں کردار ادا کرسکیں گے۔ وزیر اعلی سندھ نے صوبے کی ترقی اور سندھ کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل دنیا کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ایسے پروگرامز کو انتہائی اہم قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 42

کل 9 لیڈی ڈاکٹرز نے اپنی خدمات کو انجام دیا، جس میں 7 جنرل فیزیشنز 1 ماہر غذائیت اور 1 آرتھوپیڈک شامل تھیں۔اس موقع پر تمام مریضوں کو فری چیک اپ کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی دی گئیں۔فری میڈیکل کیمپ میں کرن مبشر انچارج ہیلتھ سروسز الخدمت ٹرسٹ، رخسانہ اقبال، ڈاکٹر رابعہ عامر ناظمہ اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔اس موقع پر الخدمت ٹرسٹ کی انچارج ہیلتھ سروسز کرن مبشر نے کہا کہ صحت اور تعلیم کی سہولتوں کا حصول ہر شہری کا بنیادی حق ہے لیکن آزادی حاصل کرنے کے 77 سال بعد لاکھوں بچے سکول سے باہر ہیں اور پسماندہ علاقوں کے عوام صحت جیسی بنیادی سہولت سے بھی محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن ٹرسٹ واحد تنظیم ہے جو نہ صرف ملک کے طول وعرض بلکہ بیرون ملک بھی انسانیت کی بھرپور خدمات انجام دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ کے متاثرین کو ضروریات زندگی کی اشیا کی فراہمی اور میڈیکل کی سہولتوں کی فراہم اور متاثرین کی بحالی کے لئے الخدمت سرفہرست ہے۔علاقہ مکینوں نے الخدمت ٹرسٹ کی اس کوشش کو سراہا اور اس طرح کے میڈیکل کیمپ ہر ماہ لگانے کی درخواست بھی کی۔ اس پسماندہ علاقہ میں الخدمت نے پہلی بار میڈیکل کیمپ لگایا جہاں لوگوں کو ماہر ڈاکٹرز کے ساتھ مشاورت اور چیک اپ کا یکساں موقع ملا۔

بقیہ بقیہ جات 43

نے یوم آزادی کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس خطے کے مسلمان پہلے ایسٹ انڈیا کمپنی کے غلام بنائے گئے اس کے بعد برطانیہ کے غلام بنے، بعدازاں قیام پاکستان کے بعد سیاسی طور پر نابالغ افراد اور طالع آزماں نے حکمرانی شروع کردی اور اب ہم مقامی سطح پر آئی پی پیز، ناکام سرکاری اداروں اور بین الاقوامی سطح پر آئی ایم ایف کیے غلام ہیں۔آئی پی پیز اور ناکام سرکاری اداروں سے چھٹکارا پائے بغیر آئی ایم ایف سے نجات اور ملکی ترقی ناممکن ہے۔میاں زاہد حسین نے کہا کہ ملک میں اب تک معیاری نظام عدل بھی نافذ نہیں ہوسکا ہے اور نہ ہی دولت کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا سکا ہے۔آزادی کے 77 سال بعد بھی معیشت تباہی سے دوچار ہے اور عوام کی حالت دن بدن بگڑ رہی ہے۔ ناکام سرکاری ادارے سالانہ 1200 ارب روپے چوس رہے ہیں جبکہ آئی پی پیز کو 2100 ارب روپے سالانہ کیپسٹی پیمنٹ کے نام پر ادا کیے جارہے ہیں ملکی نظام اشرافیہ کے گھر کی لونڈی بنا ہوا ہے۔دہشتگردی جاری ہے اور روزانہ قوم کے فوجی جوان مادر وطن کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کی شہادتیں دے رہے ہیں اس وقت ملک کا ہر شعبہ زبردست اصلاحات کا متقاضی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

روڈ پر معمول کے گشت پر تھے۔ٹیکٹیکل پولیس افسر (سی ٹی پی) اوقاسم علی خان نے بتایا کہ دھماکے کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔انہوں نے بتایا کہ اس کے علاوہ 3 شہری بھی زخمی ہوئے، زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ہسپتال منتقل کیا جارہا ہے۔بم ڈسپوزل اسکواڈ (بی ڈی یو) کے سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس پی) ارشد نے کہا کہ دھماکے میں 4 سے 5 کلو بارودی مواد استعمال کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ دھماکا ریموٹ کنٹرول کے ذریعے کیا گیا، جائے وقوع سے کچھ مشکوک افراد کو حراست میں لیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 45

مباحثوں کی سب سے بڑی تعداد دیکھنا چاہتی ہے۔یہ صورت حال مباحثوں کی طاقت کو دریافت کرنے کی ضرورت کی نشاندہی کر رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے اسی وجہ سے ہیریس کو تین مباحثوں میں چیلنج کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ انہوں نے چیلنج کی حد کو بڑھاتے ہوئے مزید کہا کہ میں نہ صرف یکم اکتوبر کو سی بی ایس کی طرف سے بلائے گئے مباحثے کو قبول کرتا ہوں بلکہ میں 18 ستمبر کو سی این این کے مباحثے کو بھی قبول کرتا ہوں۔ میں آپ دونوں کو دیکھنے کا منتظر رہوں گا۔ان کی یہ پوسٹ ٹم والز کی پوسٹ کے جواب میں آئی ہے۔اس سے قبل ٹم والز نے کہا تھا کہ اس نے آئندہ اکتوبر کے اوائل میں اپنے مخالف کے ساتھ مباحثہ کرنے کے لیے سی بی ایس کی دعوت قبول کر لی ہے۔گزشتہ چند دنوں سے دونوں افراد نے اپنی اپنی تاریخ کے پس منظر میں شدید حملوں اور تنقید کا تبادلہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

مطابق صبح 7 بجکر 35 منٹ پر محسوس کیا گیا جس کی گہرائی 7.9 کلومیٹر (02.6 میل) تھی۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جزیرے تائیوان میں یہ دوسرا زلزلہ محسوس کیا گیا، اس سے قبل جمعرات کو رات گئے تائیوان کے شمال مشرقی ساحل پر 7.5 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے تھے۔تائیوانی حکام کے مطابق زلزلے سے فوری طور پر کسی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے مطابق رات 10 بجے کیقریب پیش آیا جب معمول کی پرواز کے دوران اس کے ایک انجن میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے آگ لگ گئی۔عملہ طیارے کو رہائشی علاقوں سے دور لے جانے میں کامیاب ہو گیا جس کی وجہ سے زمین پر کوئی شہری ہلاک یا زخمی نہیں ہوا اور نہ ہی کسی اور طرح کا کوئی نقصان نہیں ہوا۔طیارے میں 4 پائلٹ موجود تھے جن میں سے تین زخمی اور ایک شدید زخمی تھا جو بعد میں ہسپتال میں دم توڑ گیا۔رپورٹ کے مطابق طیارہ ایک ویران علاقے میں گرا اور اس کے گرنے کے بعد متعدد دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حادثہ تکنیکی خرابی کی وجہ سے پیش آیا کیونکہ مبینہ طور پر طیارہ ٹیک آف کے چند منٹ بعد حادثے کا شکار ہوگیا۔ٹی یو۔22M3 طویل فاصلے مار کرنے والے بمبار طیارہ ہے جو جوہری وار ہیڈ لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسے 1970 کی دہائی میں روسی فضائیہ میں شامل کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 48

کردہ ایک رپورٹ کے مطابق ٹیکل کیپ میں دو سپر چارجنگ سٹیشنز ہیں۔اسٹیٹ گرڈ نے رواں سال کی دوسری ششماہی میں بیجنگ کے مختلف ڈسٹرکٹس میں 9 سپر چارجنگ اسٹیشنز تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، جس کے بعد ان کی کل تعداد 11 ہوجائے گی۔ 11 سپر چارجنگ سٹیشنز کی کل روزانہ اوسط سروس کی گنجائش 000,8 گاڑیاں ہیں، جو کار مالکان کو زیادہ موثر اور الٹرا فاسٹ چارجنگ سروسز فراہم کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 49

نے برصغیر پاک و ہند پر قبضہ کرنے کے بعد یہ دونوں بنائے تھے اور سب جانتے ہیں کہ برطانیہ نے اپنا راج مستحکم کرنے کیلئے ان کو مضبوط کیا ،انہوں نے کہا کہ پاکستان بننے کے بعد ان دونوں اداروں اور بعض بیوروکریٹس جرنیلوں ، ججوں ،اور مذہبی جماعتوں اور گروپوں نے اسٹیبلشمنٹ کی بنائی ہوئی جماعتوں اور حکمرانوں نے جو کچھ کیا ان کا کیا بنے گا یہ تو معلوم نہیں تاہم یہ دونوں اگر اپنے آپ کو اچھا کرنے کی طرف چل پڑے ہیں تو ان پر تنقید کرنے کی بجائے ان کی حمایت اور حوصلہ افضائی کرنے چاہیے، جہانگیر اشرف وٹیس نے کہا کہ پاکستان بنے 70 سال ہوگئے مگر لگتا ہے کہ جیسے پاکستان بنا ہی نہیں ابھی تک برطانوی راج چل رہا ہے، اس طرز سیاست کو ختم کرنے کی طرف حالات چل پڑے ہیں یہ سلسلہ رکنے والا نہیں ہے اب عوام کو حقیقی آزادی اور خود مختاری نصیب ہونے کا وقت آن پہنچا ہے انہوں نے کہا کہ امریکہ اور یورپ کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے براعظم ایشیا کی قسمت بہتری کی طرف بدلتی نظر آرہی ہے اس ماحول میں پاکستان کے مقتدر حلقوں کو اس طرف دیہان دیکر اپنے کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 50

آنے والے بچوں کو آزادی کا جشن ملنا بھی میسر نہیں ہوسکے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قائداعظم برتھ پلیس وزیر مینشن پر آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کی جانب سے پرچم کشائی اور سالگرہ کیک کٹنگ کی تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کے چیئرمین شرجیل گوپلانی ،وائس چیئرمین یعقوب بالی، جنرل سیکریٹری احمد شمسی، زاہد امین، چوہدری ایوب، اسماعیل لالپوریہ ،ایس ایس پی سٹی عارف عزیز، ڈی ایس پی کھارادر ارشد جنجوعہ، ڈی ایس پی بغدادی ظفر اقبال، پی پی سینئر رہنماء آصف خان جوجی پٹنی، وزیر مینشن کے کسٹوڈین منیر حسین خیال، معروف صحافی عبدالستار آزاد، معروف کاروباری شخصیت پی پی ہیوسٹن امریکا کے نائب صدر توفیق ڈانڈیا، عاطف نورانی، سید جواد بابو، منیر علی اکبر، علی زیب ہوتھا، عبدالستار گھانچی اور دیگر موجود تھے۔نجی عالم نے کہا کہ آج یوم پاکستان کے موقع پر بابائے قوم محمد علی جناح کی رہائش گاہ پر منعقدہ تقریب میں کچھ باتیں کہنا چاہتا ہوں کہ جشن آزادی پر ہمیں آپس میں اتحاد قائم رکھنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور کراچی میں دہشت گرد ابھی بھی حملے کر رہے ہیں، اس کے لیے سب چیزوں کا خاتمہ اتحاد اور منظم اور ایک قوم بن کر رہ سکتے ہیں، اگر آج ہم مل کر نہیں بیٹھے تو ملک کو مزید نقصان ہوگا ایک ایجنڈے پر کام کرکے ہم ملک کو آگے لیکر جا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت کراچی والے ماحولیاتی تبدیلی کا مقابلہ کررہے ہیں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ ہوگا ہمیں پودے لگانے کی ضرورت ہے تاکہ اس شہر کو آلودگی سے بچائیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری فورسز وطن کی محافظ ہے اسکے خلاف جو سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا چل رہا ہے اس کی مذمت کرتے ہیں ہمیں صرف 14 اگست منانا نہیں ہے اس کی ذمہ داری بھی پوری کرکے حکومتی سطح پر بھی کام کرنے کی ضرورت ہے۔اس موقع پر شرجیل گوپلانی نے کہا کہ 77 ویں جشن آزادی پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں آج دراصل تجدید عہد وفا کا دن ہے ملک کے لیے جو قربانیاں پیش کی ہیں اس کا احساس اور ذمیداری پورے کرنے کا دن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

معنوں میں عملدرآمد کے لیے اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔مفادات کی سیاست ملک کو تباہی ہے حکومت سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ قومی مفاد میں کام کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے امن کونسل کی جانب سے مرکزی امن سیکریٹریٹ شیر شاہ میں 77 ویں یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے اپنی زیر صدارت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے مفتی محمد عدنان مدنی، مولانا محمد عکاشہ ودیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے کہا کہ قیام پاکستان کے مقاصد کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ملکی مسائل و بحرانوں کے حل کے لیے مقاصد پاکستان کی تکمیل انتہائی ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ملک ان گنت مسائل و بحرانوں کا شکار ہے قوم کا بچہ بچہ بیرونی قرضوں کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی، لوٹ مار اور کرپشن عروج پر ہے طارق مدنی نے کہا کہ حکمران اپنا قبلہ درست کریں ورنہ ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے تقریب میں مفتی محمد عدنان مدنی نے ملکی سلامتی، ترقی و خوشحالی اور شہدائے پاکستان کے درجات کی بلندی کے لیے رقت آمیز دعا بھی کی۔

بقیہ بقیہ جات 52

کو قوم کی تاریخ اور وطن کے لیے جدوجہد اور ان کی ذمے داریوں سے آگاہ کرتے ہوئے مستقبل کے معماران وطن تیار کیے جاتے ہیں، یہ اللہ کا احسان عظیم ہے کہ ہم ایک آزاد مملکت میں جی رہے ہیں، اس آزادی کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے وطن کی تعمیر وترقی اور سلامتی واستحکام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ہمیں کوئی طشت میں رکھ کر پیش نہیں کیا گیا، بلکہ یہ لاکھوں جانوں کی قربانی دے کر حاصل کیا گیا اور اس کو بنانے سنوارنے میں لوگوں نے اپنی پوری زندگیاں صرف کردیں۔بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح نے اپنے رفقا کے ساتھ طویل جدوجہد کرتے ہوئے چومکھی لڑائی لڑی جس کے ایک فریق قابض انگریز تھے تو دوسری جانب شاطر ہندو جب کہ ان کے درمیان اپنی ہی صفوں میں بیٹھے ہوئے کچھ غدار بھی لیکن عزم مسلسل سے قائد اعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن حاصل کیا۔افسوس وہ آزاد وطن کی فضا میں زیادہ عرصہ نہ رہ سکے اور صرف ایک سال بعد ہی وفات پا گئے جس کے بعد پاکستان کی کشتی کنارے نہیں لگ سکی۔قائد اعظم کیسا پاکستان چاہتے تھے اس کا اندازہ ان کے فرمودات سے ہوجاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کمشنر کراچی سید حسان نقوی تھے میزبان اور الخیر ٹرسٹ کے چیئرمین محمد طاہر انصاری نے شرکا کو بتایا کہ الخیر ٹرسٹ نے کراچی کو سرسبز بنانے کے لئے لیاری ایکسپریس وے کے اطراف نالوں کے اردگرد ایک لاکھ پودے لگانے کا سلسلہ شروع کیا ہے اور اب تک بیس ہزار سے زائد پودے لگائے جاچکے ہیں اور یہ سلسلہ پورے شہر میں جاری رہیگا آج کی تقریب بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کے تحت کورنگی انڈسٹریل ایریا سمیت کورنگی بھر میں دس ہزار پودے لگائے جائینگے آج ایک ہزار پودے لگا کر اسکا افتتاح کردیا گیا ہے اور کمشنر کراچی کی آمد ہمارے لئے خوشی اور حوصلے کا باعث ہے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کراچی سید حسان نقوی نے کہا کہ مجھے بڑی مسرت ہوہ ہے کہ فلاحی ادارے شہر کی خوبصورتی اور آلودگی سے پاک فضا کے قیام کے لئے جدوجہد کررہیں ہیں ان شاءاللہ ہم ان کے شانہ بشانہ ہونگے اور ہماری تمام خدمات ان کو حاصل ہوگی کمشنر نے کہا کہ شہر کو آلودگی سے پاک اور سرسبز بنانا ہر شہری کی ذمہ داری ہے اور جو ادارے اس نیک کام کو سرانجام دیرہیں ہیں انکی حوصلہ افزاء ہم سب پر لازم ہے انہوں نے مزید کہا کہ فلاحی اداروں اور عوام کے تعاون سے کراچی کو ان شاءاللہ گرین سٹی بنائینگے تقریب میں محمد صدیق شیخ ※ ملک محمد رشید ※ ماہر ماحولیات ڈاکٹر کنول ناظم ※ ڈاکٹر عزیر ※ مفتی اشرف ،امداداللہ اور دیگر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 54

پٹی میں جنگ بندی کے مذاکرات کے بارے میں بولٹن نے کہا کہ دوحہ بات چیت میں حماس کی عدم شرکت نے ان مذاکرات کی کامیابی کے امکانات کم کردیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

سیاحت کی جانب سے جاری رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ سال کے دوران خریداری کے لیے آنے والے سیاحوں کے اخراجات 5.25 ارب ریال سے تجاوز کر گئے جبکہ ٹرانسپورٹیشن پر خرچ تقریبا 5.21 ارب ریال تھا۔رپورٹ میں کہا گیا کہ خوراک اور مشروبات پر 4.19 ریال خرچ کیے گئے جبکہ دیگر مقاصد پر اخراجات 5.25 ریال سے زیادہ رہے۔سیاحوں کی جانب سے تفریح پر اخراجات 4 ارب ریال سے زیادہ تھے۔گزشتہ سال کے دوران ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کی کل تعداد 109 ملین سے زیادہ رہی۔ان میں 27 ملین سے زیادہ غیر ملکی سیاح شامل تھے۔اس سے قبل عالمی تنظیم سیاحت بیرومیٹر نے نومبر 2023 کے حوالے سے رپورٹ میں کہا تھا کہ غیر ملکی سیاحوں کی تعداد میں اضافے کی شرح کے حوالے سے سعودی عرب جی 20 میں سرفہرست اور دنیا بھر میں دوسرے نمبر پر ہے۔واضح رہے کہ سعودی عرب دنیا میں سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والا ملک ہے جس میں سال بھر دنیا بھر سے آنے والے زائرین کی میزبانی کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

آگ لگادی جس کے نتیجے میں 1 فلسطینی شہید اور 1 زخمی ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 57

کام باقی ہے۔معاہدے کی پیچیدگی کو دیکھتے ہوئے پہلے روز کسی معاہدے تک پہنچنے کی امید نہیں تھی۔ادھر برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے کہا کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کے حوالے سے قطر میں ہونے والی بات چیت عالمی استحکام کے لیے ایک اہم لمحہ ہے جو مشرق وسطی کے مستقبل کا تعین کر سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

جاری کردیے گئے ۔ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ساہیوال کے سب انسپکٹر ندیم انور عاصم کو کینسر کے علاج کیلئے اڑھائی لاکھ روپے دیئے گئے، کانسٹیبل سید شمشاد حسین کو طبی اخراجات کیلئے 02 لاکھ روپے جاری، ساہیوال پولیس کے ریٹائرڈ انسپکٹر محمد اسحاق کو عارضہ جگر کے علاج کیلئے 02 لاکھ 50 ہزار روپے دیئے گئے، گجرات کے کانسٹیبل ندیم عامر (مرحوم) کی اہلیہ کو وہیل چیئر کیلئے ڈیڑھ لاکھ روپے دیئے گئے، لاہور پولیس کے اے ایس آئی محمد شفیق اور ہیڈ کانسٹیبل رب نواز خان کو علاج کیلئے 01 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔سپیشل برانچ کے اے ایس آئی محمد اشفاق انجم ،پی سی کانسٹیبل محمد محسن اسد کو طبی اخراجات کیلئے 01 لاکھ روپے جاری ۔ میانوالی کے اے ایس آئی شوکت جاوید خان اور پی سی فاروق آباد کے سلطان احمد کو علاج معالجے کیلئے 01 لاکھ روپے فی کس دیئے گئے ۔تمام فنڈز ویلفیئر برانچ کی سکروٹنی کمیٹی کی منظوری سے جاری کیے گئے ۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہیلتھ مسائل سے دوچار کسی پولیس ملازم یا اس کے اہلخانہ کو بیماری میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، آر پی اوز، ڈی پی اوز فورس کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے ترجیحی اقدامات جاری رکھیں۔

صوبائی وزیر بلال یاسین کی زیر صدارت عرس مبارک حضرت داتا صاحب کے انتظامات بارے جائزہ اجلاس

سیکرٹری اوقاف سید طاہر رضا بخاری نے 3 روزہ تقریبات کے انتظامات بارے آگاہ کیا، ڈی سی لاہور سید موسی رضا نے عرس مبارک کی مجموعی تیاریوں بارے تفصیلی بریفنگ دی

زائرین ہمارے مہمان، گزشتہ سال سے بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، صوبائی وزیر بلال یاسین

لاہور (سپیشل رپورٹر) عرس مبارک حضرت علی بن عثمان الہجویری المعروف داتا صاحب کے انتظامات بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین کی زیر صدارت اجلاس میں سکیورٹی و دیگر تیاریوں بارے بریفنگ دی گئی، سیکرٹری اوقاف سید طاہر رضا بخاری نے 3 روزہ تقریبات کے انتظامات بارے آگاہ کیا، ڈی سی لاہور سید موسی رضا نے عرس مبارک کی مجموعی تیاریوں بارے تفصیلی بریفنگ دی، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور نے سکیورٹی اور کیمروں سے نگرانی بارے آگاہ کیا، 4000 سکیورٹی اہلکار ڈیوٹی کے فرائض

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

ایس ایس پی رینک پر پروموٹ ہونے والے پولیس افسران کو رینک لگانے کی تقریب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سینئر افسران نے ایس ایس پی پروموٹ ہونے والے افسران کو نئے عہدے کے رینک لگائے۔

محکمانہ ترقی ہر افسر کے کیریئر کا اہم حصہ ہے اور درحقیقت پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں اضافے کی عکاس ہے، آئی جی پنجاب

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ایس ایس پی رینک پر پروموٹ ہونے والے پولیس افسران کو سنٹرل پولیس آفس میں منعقدہ تقریب میں نئے عہدے کے رینک لگائے ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے افسران کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ محکمانہ ترقی ہر افسر کے کیریئر کا اہم حصہ ہے اور درحقیقت پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں اضافے کی عکاس ہے، آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ تمام افسران پہلے سے زیادہ محنت اور خلوص نیت سے کام کرتے ہوئے بطور مثالی لیڈر ترقی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

لاہور، صوبائی وزیر بلال یاسین عرس داتا صاحب کے موقع پر سکیورٹی و دیگر تیاریوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

استحکام پاکستان کیلئے قیام پاکستان والے جذبہ اپنایا جائے' متحدہ علما کونسل

ملک عزیز میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے ہم ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل طور پر کھڑے ہیں

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علما کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالمالک، مولانا عبدالرؤف ملک، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا سردار محمد خان لغاری، صاحبزادہ قمر الحق سیالوی، ڈاکٹر محمد سرفراز اعوان، ڈاکٹر حافظ عاطف وحید اور سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حافظ محمد سلیم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ استحکام پاکستان کیلئے قیام پاکستان والے جذبہ اپنایا جائے، اسلام کے سنہری اصولوں کو اپنانے سے ہی ہم ملک دشمن قوتوں کو موثر طریقے سے شکست دے سکتے ہیں۔

چہلم حضرت امام حسین پر جلوس ومجالس والے علاقوں میں موبائل سروس بند رہے گی

صوبائی محکمہ داخلہ نے پنجاب کے دس اضلاع میں موبائل فون کی بندش کا تعین کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چہلم حضرت امام حسین پر موبائل سروس صرف جلوس ومجالس والے علاقوں میں جزوی طور پر بند رہے گی اور محکمہ داخلہ پنجاب نے دس اضلاع میں موبائل فون کی بندش کا تعین کر لیا۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق راولپنڈی، جھنگ، لیہ، سرگودھا، بھکر، میانوالی، گجرات، گوجرانوالہ، چکوال، اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے اضلاع میں موبائل فون سروس جزوی معطل ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے موبائل سروس صرف جلوس اور مجالس والے علاقوں میں جزوی طور پر معطل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ دس اضلاع میں مجالس کے مقامات پر صبح پانچ سے رات گیارہ بجے تک موبائل سروس بند رہے گی۔

گزشتہ مالی سال ڈسکوز کے نقصانات 590 ارب روپے تک رہنے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ مالی سال کے دوران بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کے مجموعی نقصانات 5 سو 90 ارب روپے رہنے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محمد ادریس کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پاور کا اجلاس ہوا جس میں حیدرآباد کو بجلی فراہم کرنے والی کمپنی (حیسکو) کے سی ای او نے کہا کہ اس کے 46 فیڈر 80 سے 90 فیصد اوور لوڈڈ ہیں، حیسکو میں 60 سے 80 فیصد نقصانات والے فیڈرز پر 12 گھنٹے لوڈ شیڈنگ کی جاتی ہے۔ سیکرٹری پاور ڈاکٹر فخر عالم عرفان نے بتایا کہ حکومتی پالیسی کے مطابق جہاں جتنا زیادہ نقصان اتنی زیادہ لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے۔

فائر وال کی تنصیب وانٹرنیٹ بندش کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں بھی درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) فائر وال کی تنصیب و انٹرنیٹ بندش کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں بھی درخواست دائر کر دی گئی۔ سینئر صحافی حامد میر نے وکیل ایمان مزاری کے ذریعے درخواست دائر کی، درخواست میں سیکرٹری کابینہ، سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی)، سیکریٹری داخلہ، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) اور وزارت انسانی حقوق کو فریق بنایا گیا ہے۔ انہوں نے درخواست میں استدعا کی کہ شہریوں کے بنیادی حقوق متاثر کرنے والی فائر وال کی تنصیب کو روکا جائے۔

ہائیکورٹ کا سڑکوں پر معیاری ٹائر کلرز لگانے کا حکم

پنجاب حکومت کے اسموگ کے حوالے سے اقدام کی تعریف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سڑکوں پر معیار ٹائر کلرز لگانے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے تدارک سموگ سے متعلق ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ ماحولیات، ایل ڈی اے سمیت دیگر محکموں کے افسران رپورٹس سمیت پیش ہوئے، سینئر لیگل ایڈوائزر واسا میاں عرفان اکرم نے عملدرآمد رپورٹ پیش کی۔ وکیل ایل ڈی اے نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ گرین بیلٹ اور پارکس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی نے چھینی گئی نومولود بچی ماں کو واپس دلوادی

سسرال والوں نے بچی پیدا ہوتے ہی ماں سے چھین لی تھی' ترجمان سیف سٹیز

لاہور (کرائم رپورٹر) ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی نے چھینی گئی نومولود بچی ماں کو واپس دلوادی۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق سسرالیوں کی جانب سے بچی پیدا ہوتے ہی ماں سے چھین لی گئی، جس پر ملتان روڈ نواز شریف ہسپتال سے ورچوئل چائلڈ سیفٹی سینٹر میں بچی چھننے کی کال موصول ہوتے ہی پولیس کو موقع پر روانہ کیا گیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق متاثرہ خاتون کے سسرال والوں نے تشدد کر کے اسے گھر سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

لاہور، جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے پروفیسر اسحاق میو خطاب کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ایس ایس پی رینگ پر پروموٹ ہونے والے افسران کو سنٹرل پولیس آفس میں منعقدہ تقریب میں رینگ لگا رہے ہیں

این ڈی ایم اے نے استور میں سیلابی صورتحال سے متاثرہ سیاحوں کو ریسکیو کرنے کے لیے فوری ایکشن لے لیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر این ڈی ایم اے نے استور میں سیلابی صورتحال سے متاثرہ سیاحوں کو ریسکیو کرنے کے لیے فوری ایکشن لے لیا اور سیلابی ریلے سے متاثرہ علاقے میں غیر ملکی سیاحوں کے محفوظ ہونے کی رپورٹ پیش کر دی گئی۔ جمعہ کو وزیر اعظم آفس کیمیڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دو اطالوی اور ارجنٹینا سے تعلق رکھنے والا ایک سیاح محفوظ اور متاثرہ علاقے سے دور ہیں، فینہ پل کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ این ڈی ایم اے اور متعلقہ ادارے حالات کا جائزہ لے رہے ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کیلئے تیار ہیں۔

پاکستان کیخلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے' سنی علما کونسل

پاکستان ہے تو ہم ہیں، ہماری زندگی کا مقصد پاکستان کی خدمت ہے' مولانا محمد احمد لدھیانوی

لاہور (این این آئی) سنی علما کونسل پاکستان کے سربراہ مولانا محمد احمد لدھیانوی نے کہا ہے کہ پاکستان کیخلاف کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے، یہ ملک ہمارے آبا اجداد نے بڑی قربانیوں اور جدوجہد کے بعد حاصل کیا ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، اور ہماری زندگی کا مقصد پاکستان کی خدمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر سنی علماء کونسل پنجاب مو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

ختم نبوت کانفرنس اسلام سے محبت، ایمان کی تازگی کیلئے ہوگی' جے یو آئی

07 ستمبر کو مینار پاکستان لاہور میں ہونے والی عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس اپنی مثال آپ ہوگی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ختم نبوت کانفرنس اسلام سے محبت، ایمان کی تازگی کیلئے ہوگی، 07 ستمبر کو مینار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

نوجوان ڈیجیٹل دنیا میں روزگار کیلیے انفارمیشن ٹیکنالوجی کو اپنائیں، وزیر اعلی سندھ

نوجوان ای۔کامرس، اے آئی اور دیگر ٹیکنالوجیز کو اپنائیں تاکہ خود انحصاری حاصل کریں، مراد علی شاہ

صوبہ سندھ کی 10 سرکاری جامعات میں ایک ہزار طلبہ کو گوگل کیریئر سرٹیفکیٹ اسکالرشپس دینے کا معاہدہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے زور دیا ہے کہ آج کی ڈیجیٹل دنیا میں روزگار کے مواقع تلاش کرنے کیلیے نوجوان انفارمیشن ٹیکنالوجی کو اپنائیں، آئی ٹی سیکٹر میں ایسے کئی ہنر موجود ہیں جن کے ذریعے گھر بیٹھے روزگار حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں دس سرکاری جامعات اور ٹیک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

پاکستان کو گھمبیر مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے' مسرت جمشید چیمہ

اپیل ہے کہ جبر اور تشدد کے راستے کو چھوڑ کر مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھا جائے' سینئر رہنما پی ٹی آئی

بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ملک کے حالات میں سدھار لانے کیلئے ہمیشہ مثبت پیشرفت کی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان کو گھمبیر مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، اپیل ہے کہ جبر اور تشدد کے راستے کو چھوڑ کر مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ملک کے حالات میں سدھار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

پاکستان کا قیام لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے' پروفیسر اسحاق میو

مملکت خداداد پاکستان کا قیام عطیہ خداوندی اور ہمارے اسلاف کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے

پاکستان ہمارے آباؤ اجداد کی لازوال قربانیوں سے وجود میں آیا اس کی قدر کرنی چاہئے' طلباء سے خطاب

لاہور (این این آئی) آل پاکستان کالج فارمیسی ایسو سی ایشن کے مرکزی چیئرمین پروفیسر اسحاق میو نے کہا ہے کہ پاکستان کا قیام لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کا نتیجہ ہے، مملکت خداداد پاکستان کا قیام عطیہ خداوندی اور ہمارے اسلاف کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے، پاکستان ہمارے آباؤ اجداد کی لازوال قربانیوں سے وجود میں آیا اس کی قدر کرنی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کا فیصلہ خلاف شریعت ہے' مرکزی علماء کونسل

مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کیخلاف حکومت اور اپوزیشن کا متحد ہونا خوش آئند ہے

قادیانی رعایت کے مستحق نہیں، ملک کو مزید انتشار میں نہ دھکیلا جائے' صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کا فیصلہ خلاف شریعت ہے، مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کیخلاف حکومت اور اپوزیشن کا متحد ہونا خوش آئند ہے، قادیانی رعایت کے مستحق نہیں، ملک کو مزید انتشار میں نہ دھکیلا جائے۔ ان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں

الخدمت ویمن ونگ ٹرسٹ

لاہور کے زیر اہتمام

فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

لاہور (این این آئی) الخدمت ویمن ونگ ٹرسٹ لاہور کے زیر اہتمام منصورہ کی نواحی آبادی خیابان قائد میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس سے آبادی کی تین سو سے زائد خواتین اور بچوں نے استفادہ کیا۔ فری میڈیکل کیمپ میں مجموعی طور پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

ستر سال بعد بھی آزادی کے حقیقی مقاصد حاصل نہیں کئے جاسکے ہیں، میاں زاہد حسین

وزیراعظم کا بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان اندھیرے میں امید کی کرن ہے

آزادی کے بعد ہم آئی ایم ایف کے غلام بن گئے ہیں، چیئرمین نیشنل بزنس گروپ

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ اور نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم وآل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کو 77 سال گزر گئے ہیں مگر آزادی کے حقیقی مقاصد حاصل نہیں کئے جاسکے ہیں۔ قوم کو 77 سال بعد بھی اپنی منزل نہیں ملی اور وہ اندھیرے میں بھٹک رہی ہے۔ میاں زاہد حسین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

پشاور میں پولیس وین کے قریب دھماکا، 2 پولیس اہلکاروں سمیت 5 افراد زخمی

پشاور (این این آئی) پشاور میں پولیس وین کے قریب دھماکے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 5 زخمی ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق پشاور کے علاقے مچنی گیٹ میں پولیس وین کے قریب آئی ای ڈی دھماکا اس وقت ہوا جب کہ اہلکار روسک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ڈی سی لاہور سید موسی رضا کے ہمراہ ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر رہے ہیں

وزیر تعلیم کا کنیئرڈ سکول فار گرلز کا اچانک دورہ سہولیات کا جائزہ لیا

کم روشنی پر اظہار برہمی، مالی وکنٹین کا مسئلہ حل کرنے کی ہدایت، ترقیاتی کام پر مامور مزدوروں کو گلے لگایا، حوصلہ افزائی کی

وزیر تعلیم نے سکول میں ترقیاتی کام کرنے والے مزدوروں کو بھی گلے لگایا اور ان کی حوصلہ افزائی کی

لاہور (خبر نگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے گورنمٹ کنیئرڈ سکول فار گرلز کا اچانک دورہ کیا جہاں انہوں نے تدریسی امور کا جائزہ لیا، طالبات کی حاضری چیک کی اور تدریس میں مصروف اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی۔ وزیر تعلیم نے سکول میں موجود سہولیات کا جائزہ لیا اور طالبات سے بھی ان سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ رانا سکندر حیات نے کلاس رومز میں روشنی کا مناسب انتظام نہ ہونے پر سخت برہمی کا اظہار کیا اور آج ہی کلاس رومز میں موجود تمام ہولڈرز میں بلب لگانے کا حکم دیا۔ طالبات کی جانب سے سکول میں کنٹین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

مباحثہ کے لیے تیار ہیں، ٹرمپ کے نائب کا ہیرس کے نائب کو چیلنج

امریکی عوام امیدواروں کے درمیان مباحثوں کی سب سے بڑی تعداد دیکھنا چاہتی ہے، بیان

نیویارک (این این آئی) امریکی صدارتی انتخابات کے لیے ریپبلکن پارٹی کے امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک امیدوار کملا ہیرس کے درمیان انتخابی مہم کی بڑھتی ہوئی گرمی کے دوران ٹرمپ کے نائب نے بھی محاذ آرائی کی حد کو بڑھا دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کے نائب جیمز وینس نے ہیرس کے نمائندے ٹم والز کو پلیٹ فارم ایکس اپنی ایک پوسٹ میں کہا کہ امریکی عوام بلاشبہ امیدواروں اوران کے نائبین کے درمیان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

راولپنڈی، مری روڈ پر لگے ایک سٹال سے شہری جوتے خرید رہے ہیں

تائیوان 6.3 شدت کے زلزلے سے لرز اٹھا

زلزلے سے فوری طور پر کسی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی، حکام

تائی پے (این این آئی) تائیوان میں 6.3 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق زلزلے کے جھٹکے تائیوان کے مشرقی شہر ہوالین سے 34 کلومیٹر دور محسوس کئے گئے، جس سے دارالحکومت تائی پے کی عمارتیں لرز گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تائیوان کی موسمی انتظامیہ کے مطابق زلزلہ مقامی وقت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

روسی بمبار طیارہ گر کر تباہ، ایک پائلٹ ہلاک، 3 زخمی

عملہ طیارے کو رہائشی علاقوں سے دور لے جانے میں کامیاب، کوئی شہری ہلاکت نہیں ہوئی

ماسکو (این این آئی) روسی فضائیہ کا سپر سونک بمبار طیارہ جنوب مشرقی سائبیریا کے علاقے ارکتسک میں گر کر تباہ ہونے کے نتیجے میں ایک پائلٹ ہلاک جبکہ 3 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روس کی وزارت دفاع نے بتایا کہ ٹی یو۔ 22M3 طویل فاصلے تک مار کرنے والے سپر سونک بمبار طیارے کو حادثہ گزشتہ روز مقامی وقت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

بلوچستان، دالبندین میں بجلی کے کھمبوں سے لٹکی 5 لاشیں برآمد

چاغی (این این آئی) ضلع چاغی کے شہر دالبندین میں بجلی کے کھمبوں سے لٹکی 5 لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ لیویز ذرائع نے بتایا کہ لاشوں کو سول ہسپتال دالبندین منتقل کر دیا گیا، بجلی کے کھمبوں سے لٹکی لاشوں کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی۔ لیویز ذرائع نے بتایا کہ پانچوں افراد کو گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج سے متصل آبادی والے علاقے میں بجلی کے کھمبوں سے باندھا گیا تھا، تمام افراد کو گولیاں مار کر قتل کیا گیا۔

سوئیڈن میں منکی پاکس کے نئے ویرینٹ کا پہلا کیس سامنے آگیا

سٹاک ہوم (این این آئی) اسکینڈ یوین ملک سوئیڈن میں منکی پاکس کے نئے ویرینٹ کا پہلا کیس سامنے آگیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ سوئیڈش پبلک ہیلتھ ایجنسی کے مطابق اسٹاک ہوم میں ایک شخص میں منکی پاکس کے نئے ویرینٹ کی تشخیص ہوئی ہے۔ متاثرہ شخص نے منکی پاکس ویرینٹ کے پھیلا والے افریقی علاقے کا سفر کیا تھا۔ ایم پاکس ویرینٹ کلیڈ ون بی کا افریقی ممالک سے باہر یہ پہلا کیس ہے۔

محمود عباس کا ترک پارلیمان سے خطاب، عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے غزہ جانے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) فلسطینی اتھارٹی کے صدر محمود عباس نے ترک پارلیمان سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ غزہ ضرور جائیں گے۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے کہا کہ وہ فلسطینی رہنماؤں کے ساتھ مل کر غزہ جائیں گے۔ محمود عباس نے اپنے عربی زبان میں کیے گئے خطاب کے دوران کہا کہ میں نے غزہ جانے کا جو فیصلہ کیا ہے۔

لاہور، معروف صنعتکار چوہدری راشد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شہر قائد کو سرسبز بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے، کمشنر کراچی

کورنگی میں مزید دس ہزار پودوں کی افتتاحی تقریب سے سید حسن نقوی اور دیگر کا خطاب

کراچی (این این آئی) معروف رفاہی ادارے الخیر ٹرسٹ نے اپنے پارٹنرز پاور پلس، سیمپ، اور او ڈبلیو ڈی کے اشتراک سے سرسبز کراچی پروگرام کے تحت کورنگی انڈسٹریل ایریا میں مزید ایک ہزار پودے لگا دیئے اس موقع پر کورنگی انڈسٹریل ایریا مرتضی چورنگی پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

آزادی کا جشن منانا زندہ قوموں کی روایت ہے، حافظ احمد علی

یہ اللہ کا احسان عظیم ہے کہ ہم ایک آزاد مملکت میں جی رہے ہیں، رانا محمد صابر و دیگر کا سیمینار سے خطاب

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان (رابطہ) کے مرکزی سیکرٹری جنرل حافظ احمد علی، صدر یوتھ ونگ جے یو آئی کراچی رانا محمد صابر و دیگر نے یوم آزادی، پاکستان پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی آزادی کا جشن منانا زندہ قوموں کی نشانی اور روایت ہوتی ہے اور اس روایت کو جاری رکھتے ہوئے وطن کے نونہالوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

پاکستان اللہ کی نعمت ہے اسکا شکر ادا کرنا چاہئے، طارق مدنی

ملکی مسائل کے حل کیلئے مقاصد پاکستان کی تکمیل ناگزیر، مفتی عدنان، مولانا عکاشہ

کراچی (این این آئی) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی نے کہا ہے کہ پاکستان اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہے اس کا شکر ادا کرنا چاہیے اور وطن عزیز کی تعمیر، ترقی اور استحکام کے لئے غیروں پر انحصار کرنے کے بجائے خود انحصاری پر توجہ دینا چاہیے، امن و یک جہتی کو فروغ دینا چاہیے، اسی طرح سے مقاصد پاکستان پر بھی حقیقی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

ہم بحیثیت ایک قوم بن کر ہی مشکلات سے نکل سکتے ہیں' نجمی عالم

وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی کا قائد اعظم برتھ پلیس وزیر مینشن پر پرچم کشائی و کیک کٹنگ کی تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سید نجمی عالم نے کہا ہے کہ جشن آزادی کے موقع پر ہمیں اس بات کا عہد کرنے کی ضرورت ہے کہ ملک کو مشکلات سے نکالنے کے لیے بحیثیت ایک قوم بن کر مشکلات کا مقابلہ کریں اس وقت ہم معاشی غلامی میں جکڑے ہوئے ہیں اس سے بچ کر نہ نکلے تو شاید ہمارے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

فوج اور عدلیہ میں خود احتسابی عمل خوش آئند ہے، جہانگیر اشرف وینس

اداروں کا اپنے آپ کو ٹھیک کرنیکے عمل کو قوم پسندیدگی کی نظر سے دیکھتی ہے، صدر ڈیموکریٹک پارٹی

لاہور (پ ر) ڈیموکریٹک پارٹی کے صدر جہانگیر اشرف وینس نے فوج اور عدلیہ میں خود احتسابی کے عمل کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان دونوں اداروں نے خود ہی اپنے آپ کو موجودہ برے حال تک پہنچایا اور اگر اب یہ اپنے آپ کو ٹھیک کر رہے ہیں تو یہ اچھی بات ہے، قوم اس کو پسندیدگی سے دیکھتی ہے، انہوں نے کہا کہ برطانیہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

یہودی آباد کاروں کا فلسطینیوں پر حملہ، پہلی بار اسرائیلی صدر کی مذمت

تل ابیب (این این آئی) انتہائی نادر موقع ہے کہ اسرائیلی صدر اضحاک ہرزوگ نیکسی فلسطینی کے ہلاک کیے جانے یا یہودی آباد کاروں کے حملے مذمت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی صدر کا یہ مذمتی بیان اچانک سامنے آیا۔ جس میں انہوں نے ایک 'پوگروم' کی مذمت کی ہے۔ اسرائیلی صدر نے 'ایکس' پر لکھا 'میں اس واقعے کی مذمت کرتا ہوں۔ جو سامریہ میں پیش آیا ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

چین، سپر چارجنگ سٹیشنز کی پہلی کھیپ کو باضابطہ طور پر فعال کر دیا گیا

ایک سپر چارجنگ سٹیشن کی زیادہ سے زیادہ آؤٹ پٹ پاور 600 کلوواٹ تک جاسکتی ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) بیجنگ میں سٹیٹ گرڈ کی جانب سے تعمیر کیے گئے سپر چارجنگ سٹیشنز کی پہلی کھیپ کو باضابطہ طور پر فعال کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک سپر چارجنگ سٹیشن کی زیادہ سے زیادہ آؤٹ پٹ پاور 600 کلوواٹ تک جاسکتی ہے اور اوسطاً روزانہ سروس کی گنجائش 700 گاڑیوں تک پہنچ جاتی ہے۔ چینی میڈیا گروپ شنہوا کے مطابق جمعہ کے روز جاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

غزہ، خان یونس میں اسرائیلی فضائی حملے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے

ڈی جی ایل ڈی اے اور ڈی سی لاہور کا راوی برج توسیعی منصوبے کا دورہ

منصوبے سے یومیہ اڑھائی لاکھ سے زائد گاڑیاں مستفید ہوں گی۔ شہر کے اہم داخلی راستے پر ٹریفک کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگا۔ راوی برج توسیعی منصوبے کو جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا

راوی برج توسیعی منصوبے کا تعمیراتی کام مکمل، فنشنگ ورک جاری ہے۔ سگیاں تا بابو صابو دونوں اطراف کی سروس روڈ مکمل، فنشنگ ورک جاری ہے۔ بریفنگ

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ڈی سی لاہور سید موسی رضا کے ہمراہ ترقیاتی منصوبوں راوی برج توسیعی منصوبے اور کنٹرولڈ ایکس کوریڈور بند روڈ کا دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے اور ڈی سی لاہور کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ راوی برج توسیعی منصوبے کا تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے اور فنشنگ ورک جاری ہے۔ منصوبے سے یومیہ اڑھائی لاکھ سے زائد گاڑیاں مستفید ہوں گی۔ شہر کے اہم داخلی راستے پر ٹریفک کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گا۔ راوی برج توسیعی منصوبے کو جلد ٹریفک کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ کی لندن کے ڈپٹی میئر چانسلر محمد شکیل اکرم سے ملاقات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے لندن کے ڈپٹی میئر چانسلر محمد شکیل اکرم سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات سوشل ویلفیئر آفس لاہور میں ہوئی جہاں وزیر نے ڈپٹی میئر کا گرمجوشی سے استقبال کیا اور انہیں محکمہ سماجی بہبود کی خدمات اور فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔

ایران مشرق وسطی پر غلبہ حاصل کرنے کا خواہاں ہے، جان بولٹن

اسماعیل ہنیہ کی تہران میں ہلاکت سے ایران خطے میں اپنی مصداقیت کھو چکا ہے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی قومی سلامتی کے سابق مشیر جان بولٹن نے باور کرایا ہے کہ ایران مشرق وسطی پر غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جو بائیڈن کی انتظامیہ نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ عرب ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بولٹن کا کہنا تھا کہ ایران نے مشرق وسطی میں ایک بڑی جنگ بھڑکا دی ہے۔ حماس کے سیاسی دفتر کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کی تہران میں ہلاکت سے ایران خطے میں اپنی مصداقیت کھو چکا ہے۔ غزہ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

لاہور، پاکستان ٹیکس ایڈوائزری ایسوسی ایشن اور ملتان ٹیکس بار کے وفد کے ارکان چیئرمین اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو میاں توقیر اسلم کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

پاکستان اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری، کراچی کے صدر علامہ فیصل عزیز بندگی، جنرل سیکریٹری سید محمد شفیع قادری رضوی و دیگر نے کہا ہے کہ پاکستان کی آزادی اللہ تعالی کی عظیم نعمتوں میں سے ایک ہے جس کو حاصل کرنے کیلئے ہمارے آباء واجداد نے شہادتیں دیں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔

سعودی عرب میں غیر ملکی سیاحوں نے 141 ارب ریال خرچ کر ڈالے

سیاحوں کی جانب سے تفریح پر اخراجات 4 ارب ریال سے زیادہ تھے، وزارت سیاحت

جدہ (این این آئی) سعودی وزارت سیاحت نے کہا ہے کہ گزشتہ سال کے دوران بیرون ملک سے سعودی عرب آنے والے سیاحوں نے مجموعی طور پر 141 ارب ریال سے زیادہ خرچ کیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزارت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

اسرائیلی شدت پسندوں نے فلسطینیوں کے گھر جلا دیئے، 1 شہید

مغربی کنارہ (این این آئی) مغربی کنارے میں گزشتہ شب فلسطینیوں کے گھروں کو اسرائیلی شدت پسندوں نے آگ لگا دی، جس کے نتیجے میں 1 فلسطینی شہید اور 1 زخمی ہو گیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مغربی کنارے میں گزشتہ شب فلسطینیوں کے گھروں پر اسرائیلی شدت پسندوں نے حملے کیے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیلی شدت پسندوں نے کئی فلسطینیوں کے گھروں کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

دوحہ مذاکرات حوصلہ افزا آغاز ہے، وائٹ ہاؤس

برطانیہ اور فرانس نے بھی جنگ بندی کی حمایت کر دی، غیر ملکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے سے ایران اسماعیل ہنیہ کے قتل کے جواب میں اسرائیل پر حملہ کرنے سے گریز کر سکتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی قومی سلامتی کونسل کے ترجمان جان کربی نے کہا کہ مذاکرات ایک حوصلہ افزا آغاز ہے۔ قطری دارالحکومت میں سی آئی اے کے ڈائریکٹر ولیم برنز کی شرکت سے بات چیت کا آغاز ہوا۔ ابھی بہت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مصروف عمل

مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کو طبی اخراجات کیلئے مزید 14 لاکھ 50 ہزار روپے جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مصروف عمل ہیں، لاہور سمیت مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کو طبی اخراجات کے لئے مزید 14 لاکھ 50 ہزار روپے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا پاکستان پورٹی ایلیویشن فنڈ اور آگاہی کے زیر اہتمام یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکا کے ہمراہ گروپ فوٹو